پہلی قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

"گڑیا اب اُٹھ بھی جاو صبح کے دس بج چکے ہیں کب تک سونے کا اِرادہ ہے"

مشال آئرہ کے کمرے میں آتی اُسکو جگاتے ہوئے گویا ہوئی تھی کہ آئرہ جو صدا سے بہت گہری نیند سوتی تھی ٹس سے مس نا ہوئی تھی جبھی مشال سر کو نفی میں ہلاتے ہوئے آگے کی جانب بڑھی تھی اور کھڑکی پہ برابر ہوئے پردوں کو پیچھے کی جانب سرکایا تھا کہ سورج کی ٹمٹماتی کرنیں جب آئرہ کے چہرے پہ پڑی تب جاکے اُسے جاگ آئی تھی۔۔۔

"اوفف ہو مام کیا ہو گیا ہے سونے دیں نا مجھے بہت نیند آئی ہے"

آئرہ نے کسمساتے ہوئے جواب دیا تھا۔۔۔

"آئرہ میری جان دس بج گئے ہیں ویسے بھی تم مجھے کل بتا رہی تھی کہ کل تمہاری شوٹنگ ہے سیٹ پہ جانا ہے کسی نیو سانگ کے لیے ٹائم سے اُٹھو گی تو پہنچو گی نا"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

مشال کی بات سُنتے آئرہ جیسے بیڈ پر سے چھلانگ لگا کر نیچے اُتری تھی کہ مشال اُسکی اس حرکت پہ دل تھام کر رہ گئ تھی۔۔۔

"آرام سے گڑیا چوٹ لگ جائے گی"

"مام دس بج چکے ہیں اور آپ مجھے اب اُٹھا رہی ہیں مجھے نو بجے سیٹ پہ جانا تھا یار"

آئرہ کسلمندی سے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اب دیکھیے گا ڈائریکٹر میری جان کھا جائے گا ڈیم اٹ میں اتنی دیر کیسے سوتی رہی"

آئرہ نے افسوس کرتے کہا تھا۔۔۔

"کوئی بات نہیں بیٹا تم فریش اپ ہو جاو جلدی سے میں ناشتہ لگواتی ہوں تمہارے لیے"

مشال آئرہ کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے بولی جو اپنا موبائل پکڑتے واٹس ایپ آن کرتے ڈائریکٹر کو ٹیکسٹ کرنے میں مصروف تھی۔۔۔

"نہیں مام رہنے دیں میں سٹوڈیو جا کے ہی کچھ کھا لوں گی"

آئرہ تیزی سے کہتے ہوئے اُٹھی تھی اور واڈروب سے اپنے لیے بلیو جینز کے ساتھ بلیو جینز کی ہی شرٹ نکالی تھی اور خُود واشروم کی جانب بڑھ گئ تھی۔۔۔

"اچھا ٹھیک ہے تم ریڈی ہو کے نیچے آجاو میں تمہارے لیے فریش اورنج جوس بنوا رہی ہوں وہ پی کے جانا"

مشال کہتے ہوئے نیچے کی جانب بڑھ گئ تھی تقریباً پندرہ منٹ بعد آئرہ گیلے بالوں سمیت باہر نکلی تھی لمبے کالی زلفوں کو ڈرائیر کی مدد سے خُشک کرتے اُسنے اُنھیں یوں ہی کھلا

رہنے دیا تھا سرخ وسفید رنگت پہ نیلی گہری آنکھیں اور سرخ اناری لب جنکو ہر کوئی چھونے کی خواہش کرے سونے پہ سہاگہ سرخ اناری لبوں پہ پوری شان سے چمکتا وہ تِل جو مقابل کا سکھ وچین چُرا لے یہ تھی آئرہ دُرانی دائم دُرانی کی سب سے چھوٹی اور لاڈلی بیٹی ماں بھائی باپ ان سبکی اِس میں جان بستی تھی آئری بہت خوبصورت دلکش لیکن انتہائی ضدی تھی لاوبالی سی آئرہ سبکو اپنا اسیر کر لیتی تھی آئرہ نے اپنی گریجویشن مکمل کر لی اور اب رزلٹ کے ویٹ میں تھی اِس کے ساتھ ساتھ آئرہ کو بچپن سے ہی سنگر بننے کا شوق تھا جب وہ کالج کے فرسٹ ایئر میں تھی تب اُسنے اپنے کالج کے اینول فنکشن میں گانا گایا تھا لیکن اتفاق سے اُس فنکشن ایک مشہور ڈائریکٹر بھی مدعو تھے وہ ایک ہی دفعہ میں آئرہ کے گائے گئے گانے کے دیوانے ہو چُکے تھے اُنھیں ایسے ہی چہرے کی تلاش تھی اسی واقعہ کے کچھ ہی دنوں بعد اُنھوں نے آئرہ سے رابطہ کیا اور بتایا کہ وہ چاہتے ہیں کہ آئرہ اُنکے نیو ڈرامے کا او ایس ٹی گائے آئرہ اتنی خوش ہوئی کہ بنا کچھ سوچے سمجھے ہاں کر گئی اب سب سے بڑا مسلہ دائم کو منانا تھا دائم کا اس فیلڈ کی طرف کوئی رُجحان نہیں تھا لیکن اپنی بیٹی کی خوشی کے آگے ہار مانتے اُسنے اُسے اجازت دے دی تھی دائم راضی تھا تو باقی سب کو بھی کسی قسم کا کوئی اعتراض نہیں تھا سوائے مشال کے کیوں کے وہ چاہتی تھی کہ پہلے اُسکی پڑھائی مکمل ہو جائے پھر اُسکی مرضی وہ جو بھی کرنا چاہے ہے لیکن آئرہ ضد پہ اڑ چُکی تھی ساتھ ہی اُسنے وعدہ لیا تھا کہ وہ اپنی پڑھائی ضرور مکمل کرے گی اور اُسنے اپنا وعدہ پورا کر کے بھی دِکھایا تھا گریجویشن مکمل ہو جانے سے پہلے آئرہ نے دو گانے ہی گائے

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

تھے اور دونوں ہی گانے شہرت کی بلندیوں کو چھو چکے تھے آئرہ اب ایک سیلیبرٹی بن چکی تھی ہر کوئی اُسکی آواز کا دیوانہ تھا۔۔۔

...

"رائم میری جان پلیز چل نا یار ہر وقت تو آفس میں بزی ہوتا ہے ہر وقت بزنس میں خُود کو اُلجھا کے رکھتا ہے کبھی میرے لیے بھی وقت نکال لیا کرنا"

صائم رائم کا بیسٹ فرینڈ اُسکی گردن میں ہاتھ ڈالتا گویا ہوا تھا۔۔۔

"اچھا ٹھیک ہے میں چل رہا ہوں پہلے مجھے چھوڑ تو دے لگ رہا ہے جیسے میری بیوی مجھے شاپنگ پہ لے جانے کے لیے منتیں کر رہی ہے"

رائم مسکراتے ہوئے گویا ہوا تھا۔۔۔

"کاش یار اگر میں لڑکی ہوتا نا تو قسم سے تُجھ سے شادی کر لیتا کیا بندہ ہے یار تو کتنا ہاٹ اور ڈیشنگ ہے پورے پاکستان کی لڑکیاں مرتی ہوں گی تُجھ پہ"

صائم ہنستے ہوئے گویا ہوا کہ رائم اُسکو گھورنے لگا۔۔۔

"کیا ہوا ہے یار ایسے کیوں گھور رہا ہے جیسے کھا ہی جائے گا"

"فضول ہی بولتا ہے جب بھی بولتا ہے تو"

رائم نے منہ بسورتے کہا تھا اور پارکنگ ایریا کی جانب تیز تیز بڑھنے لگا تھا۔۔۔

"اوئے رائم اوئے یار رُک تو سہی اپنی خوصورت جوان بیوی کو یوں تن تنہا پارکنگ ایریا میں چھوڑ جائے گا"

صائم کے کہنے پہ رائم مسکرائے بنا نہیں رہ سکا تھا۔۔۔

...

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

www.kohnovelsurdu.com

رائم اور صائم دُونوں ہی اسلام آباد کے مشہور "ہوٹل سکائے اِن" میں پہنچ چکے تھے یہ لڑکیوں اور لڑکوں دونوں کے لیے بنایا گیا ہوٹل تھا جبھی یہاں ہر کوئی ایک دُوسرے سے چپکا ہوا تھا رائم کو اس ماحول سے کوفت ہوئی لیکن وہ صائم کی وجہ سے خاموش رہا تھا اور صائم رائم کے چہرے پہ بدلتے تاثرات دیکھ کے پہچان گیا کہ اُسے یہ جگہ خاصی پسند نہیں آئی جبھی وہ اُسے اپنے ساتھ لیے ایک الگ تھلگ روم میں آیا تھا۔۔۔

"تمہارے لیے کچھ کھانے کو منگواوں"؟

"نہیں صائم یار بھوک نہیں ہے مجھے اور کتنا ٹائم رُکنا ہے یہاں پہ"

"رائم ابھی تو آئے ہیں یار اور ابھی سے جانے کی بات کر رہا ہے"

صائم وِسکی کی بوتل کو کھولتے کچھ وِسکی گلاس میں ڈالتے بولا تھا۔۔۔

"پیے گا"؟

صائم گلاس اُسکی جانب بڑھاتے ہوئے بولا تھا۔۔۔

"تو جانتا ہے میں اِسکو منہ نہیں لگاتا"

"اچھا یار چِل کر میں تیرے لیے فریش اورنج جُوس منگواتا ہوں اُسکے مزے لوٹ تو"

صائم نے کہہ کر ویٹر کو بُلایا تھا اور آرڈر نوٹ کروایا تھا چونکہ صائم اور رائم ایک ہی کمرے میں تھے اور وی آئی پی سروس لے رہے تھے جبھی وہاں دو لڑکیاں موجود تھیں جو شارٹ سکرٹس میں موجود رائم کا تو نہیں البتہ صائم کا دل ضرور بہلا رہی تھیں رائم اس کوفت زدہ ماحول سے تنگ آتے صائم کی جانب دیکھتے گویا ہوا تھا۔۔۔

"صائم میں کچھ دیر کے لیے باہر جا رہا ہوں تھوڑی دیر میں ملتا ہوں تم سے"

"لیکن رائم جا کہاں رہا ہے سُن تو سہی"

صائم جاتے ہوئے رائم کو جاتا دیکھ کر بولا تھا۔۔۔

"آ رہا ہوں تھوڑی دیر میں تو انجوائے کرنا"

رائم صائم کو آنکھ مارتا ہوا کمرے سے باہر نکلا تھا۔۔۔

•••

رائم روم سے باہر نکل کر سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اُوپر کی جانب بڑھ رہا تھا ابھی وہ اُوپر پہنچا ہی تھا کہ اُسے سامنے سے ایک لڑکی آتی ہوئی دیکھائی دی جو لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سمیت اُسکی جانب ہی بڑھ رہی تھی کہ رائم نے اِدھر اُدھر نگاہ دوڑائی تو سامنے کوئی دیکھائی نا دیا اس سے پہلے کہ رائم منظر سے ہٹتا وہ لڑکی بھاگ کر رائم تک پہنچی تھی کہ رائم نے اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اُسے زمین بوس ہونے سے بچایا تھا اس سے پہلے کہ رائم کچھ بولتا وہ لڑکی خُود ہی بول اُٹھی۔۔۔

"س سیو مم می پپ پلیز"

"Save Me Please"

رائم ابھی اُسکی بات سمجھ ہی رہا تھا کہ وہ کس سے بچنا چارہی تھی کہ بیک وقت اُسے سامنے سے دو ہٹے کٹے آدمی آتے دیکھائی دیئے وہ شکل و صورت سے ہی دو نمبر آدمی لگ رہے تھے رائم پل بھر میں اُسکی کہی گئی بات سمجھ چُکا تھا جبھی وہ فوراً سے اُسکو اپنی بانہوں میں اُٹھائے رائیٹ سائیڈ پہ بنے فرسٹ روم میں داخل ہو گیا تھا اور دروازہ لاک کر دیا ساتھ

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

ہی اُسنے مقابل کو سامنے موجود بیڈ پہ ڈالا تھا اور ایک نظر اُسپر ڈالی تھی کہ رائم اُسکو یوں خُود سے لاپرواہ دیکھتے نگاہیں جُھکا گیا تھا روحی اسوقت بلیک کلر کے فل مگر سلیو لیس گاون زیب تن کیے ہوئے تھی سرخ و سفید رنگ پہ گہری ہیزل آنکھیں شربتی لب جو اسوقت لال رنگ کی لپ اسٹک سے رنگے ہوئے تھے وہ لڑکی سر سے لیکر پاوں تک سراپے حُسن تھی اس سے پہلے کہ رائم کچھ کہتا روحی یکدم ہی بیڈ پر سے اُٹھتے رائم کی جانب بڑھتی اسکی گردن میں اپنی بانہیں ڈالتے اُسکے لبوں پہ اپنے لب رکھ گئی تھی کہ رائم کو یہی لگا کہ جیسے وقت تھم سا گیا ہو یہ نرم گرم سا لمس پاتے رائم کے پورے وجود میں سکون کی لہر دوڑ گئی تھی۔۔۔

"ک کس می کس می ناو"

روحی کی فرمائش پہ رائم کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی کہ یوں ایک لڑکی ایسے کیسے اتنی بے باک خواہش کا اظہار کر سکتی ہے لیکن ساتھ ہی اُسنے ایک نظر اُسپر ڈالی اُسنے شراب پی رکھی تھی تو ظاہر سی بات ہے وہ اپنے حواسوں میں نہیں تھی شاید تبھی ایسا کہہ رہی تھی

رائم نے ایک نظر اسکے سرخ و سفید پاوں پہ ڈالی دل میں جذبات جیسے انگڑائی لیکر بیدار ہوئے تھے ایسا نہیں تھا کہ رائم ہر لڑکی کے لیے ایسا ہی محسوس کرتا تھا لیکن اس لڑکی کے لمس نے رائم کے سوئے جذباتوں کو جگا دیا تھا۔۔۔

"مم مجھے گرمی لگ رہی ہے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

روحی نے کہہ کر اپنے کندھے سے گاون کی سٹریپس اُتارنی چاہی تھیں لیکن اُس سے پہلے ہی رائم اپنا کوٹ اُتار کر اُسپر جھکا تھا کہ روحی جو رائم کا ضبط آزمانے پہ تلی ہوئی تھی ایک دفعہ پھر سے اسکی گردن میں اپنی بانہیں ڈالتے اپنی آدھ کھلی آنکھوں سے دیکھتے گویا ہوئی۔

"آئی وانٹ یو رائیٹ ناو"

"I Want You Right Now"

اس سے پہلے کہ رائم کا ضبط ٹوٹتا روحی اپنے ہوش و حواس سے بیگانہ ہوتی بیڈ پہ جا گری تھی کہ رائم ایک نظر اُسکے قیامت برپا کرتے سراپے پہ ڈالے بے چینی سے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرے گیا تھا کچھ پلوں کے توقف کے بعد رائم نے صائم کو کال ملائی تھی۔۔۔

"صائم تم گھر چلے جاو میں آج رات یہی رُکوں گا ہاں یار ایک ایمرجینسی ہو گئی کل بتاوں گا تفصیل سے" رائم نے کہتے کال ڈسکینکٹ کر دی تھی۔۔۔

•••

"کہاں ہو تم نین اب تو پچیس سال بیت چکے ہیں کیوں میری تڑپ کو ختم نہیں کر دیتی میں ترس رہا ہوں تمہارے لیے تمہاری قربت کے لیے کیوں مجھے اکیلا کر گئی تم تو ہمیشہ کہتی تھی نا کہ مُجھ سے کبھی دُور نہیں جاو گی تو کیسے اتنا دُور چلی گئی تمھیں مُجھ پہ ترس نہیں آتا دانین یہ دُوریاں کب ختم ہوں گی شاید میں ختم ہو جاوں لیکن یہ دُوریاں نا ختم ہوں" دُرید سگریٹ کے گہرے کش بھرتا دانین کی بچپن کی تصویر پہ انگلیاں پھیرتے بولا تھا جبکے گہری سبز آنکھوں میں چھائی لہو رنگ کی سُرخی اُسکے رتجگے کا پتہ دے رہی تھی وہ دانین کی یادوں میں ڈوبا ہوا تھا جبھی اُسکے فون پہ کال آنے لگی تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"ہاں کہو سعد"

"سر آپکی کل رات کی فلائیٹ ہے لندن کی سر مہروز نے بہت تاکید کی ہے کہ اس میشن کا کامیاب ہونا ہمارے لیے بہت ضروری ہے ورنہ ہماری ملکی ساخت کو نقصان پہنچ سکتا ہے"

مہروز دُرید کو تمام تر باتوں سے آگاہ کرتے گویا ہوا۔۔

"ٹھیک ہے سعد ایک کام کرو کل رات کو مجھے ائیر پورٹ کے لیے تم خُود ہی پک کر لینا باقی کے تمام معالات ایک ساتھ ملکر ہی ڈسکس کرلیں گے"

"اوکے سر جیسا آپ کا حکم"

سعد نے تابعداری سے کہا تھا کہ دُرید نے کال ڈسکینکٹ کرتے فون کو بیڈ پر اُچھالا تھا اور خُود آنکھیں موند گیا تھا کہ دانین ایک بار پھر سے اُسکے دل و دماغ پہ حاوی ہو چکی تھی۔۔

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com

(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

دوسری قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode2

روحی کی آنکھ کھلی تو اُسکا اپنا سر بھاری بھاری سا محسوس ہوا تھا اُسنے انگڑائی لیتے ہوئے کمرے میں نگاہ دوڑائی تھی لیکن وہاں کوئی موجود نہیں تھا ایک نظر سائیڈ ٹیبل پہ ڈالی لیکن وہاں نا اُسکا موبائل تھا نا اُسکا بیگ اُسے تشویش لاحق ہوئی تھی ایک نظر اُسنے خُود کے وجود پہ ڈالی کل فاریہ اُسے یہ سلیولیس گاون زبردستی پہنا کے یہاں ہوٹل میں لے آئی تھی اور اُسکے نا نا کرنے کے باوجود فاریہ نے اُسے شراب بھی پِلا دی تھی اُس کے بعد سے کل رات جو ہوا اُسے کچھ یاد نہیں آرہا تھا یکا یک اُسکی نظر بیڈ پہ پڑے کوٹ پہ پڑی تھی ماتھے پہ پسینے کی ننھی بوندیں نمُودار ہوئیں تھیں ابھی وہ اِسی اثنا میں بیٹھی تھی جبھی رائم

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

کمرے میں داخل ہوا کہ کسی انجانے شخص کو یوں کمرے میں آتا دیکھ کے رُوحی نے فوراً سے کوٹ اپنے شانوں پہ اُوڑھ لیا تھا۔۔۔

"اُٹھ گئی تم"؟

رائم نے ایک نظر رُوحی کی جانب دیکھا جو اُلجھی ہوئی نگاہوں سے رائم کو دیکھ رہی تھی۔۔

"آپ کون ہیں"؟

"یہ تو مجھے تم سے پوچھنا چاہیے کہ تم کون ہو؟"

رائم نے دلچسپ نگاہوں سے رُوحی کو دیکھتے کہا جو بیڈ پہ سمٹ کر بیٹھی تھی۔۔۔

"م میں رُوحی ہوں رُوحی کاظمی"

"اچھا مس رُوحی آپ کل رات اِس قسم کے ہوٹل میں کیا کرنے آئیں تھیں آئی مین کہ لڑکی شکل سے سمجھدار ہی لگ رہی ہو مجھے میری بات کا مطلب تو سمجھ ہی گئی ہو گی"

رائم نے بیڈ سے کچھ دُور پڑے ون سیٹر صوفے پہ بیٹھتے کہا تھا۔۔۔

"وہ ایکچولی کل میں اپنی کزن فاریہ کے ساتھ یہاں آئی تھی اُس نے زبردستی مجھے شراب پِلادی اُسکے بعد میں اپنے حواس میں نہیں تھی"

رُوحی صاف گوئی سے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اچھا"

رائم نے مُختصر کہا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

www.kohnovelsurdu.com

جبکے رُوحی عجیب سی کشمکش میں مبتلاء تھی کہ کل رات شراب پینے کے بعد اُسنے کچھ اُلٹا سیدھا تو نہیں کر دیا۔۔۔

"سُنیں"

رُوحی کی میٹھی سی آواز سُنتے رائم کا جیسے روم روم اُسکی بات سُننے کو بے تاب ہوا تھا۔۔۔

"جی سُنائیے"؟

"وہ میں کہہ رہی تھی کہ کل رات مطلب کل ہم دُونوں کے بیچ کچھ ہوا تو نہیں"؟

رُوحی نے مشکل ءسے اپنی بات مکمل کر ہی لی تھی جب کے رائم کے لبوں پہ دلکش مسکراہٹ نے احاطہ کر لیا تھا

"کچھ نہیں ہوا بے فکر رہو"

رائم کی بات سُنتے جیسے رُوحی کی جان میں جان آئی تھی اس سے پہلے کہ وہ مزید کچھ کہتی روم ناک ہوا تھا۔۔۔

"آجائیں"

رائم کی بات سُنکر روم سروس والی لڑکی ناشتے کی ٹرالی دھکیلتے اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

"سر یہ آپ نے ناشتہ منگوایا تھا"

"جی رکھ دیں اب آپ جاسکتی ہیں"

رائم کی بات سُنکر وہ کمرے سے باہر نکل گئی تھی جب کے رُوحی ناشتے کی ٹرالی کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔

"یہ سب کیا ہے"؟

"ناشتہ ہے"

رائم نے مختصر کہا تھا۔۔۔

"جی وہ تو مجھے بھی نظر آرہا ہے لیکن یہ کس کے لیے ہے"؟

رُوحی نے سوالیہ نگاہوں سے رائم کی جانب دیکھتے کہا تھا۔۔۔

"تمہارے لیے ہے جلدی سے ختم کرو"

"تھینک یو لیکن مجھے بھوک نہیں ہے"

رُوحی نے یک لفظی جواب دیا تھا۔۔۔

"میں نے تم سے پوچھا نہیں بتایا ہے جلدی سے ختم کرو مجھے پھر تمھیں گھر بھی چھوڑنا ہے"

رائم نے اُسکی جانب دیکھتے کہا تھا جبکہ رُوحی نے ایک نظر اُس انجان شخص کی جانب دیکھا تھا جو اُسپہ مہرباں ہوئے جا رہا تھا ناشتہ ختم ہوتے ہی رائم نے اپنے سیکرٹری کو فون کر کے رُوحی کے لیے نیا سوٹ منگوایا تھا۔۔۔

"مجھے یہ نہیں چاہیے تھینک یو میں ایسے ہی چلی جاوں گی"

رُوحی نے ایک نظر سکائے بلیو کلر کے خوبصورت فراک پہ ڈالی تھی۔۔۔

"دیکھو مس رُوحی مجھے نا سُننا پسند نہیں ہے اسلیے چپ چاپ یہ کپڑے پہن لو ورنہ مجھے اور بھی کئی طریقے آتے ہیں"

رائم کی بات سُنتے رُوحی یکدم ہی سٹپٹا گئی تھی اور فوراً سے فراک لیتے واشروم کی جانب بڑھ گئی تھی دس منٹ بعد رُوحی واشروم سے باہر آئی تھی کہ رائم کی نظر اُسپہ پڑی تو گویا پلٹنا ہی بھول گئی تھی کہ رُوحی رائم کی محویت دیکھ کے لال چہرہ لیے سر جُھکا گئی تھی۔۔۔

"آں میں چلتی ہوں کافی ٹائم ہو گیا ہے گھر جانا چاہیے اب"

رُوحی نے ایک نظر رائم کی جانب دیکھتے کہا تھا اِس سے پہلے کہ رُوحی کمرے سے نکلتی رائم نے یکدم ہی اُسکا ہاتھ پکڑا تھا۔۔۔

"تم اِسوقت میرے ساتھ ہو یعنی میری زمہ داری ہو تمہاری سلامتی ہی میرے لیے اولین فریضہ ہے اس ٹائم لہذا یہ اپنا موبائل اور بیگ لو اور چلو میرا ڈرائیور تمھیں چھوڑ دے گا"

"میں نے کہا نا آپ کو میں خُود چلی جاوں گی آپ کو زحمت کی ضرورت نہیں ہے"

رُوحی جو رائم سے کچھ ہی فاصلے پہ کھڑی تھی رائم کو اپنی جانب بڑھتا دیکھ کر پیچھے ہوتے سیدھا دیوار سے جا لگی کہ رائم ایک جست میں اپنے اور اُسکے بیچ فاصلے کو مٹاتا دُونوں ہاتھ اُسکے اطراف میں ہاتھ جمائے گویا ہوا۔۔۔

"رائم دُرانی اپنی بات بار بار دُہرانے کا عادی نہیں ہے"

رائم نے سپاٹ لہجے میں کہا کہ رائم کے سنجیدہ چہرے کی جانب دیکھتے رُوحی لبوں کو اضطرابی کیفیت میں کچلتے سر کو ہاں میں ہلا گئی تھی اس سے پہلے کہ رائم وہاں سے ہٹتا رُوحی کی بات سُنتا مسکرا گیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"آپ آپ نہیں جائیں گے ساتھ"؟

"تم چاہتی ہو میں ساتھ چلوں"؟

رائم نے رُوحی کے شربتی لبوں کو فوکس کیے کہا تھا جبکے رُوحی نے ایک نظر رائم پہ ڈالی وائیٹ شرٹ اور بلیک پینٹ میں کسی ریاست کا شہزادہ ہی لگ رہا تھا اُوپر سے اُسکی گرے کلر کی آنکھیں رُوحی کو اپنا آپ اُسکی سحر زدہ آنکھوں میں ڈوبتا ہوا ہی محسوس ہوا تھا۔۔۔

"ن نن میرا وہ مطلب نہیں تھا میں خُود چلی جاتی ہوں"

رُوحی جلدی سے کہتی منظر سے ہٹی تھی جبکے رائم جاتی ہوئی رُوحی کی پُشت کو دیکھتا مسکرائے بنا نہیں رہ سکا تھا۔۔۔

★★★

"دُرید بیٹا تم نے لندن جا کے اپنی ڈائیٹ کا بہت خیال رکھنا ہے میں روز کال کر کے پوچھا کروں گی"

مشال دُرید کا ماتھا چومتے ہوئے آنکھوں میں نمی لیے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"بس کرو مشال یوں آنسوؤں کے ساتھ رُخصت کرو گی بیٹے کو تو وہ کیسے جا پائے گا ویسے بھی وہ کونسا پہلی بار آوٹ آف کنٹری ٹریول کر رہا ہے"

دائم مشال کو اپنی بانہوں کے حلقے میں لیتا گویا ہوا تھا۔۔۔

"بھائی اپنا بہت خیال رکھیے گا اس بار تو میں اپنے سانگز کی شوٹنگ میں مصروف ہوں ورنہ آپ کے ساتھ چلتی تو لندن ہی گھوم لیتی"

آئرہ کی بات سُنتے دُرید کے لب مسکرائے تھے۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"میرے جانے کے بعد مام ڈیڈ کو زیادہ تنگ مت کرنا ورنہ تمہاری فیورٹ چاکلیٹس نہیں لاوں گا"

دُرید آئرہ کو دھمکی دیتے ہوئے اُسکا ماتھا بھی چوم گیا تھا کہ ازمیر جو وہی موجود تھا دُرید کے سینے سے لگتی آئرہ کو گہری نگاہوں سے دیکھے گیا تھا۔۔۔

"اوکے گائز میں چلتا ہوں میری فلائیٹ کا ٹائم ہونے والا ہے انشااللہ جلد ملتے ہیں پھر اور ڈیڈ پلیز مام کو رونے مت دیجیے گا ٹیک کیئر"

دُرید لبوں پہ مسکراہٹ سجائے عُجلت میں گویا ہوتے منظر سے ہٹا تھا۔۔۔

★★★

"اپنی محبت کا اظہار کرتا

اپنی محبت کا اظہار کرتا

کاش کوئی لڑکا مجھے پیار کرتا

کاش کوئی لڑکا مجھے پیار کرتا"

ازمیر جو دُرید کے جانے کے بعد مشال دائم سے مل کر گھر ہی جا رہا تھا لان میں آئرہ کو گنگناتے دیکھ وہی رُک تھا لبوں پہ دلکش مسکراہٹ نے ڈیرہ جماہ لیا تھا۔۔۔

"میری مانگ میں چاند تارے سجاتا

جو میں روٹھ جاتی مجھے وہ مناتا

میری مانگ میں چاند تارے سجاتا

جو میں روٹھ جاتی مجھے وہ مناتا

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

اپنی بھی چاہت کا اقرار کرتا

اپنی بھی چاہت کا اقرار کرتا

کاش کوئی لڑکا مجھے پیار کرتا"

آئرہ لبوں پہ مسکراہٹ سجائے لان میں خوبصورتی سے سجے پھولوں کو دیکھتے ہلکی آواز میں گنگنا رہی تھی کہ اُسکی شہد سے میٹھی آواز سُنتے ازمیر مسمرائز ہوا تھا وہ اُسپر کیسے اپنا حال دِل عیاں کرتا کیسے بتاتا اُسے اپنے جذبات جو دن بہ دن اُسکے لیے شدت اختیار کرتے جا رہے تھے ازمیر کو بچپن سے ہی آئرہ پسند تھی گزرتے وقت کے ساتھ یہ پسند محبتٍ میں تبدیل ہو چکی تھی شدتِ محبتٍ میں۔۔۔

ازمیر کی محویت اُس پل ٹوٹی جب اُسکا سیل رِنگ ہوا تھا۔۔۔

"جی مام میں بس آرہا ہوں"

ازمیر نے کہہ کر فون رکھتے ہوئے قدم آگے کی جانب بڑھائے تھے جبکہ ایک گہری نگاہ آئرہ پہ ڈالنا نا بھولا تھا۔۔۔

★★★

لندن:

لیزا کیچن میں کھڑی کپ کیکس بیک کرنے میں بزی تھی جبھی وہاں نتاشا چلی آئی تھی۔۔

"لیزا میں نے تمھیں بارہا منع کیا ہے کہ تمہارے یہ خوب صورت ہاتھ گھر کے کاموں کے لیے نہیں بنے بلکہ یہ تو آرام و سکون کے لیے بنے ہیں تم لیزا لغاری ہو میری یعنی نتاشا لغاری کی بیٹی تم مالکن ہو حکمرانیت کے لیے پیدا ہوئی ہو"

نتاشا لیزا کو پیاری بھری نگاہوں سے دیکھتی گویا ہوئی تھی کہ لیزا بے ساختہ مسکرا دی تھی۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"مما میں جانتی ہوں آپ کی ہی بیٹی ہوں میں لیکن آپ کو معلوم ہے نا کہ مجھے بیکنگ کا کتنا شوق ہے آج میں فری تھی تو سوچا آپکے لیے اور اپنے لیے کپ کیکس بیک کرتی ہوں"

لیزا نے میٹھی آواز میں کہا کہ نتاشا نے ایک نظر لیزا پہ ڈالی صراحی دار گردن جسکے گہری کالی آنکھوں پہ لمبی دراز پلکیں کالے کنڈلے بال سرخ و سفید رنگت جسکے گلابی کٹاؤ دار بھرے بھرے ہونٹ وہ سر سے لیکر پاؤں تک خوبصورت تھی اُوپر سے اسکا اپنے حسن سے لاپرواہ ہونا اور اُسکی بولڈ نیس وہ کسی بشر کو بھی آسانی سے اپنا دیوانہ بنا سکتی تھی۔۔۔

"لیزا اور کتنا وقت لگے گا کپ کیکس میں مجھے کچھ ضروری بات کرنی ہے تم سے"

نتاشا نے صوفے پہ براجمان ہوتے کہا تھا نتاشا اپنی بیٹی لیزا کے ساتھ انگلینڈ کے شہر لندن میں مقیم تھی دونوں ماں بیٹی چھوٹے سے لیکن خوبصورت سے اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر تھیں لیزا کولڈ کافی کے دو کپس اور ساتھ ہی بیک ہوئے کپ کیکس اُٹھائے لاونج میں داخل ہوئی تھی جبکہ نتاشا نے ایک نگاہ اُسپر ڈالی تھی شارٹ سی بلیک کلر کی شرٹ کے نیچے کھلا سا جینز کا ٹراوزر زیب تن کیے کنڈلے بالوں کی اُونچی پونی ٹیل بنائے اور دو لٹوں کو آگے نکالے میک اپ سے پاک صاف چہرہ لیے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔۔

"جی مما آپ نے بُلایا تھا کچھ بات کرنی تھی شاید آپ نے"؟

لیزا نتاشا کے قریب بیٹھتے ہی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"لیزا تمھیں یاد ہے نا اِس فرائیڈے (جمعہ) کو تمھیں "دا سیلرمنٹ ہوٹل"

"The Clermont Hotel

جانا ہے شیزاری صاحب نے خاص طور پہ تمھیں نوائیٹ کیا ہے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

نتاشا لبوں پہ مسکراہٹ سجائے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"جی مجھے یاد ہے سب ڈونٹ وری میں ٹائم سے چلی جاوں گی بلکہ میں تو کہتی ہوں آپ بھی ساتھ چلیں میرے یوں مجھے میرا کام کرنے میں زیادہ آسانی ہو جائے گی"

لیزا نے کپ کیک کا بائیٹ لیتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

"نہیں لیز امیری جان یہ کام تمھیں اکیلے ہی کرنا ہو گا مجھے یقین ہے تم پہ یہ کام تم اکیلے میں بھی کر سکتی ہو اِس کے لیے تمھیں میری بھی ضرورت نہیں ہو گی آخر کو نتاشا لغاری کی بیٹی ہو تم"

نتاشا کافی کا سپ لیتے ہوئے لہجے میں غرور لیے گویا ہوئی تھی کہ لیزا گہرا سانس بھر کے سر کو اثبات میں ہلا گئی تھی۔۔۔

★★★

"جی مام میں خیریت سے پہنچ گیا تھا اور ٹائم پہ کھانا بھی کھالیا تھا آپ کو بالکل بھی میری فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے اپنا بہت سارا خیال رکھیے گا پھر بات ہو گی لو یو ٹیک کیئر"

دُرید نے مشال کی کال ڈسکینکٹ کی تھی اور کڑوی کافی کا کپ اُٹھاتا ٹیریس پہ آن کھڑا ہوا تھا گھونٹ گھونٹ وہ کڑوی کافی اپنے اندر اُتارتا کسی گہری سوچ میں غرق ہو چُکا تھا۔۔۔

★★★

"کس سے بات کر رہی تھی لٹل فیری"

دائم کمرے میں داخل ہوتا مشال کو دیکھتا پوچھنے لگا جو اِس وقت سلور کلر کی خوبصورت سی نفیس ساڑھی زیبِ تن کیے ہوئے تھی۔۔۔

"دُرید تھا بتا رہا تھا کہ خیریت سے پہنچ گیا ہے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

مشال دائم کی جانب دیکھتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"کیا ہوا آپ کچھ ڈھونڈ رہے ہیں کیا"؟

مشال دائم کی جانب دیکھتی گویا ہوئی جو ڈریسنگ پہ اُلٹے سیدھے ہاتھ مار رہا تھا۔۔۔

"ہاں وہ مجھے میرے فون کا چارجر نہیں مل رہا"

دائم کی بات سُنتے مشال سر کو نفی میں ہلا گئی تھی اور اُٹھ کے سائیڈ ڈرا سے چارجر نکالتے دائم کے قریب آ کھڑی ہوئی تھی اور چارجر اُسکو تھماتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"سائیڈ ڈرا میں رکھتے ہیں آپ چارجر اور خُود ہی بُھول جاتے ہیں"

"میں تو سب کچھ بُھول چُکا ہوں یاد ہو تو صرف تم مائے لٹل فیری"

دائم مشال کی کمر میں ہاتھ ڈالتے مسکرا کے اُسکے ماتھے پہ اپنے لب رکھتے گویا ہوا تھا کہ مشال دائم کی شدتِ محبت پہ خُوشی سے نہال ہوتی اُسکے سینے سے لگتے آنکھیں اطمینان سے موند گئی تھی۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)
1. Whatsapp Group Link

https://kohnovelsurdu-com/p/whatsapp-group-html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

تیسری قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode3

رُوحی جب گھر پہنچی توسب لوگ لاونج میں پہلے سے ہی موجود تھے فاریہ نے ایک نظر اُسکی جانب دیکھا توصوفے سے اُٹھ کھڑی ہوئی تھی ۔۔۔

"ارے رُوحی تم آگئی کہاں چلی گئی تھی تم کل رات کتناڈھونڈا میں نے تمھیں پھر مجھے وہاں کے گاڈ نے بتایا کہ تم توکل رات کسی لڑکے کے ساتھ چلی گئی تھی ایٹ لیسٹ مجھے بتاہی دیتی نا "

فاریہ کی بات سُنتے جیسے رُوحی سناٹوں کی زد میں تھی وہ کیسے اتنا بڑا جھوٹ بول سکتی تھی۔

"فف فاریہ تم جھوٹ کیوں بول رہی ہو کل رات تم خُود مجھے اپنے ساتھ ہوٹل لیکر گئی تھی اور تم وہاں مجھے زبردستی شراب پِلا کر وہی چھوڑ آئی"؟

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

رُوحی نے اپنی بات مکمل کی ہی تھی کہ مہناز اپنی جگہ سے اُٹھی تھی اور ایک زبردست تمانچہ رُوحی کے منہ آلگا تھا ۔۔۔

"بکواس بند کرو گھٹیا لڑکی رنگ رلیاں مناو تم خُود اور ذمے میری بیٹی کے لگا رہی ہو ارے میں کہتی ہوں ساری شرم و حیا بیچ کھائی ہے کیا تمنے توبہ توبہ نجانے کیا تربیت کی ہے اِسکے ماں باپ نے اِس کی جواب یہ باغی لڑکی راتیں بھی گھر سے باہر گزار کر آنے لگی ہے "

مہناز لہجے میں کڑواہٹ لیے گویا ہوئی کہ رُوحی کا چہرہ اتنی تذلیل ہو جانے پہ لال ہو چُکا تھا ۔۔۔

"میرے ماں باپ نے میری تربیت بہت اچھے سے کی ہے البتہ آپ لوگوں کی تربیت میں ہی کوئی کمی رہ گئی ہوگی جو یتیموں کا حق کھانے پہ مجبور ہو چُکے آپ "

رُوحی نے اگلے پچھلے حساب برابر کرتے کہا تھا کہ ایک اور زوردار تمانچہ پھر سے اُسکے منہ آلگا تھا اِس بار یہ تمانچہ اُسکے تایا نے اُسے مارا تھا آنسو متواتر آنکھوں سے بہہ رہے تھے اُن لوگوں کے گھناونے چہرے دیکھ لینے کے بعد سے تو رُوحی جیسے ٹوٹ کے بکھر چُکی تھی رُوحی کاظمی رُوحان کاظمی اور رابیل کاظمی کی اکلوتی اولاد تھی رُوحان ارمُغان اور مریم تین بہن بھائی تھے رُوحان لوگوں کا تعلق مڈل کلاس فیملی سے تھا رُوحان صاحب نے اپنی محنت سے سکالرشپ حاصل کی باہر سے بزنس میں ڈگری لیکر وطن واپس لوٹے تھے اُن

تینوں کے والدین نے اُنکی شادیاں کر دینے کے بعد اُن تینوں کو اُنکا حصہ جو بنتا تھا دے دیا تھا مریم اپنے خاوند اور اکلوتے بیٹے آیان سمیت فرانس میں سیٹلڈ تھے رُوحان نے اپنا حصہ بیچ کر ایک اچھی جگہ انوسٹمینٹ کر لی تھی اِس کڑے وقت میں رابیل نے رُوحان کا بھرپور ساتھ دیا تھا انوسٹمینٹ سے جو بھی رقم ملتی وہ لوگ سیو کر لیتے تھے اِسطرح کچھ عرصہ گزرنے کے بعد رُوحان صاحب کے پاس کافی پیسہ جمع ہو چُکا تھا اُنھوں نے اللہ کا نام لیکر اپنی کمپنی کھول لی تھی اور اسکے بعد سے اُنکا اچھا وقت شروع ہو چُکا تھا رُوحان صاحب نے بزنس میں بہت نام کما لیا گھر گاڑی دولت کی ریل پیل تھی اُنکے دن پھرنے کے بعد سے ایک کے بعد ایک خُوشی اُنکی جھولی میں آ گری تھی رابیل اور رُوحان اللہ کا شکر ادا کرتے نا تھکتے تھے اور اب تو اُن دُونوں کی زندگی میں رُوحی بھی آ چُکی تھی اُسکے آنے کے بعد سے اُن دُونوں کو اپنی زندگی مکمل لگنے لگی تھی رُوحی بیس سال کی ہو چُکی تھی اپنی گریجویشن مکمل کر چُکی تھی اور رُوحان اب اپنا بزنس انٹرنیشنل لیول پہ بھی اِسٹیبلیش کر چُکے تھے ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں تھیں اور پھر ایک دن اُنکی خوشیوں کو کسی کی بُری نظر لگ چُکی تھی اُس رات رُوحان اور رابیل ایک بزنس ڈنر پہ انوائیٹڈ تھے جب واپسی پہ اُن دُونوں کا کار ایکسیڈنٹ ہوا تھا اور وہ دُونوں ہی خالقِ حقیقی سے جا ملے تھے رُوحی کے تایا ارمُغان جو دُونوں میاں بیوی لالچی تھے اپنے بچوں فاریہ اور فرحان سمیت کاظمی مینشن میں آ بسے تھے کہنے کو وہ یتیم بھانجی کا اِس کڑے وقت میں ساتھ دینے آئے تھے لیکن یہاں اکے اُنکی نیت خراب ہو گئی تھی ارمُغان اور مہناز دُونوں ہی اپنا حصہ کھا

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

چُکے تھے اور اب دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے تھے اسلیے انکو اِس سے بہتر آپشن کوئی نا لگا تھا رُوحی بچی تھی اُنکا کیا بگاڑ سکتی تھی یہی سوچکر اُنھوں نے رُوحان صاحب کے بزنس اور گھر دُونوں پہ قبضہ کر لیا جو حقیقتاً اور اصولاً دُونوں ہی رُوحی کا تھا اکلوتی وارث تھی وہ اُس سبکی۔۔۔

"خبر دار جو میرے سامنے اُونچی آواز میں بات کی ہو تو ورنہ زُباں کھینچ لوں گا گدی سے "

ارمُغان سخت لہجے میں گویا ہوا تھا کہ رُوحی نے زخمی نگاہوں سے اُنکی جانب دیکھا جو کہنے کو ہی صرف اُسکے سگے اور اپنے تھے ۔۔۔

"یہاں کھڑی منہ کیا دیکھ رہی ہو جاو جا کر کیچن دیکھو ملازمہ کا ہاتھ بٹاو لنچ ریڈی کرنے میں "

مہناز نے گھورتے ہوئے کہا کہ رُوحی لبوں کو کچلتی آنسو صاف کرتی منظر سے ہٹی تھی ۔۔

★★★

لیزا ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی خُود کا تنقیدی نگاہوں سے جائزہ لے رہی تھی ویلوٹ ریڈ کلر کا سلیو لیس گاون پہنے زیب تن کیے جبکے کنڈلے بالوں کا رف سا جوڑا بنائے جیولری میں کانوں میں وائیٹ کلر کے لمبے آویزے ڈالے میک اپ میں براون آنکھوں پہ آئی لائنر لگائے گلابی ہونٹوں کو ریڈ بلڈ کلر کی لپ اسٹک سے رنگے جبکے پاوں میں ریڈ کلر

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

کی ہی پینسل ہیلز پہنے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی خُود پہ پرفیوم سپرے کرتے اُسنے بیڈ پہ پڑا اپنا کلچ اور موبائل اُٹھایا اور قدم نیچے کی جانب بڑھائے تھے ۔۔۔

★★★

"سر آج رات ٹھیک آٹھ بجے "دا سیلر منٹ ہوٹل "میں "پاکیمر "(ہیرا جو پاکستان میں پایا جاتا ہے) چوری ہونے والا ہے ہمیں ہمارے ذرائع سے معلوم ہوا ہے "

سعد کی بات سُنتے دُرید نے خُشک لبوں کو تر کیا تھا ۔۔۔

"میں بس نکلنے لگا ہوں وہی کے لیے ابھی سات بجکر دس منٹ ہوئے ہیں ہمیں آٹھ بجنے سے دس منٹ پہلے وہاں پہنچنا ہے "

"اوکے سر نوٹڈ "

سعد نے تابعداری سے کہا تھا جبکے دُرید نے ائیر پوڈ کان سے ہٹاتے اپنی شرٹ کے بٹن بند کرتے اپنی گن اور موبائل ہاتھ میں اُٹھاتے قدم کمرے سے باہر کی جانب بڑھائے تھے۔

★★★

لیزا ہوٹل پہنچ چکی تھی یہاں پہ سیکیورٹی کے تمام تر انتظامات بہت سخت کیے گئے تھے ہزاروں لوگ اِس تقریب میں شامل تھے کیوں کے وہ سبھی یہ نایاب ہیرا دیکھنے کے خواہشمند تھے لیزا نے یہاں وہاں نگاہ دوڑائی تھی اِس تقریب میں آدھے سے زیادہ لوگ غیر مسلم تھے اور کم ہی مسلم تھے لیکن شراب یہاں خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم ہر کوئی پی رہا تھا نتاشا بھی شراب کی عادی تھی لیکن لیزا نے کبھی شراب نہیں پی تھی نتاشا اکثر اُس

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

سے اِس بات پہ خفا ہو جاتی تھی کہ ایک دو گھونٹ پینے سے کچھ نہیں ہو گا لیکن لیزا کو ہمیشہ سے ہی شراب ناپسند تھی ہاں کبھی کبھار وہ سموکنگ کر لیتی تھی لیزا نے نظر اپنی کلائی پہ بندھی گھڑی پہ ڈالی جو سات بجکے چالیس منٹ بجا چکی تھی بیس منٹ باقی تھے پھر اُسنے "پاکیمر" چُرانا تھا لیزا اورنج جُوس کا گلاس ہونٹوں سے لگائے تقریب میں موجود سبھی لوگوں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی تھی جُوس کا گلاس وہی چھوڑتے اُسنے پلٹ کر دیکھا تو اُسے سامنے سے شیرازی اور اُسے کے ساتھ ایک نوجوان شخص آتا ہوا دیکھائی دیا بلیک شرٹ اور پینٹ میں ملبوس وہ اجنبی شخص نجانے کیوں اُسے اپنا اپنا سا لگا تھا ۔۔۔

"ارے کیسی ہیں مس لغاری "

شیرازی لیزا کی جانب ہاتھ بڑھاتا بولا کہ لیزا نے مسکرا کے شیرازی کا ہاتھ تھام لیا تھا۔

"جی شیرازی صاحب میں بالکل ٹھیک ہوں "

لیزا نے مسکرا کے جواب دیا تھا ۔۔۔

"دُرید صاحب یہ ہیں میری بہت ہی اچھی دوست اور بزنس پارٹنر کی اکلوتی بیٹی لیزا لغاری "

"اور مس لیزا اِن سے ملیے یہ ہیں میرے بہت ہی اچھے دوست اور پاکستان کے کامیاب اور مشہور ترین بزنس مین مسٹر دُرید "

اس سے پہلے کہ شیرازی دُرید کا مکمل نام لیتا موبائل پہ آتی کال دیکھ کے اُن دونوں سے معذرت کرتا منظر سے ہٹا تھا ۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"ہیلو مسٹر دُرید "

لیزا نے اپنا ہاتھ دُرید کی جانب بڑھایا تھا ۔۔۔

"ہیلو مس لیزا ملکر اچھا لگا آپ سے "

دُرید نے اُسکا بڑھا ہوا ہاتھ تھام لیا کہ دُرید کا لمس اپنے ہاتھ پہ محسوس کرتے لیزا کی ریڈھ کی ہڈی میں سُنسناہٹ ہوئی تھی جبکے دُرید لیزا کی ڈراک براون آنکھوں میں دیکھتے جیسے کچھ کھوجنے کی کوشش کررہا تھا اُوپر سے اُسکے کنڈلے بال پل بھر میں دانین کا چہرہ اُسکی آنکھوں کے سامنے گھوم گیا تھا لیکن فوراًسے خُود پہ قابو پاتے اُسنے لیزا کا نرم وملائم ہاتھ چھوڑا تھا وہ لمس وہ آنکھیں وہ بال یہ سب ہو کیا رہا تھا کیا ایسا ہو سکتا تھا جیسے وہ سوچ رہا تھا نہیں نہیں ایسے کیسے ممکن تھا اُسنے خُود کی سوچ کو جھٹکا تھا اور بیک وقت ہی ہال کی تمام لائیٹس آف ہوئیں تھیں ایک منٹ بعد جب لائیٹس واپس سے آن ہوئیں لیکن یہ کیا وہاں لیزا نہیں تھی دُرید کو کسی گڑبڑ کا احساس ہوا جبھی وہ پل بھر کی تاخیر کیے بنا منظر سے ہٹا تھا ۔۔۔

★★★

لیزا اُوپر والے فلور پہ پہنچتے اُسی روم کی جانب بڑھ رہی تھی جہاں "پاکیمر "رکھا گیا تھا لیکن اُس کمرے کے عین سامنے دو گاڈز تعینات کیے گئے تھے وہ خُشک لبوں پہ زُبان پھیرتی ایک ادا سے چلتی اپنی کنڈلے بالوں کا جوڑا کھولتے اُنھیں کمر پہ بکھرا گئی تھی ۔۔۔

"جی میم آپ کو کہاں جانا ہے"؟

ان ہی میں سے ایک گاڈ گویا ہوا تھا ۔۔۔

"آں مجھے واشروم یوز کرنا ہے کہاں پہ ہے واشروم"؟

"میم آپ یہاں سے رائیٹ لیکر آگے سے لیفٹ ہو جایئے گا"

گاڈ نے لیزا کی جانب دیکھتے کہا تھا جبکہ لیزا سر کو ہاں میں ہلاتے آگے کی جانب بڑھ گئی تھی ایک سیکنڈ بعد وہ واپس اُن دونوں کی جانب آئی تھی ۔۔۔

"ایکسکیوزمی کیا آپ مجھے خُود لے چلیں گے مجھے راستہ سمجھ نہیں آرہا "

"اوکے میم آیئے "

ان دُونوں میں سے ایک گاڈ لیزا کو اپنے ساتھ لیتے آگے کی جانب بڑھا تھا جیسے ہی وہ لیڈیز واشروم کے دروازے تک پہنچا لیزا جو اُسکے پیچھے ہی تھی یکدم ہی اُسپہ پیچھے سے وار کرتی اُسے ہوش وحواس سے بیگانہ کرچکی تھی اور کچھ پلوں کی توقف کے بعد وہ دُوسرے گاڈ کی جانب بڑھی تھی اور بنا کچھ کہے اُسکے منہ پہ ایک مکا رسید کیا تھا کہ گاڈ نے حیرت سے اُسکی جانب دیکھا اور ہمت کرکے اُٹھ کھڑا ہوا تھا اِس سے پہلے کہ وہ اُسپر وار کرتا ایک ہی جست میں اسکو گردن سے دبوچے لیزا نے اُسکا سر دیوار میں دے مارا تھا اور فوراً سے اُس کمرے میں داخل ہوئی جہاں "پاکیمر "رکھا ہوا تھا اِس سے پہلے کہ وہ اُسے اُٹھاتی اپنے پیچھے سے آتی آواز پہ تھی ۔۔۔

★★★

"شش آواز مت کرنا ورنہ یہی گولی سے اڑا دونگا "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

ڈی ڈی مقابل کی کمر پہ پسٹل کی نال رکھتے ہوئے بولا۔

"سیدھی طرح بتادو کہ یہاں کس مقصد کے تحت آئی ہو "

ڈی ڈی کی بات سنتے اسنے چالاکی سے اپنی ہائی ہیل اسکے پاوں پہ ماری مگر مقابل کو ٹس سے مس نا کر پائی تھی ۔۔

"ڈی ڈی سے ہوشیاری مہنگی پڑ سکتی ہے تمھیں شرافت سے بتادو کون ہو تو یہاں سے جانے دونگا "

اسکے کہتے ہی اسنے فوراسے اپنا رخ موڑا تھا کہ درید چندپل اس اپسرا کے وجود سے اپنی نگاہ ناہٹا پایا تھا سرخ وسفید رنگت پہ گہری کالی آنکھیں اسپر لمبی دراز پلکیں اور گلابی کٹاودار ہونٹ گنگھریالے بالوں سمیت وہ کسی بشر کا بھی ایمان باآسانی ڈگمگانے کی صلاحیت اپنے پاس محفوظ رکھتی تھی دُرید کو ہوش تب آیا جب وہ پسٹل اسکے ہاتھ سے چھین کر اسی کے سر پہ تان چکی تھی ۔۔۔

"یہاں سے جانے کے لیے لیزا کو تمہاری اجازت کی ضرورت تو قطعاً نہیں پڑنے والی مسٹر ڈی ڈی "

لیزا ہونٹوں پہ دلکش مسکراہٹ سجائے پسٹل کو کاک کرتے بولی اس سے پہلے کہ وہ گولی چلاتی دُرید نے نہایت ہوشیاری سے اس کے ہاتھ سے پسٹل چھینتے اسکی گردن میں ہاتھ ڈالا تھا ۔۔۔

"اگر تم نے اگلے ایک منٹ میں مجھے اپنے بارے میں نہیں بتایا تو محترمہ میں تمہارے زندہ رہنے کی کوئی گارنٹی نہیں دے سکتا "

دُرید پراسرار لہجے میں گویا ہوا کہ بیک وقت سائرن بجنے کی آواز سنائی دی تھی جبھی لیزا نے موقع سے فائدہ اٹھاتے پوری شدت سے اپنے دانت دُرید کے ہاتھ پہ گاڑھے تھے جسکی وجہ سے وہ درد سے کراہ اٹھا اور لیزا پر اسکی گرفت ڈھیلی ہوئی تھی اور بیک وقت لیزا بھاگنے کے سے انداز میں کمرے سے باہر نکلی تھی جبکے دُرید نے ایک نظر اپنے ہاتھ کی پشت پہ ڈالی جہاں اس جنگلی بلی کے کاٹنے کے سبب خون کی ننھی بوندیں ابھر آئی تھیں اس سے پہلے کہ وہ اسکے پیچھے جاتا فون پہ آتی کال نے اسکو اپنی جانب متوجہ کیا تھا ۔۔۔

★★★

دُرید "پاکیمر" کو ہاتھ میں اُٹھائے کمرے سے باہر نکلا تھا کہ اُسے کسی محفوظ جگہ پہنچا سکے اِس سے پہلے کہ وہ نیچے کے فلور پہ جاتا لیزا جو عین اُسکے پیچھے کھڑی تھی یکدم ہی لوڈ ہوئی گن سے دُرید کی بازو پہ فائر کیا تھا کہ تکلیف کی شدت سے "پاکیمر" اُس سے ہاتھ سے دُور جا گرا اور بیک وقت لیزا نے آگے بڑھ کے اُسے اُٹھا لیا تھا اِس سے پہلے کہ وہ نیچے کی جانب بڑھتی دُرید نے آگے بڑھ کے اُسکی ٹانگ پکڑ لی تھی کہ لیزا کھا جانے والی نظروں سے دُرید کو گھورے گئی اِس سے پہلے کہ دُرید اُسے پوری طرح قابو کرتا لیزا نے پوری قوت سے اُسے دھکا دیا کہ وہ اُس سے کوسوں دُور جا گرا تھا لیزا نے اُسے گرا دیکھ کے یہاں وہاں نگاہ دوڑائی سامنے کسی ذی وروح کا نشاں نا تھا ۔۔۔

"رک جاو لیزا ورنہ اِسکا انجام اچھا نہیں ہوگا "

دُرید چلایا تھا لیکن لیز ابنا جواب دیئے طنزیہ مسکان لبوں پہ سجائے قدم نیچے کی جانب بڑھا گئی تھی ۔۔۔

★★★

"ڈیڈ مجھے آپ سے بات کرنی تھی "

آئرہ لاونج میں آتے گویا ہوئی اور نظریں صوفے پہ بیٹھے دائم پہ جمائیں تھیں ۔۔۔

" ہاں میری جان کہو میرے بیٹے کو کیا بات کرنی تھی"

دائم نے اپنی بیٹی کو پیاری بھری نگاہوں سے دیکھتے کہا تھا جواب دائم کے ساتھ ہی صوفے پہ براجمان ہوئی تھی اِس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی اُسے سامنے سے ازمیر آتا ہوا دیکھائی دیا تھا کہ وہ کوفت سے نگاہیں پھیر گئی تھی وجہ ازمیر کی بے باک گہری نگاہیں تھیں جو اُسے ہر وقت خُود پہ محسوس ہوتی رہتی تھیں آئرہ ازمیر کو دُرید اور رائم جیسا ہی سمجھتی تھی جبکہ ازمیر اُس سے جنوں کی حد تک عشق کرنے لگا تھا آئرہ جیسے ہی پیدا ہوئی تھی ازمیر نے سبکو کہہ دیا تھا کہ یہ سرخ و سفید ڈول اُسکی ہے وہ بچپن ہی سے آئرہ کے معاملے میں حد درجہ حساس تھا اُسکی ہر چھوٹی بڑی بات کا خیال رکھتا آیا تھا وہ اور آئرہ کے لیے اُسکی یہ دیوانگی کسی سے ڈھکی چُھپی نہیں تھی بلکہ اُن سبکی بھی یہی مرضی تھی جو ازمیر کی مرضی تھی سوائے آئرہ کے اُسے ازمیر کا اتنا حساس ہونا دیوانگی دیکھنا ایک آنکھ نا بھاتا تھا اور یہ چیز ازمیر سمجھتا تھا لیکن وہ چاہ کے بھی پیچھے نہیں ہٹ سکتا تھا کیونکے وہ اب کافی دُور نکل چُکا تھا وہ جلد از جلد آئرہ کو اپنا لینا چاہتا تھا ۔۔۔

"ارے آوازمی بیٹا کیسے ہو ماہ نور اور میر کیسے ہیں"

دائم مسکرا کے گویا ہوا تھا ۔۔۔

"جی تایا جان سب ٹھیک ہیں آپ سب کیسے ہیں"؟

"ہاں بیٹا الحمداللہ سب ٹھیک ہیں خیر بتاو کیسے آنا ہوا"؟

"تایا جان آج مجھے اپنی تائی جان کے ہاتھ کی بریانی کھانے کا بہت دل کر رہا تھا سو چلا آیا میں "

ازمیر مسکرا کر گویا ہوا کہ سامنے سے آتی مشال بھی اُسکی بات سُنتے مسکرائے بنا رہ نہیں سکی تھی ۔۔۔

"کیوں نہیں بیٹا اتفاق سے میں نے آج خُود بریانی بنائی ہے اور ڈنر بس ریڈی ہونے ہی والا ہے تم کھانا کھا کے ہی جانا رائم بھی آتا ہو گا آفس سے "

مشال مسکرا کے گویا ہوئی تھی ۔۔۔

"آئرہ بیٹے آپ کو کچھ بات کرنی تھی مُجھ سے "

ازمیر نے ایک گہری نگاہ آئرہ پہ ڈالی جو وائیٹ شرٹ اور بلیو جینز زیب تن کیے ہوئے سیدھا اُسکے دل میں اُتر رہی تھی ۔۔۔

"ڈیڑھ دو دن بعد میرے نیو سانگ کی ریکارڈنگ ہے اس سلسلے میں مجھے چار پانچ دن کے لیے کراچی جانا ہو گا تو کیا میں اکیلی چلی جاوں"؟

آئرہ کی بات سُنتے ازمیر نے سنجیدہ نگاہوں سے اُسے دیکھا تھا اُسے آئرہ کا اکیلا آنا جانا بالکل پسند نہیں تھا اس سے پہلے کہ دائم کچھ کہتا ازمیر گویا ہوا ۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

www.kohnovelsurdu.com

"تایا جان مجھے بھی کراچی جانا تھا آجکل میں تو کیا میں آئرہ کو اپنے ساتھ لے جاوں"؟

"کیوں نہیں بیٹا اِس سے اچھی بات کیا ہو گی کہ تم ساتھ میں ہو گے ویسے بھی آئرہ پہلی دفعہ اتنا دُور جا رہی ہے وہ بھی اکیلے تو اگر تم ساتھ ہوئے تو مجھے ٹینشن نہیں ہو گی "

"نہیں ڈیڈ میں رائم بھائی کے ساتھ چلی جاوں گی مجھے کسی کے احسان کی ضرورت نہیں ہے "

آئرہ سرد لہجے میں گویا ہوئی تھی ۔۔۔

"بیٹا رائم کل فری نہیں ہے اُسکی کل بہت ضروری میٹنگ ہے فارن کلائنٹس کے ساتھ اُسکا اِس میٹنگ میں ہونا بہت ضروری ہے اور دُرید بھی گھر پہ نہیں ہے وہ ہوتا تو میں خُود ساتھ چلا تا اپنے بیٹے کے اسلیے بیٹا آپ ازمیر کے ساتھ ہی چلی جاو "

دائم نے آئرہ کو پیار سے سمجھایا تھا کہ آئرہ ازمیر کو سخت نگاہوں سے گھورتے ہوئے وہاں سے اُٹھتے ہوئے قدم اوپر کی جانب بڑھا گئی تھی جبکے دائم اُسکے ضدی پن پہ سر کو نفی میں ہلا گیا تھا ۔۔۔

★★★

آئرہ غُصے سے اپنے روم میں ٹہلتے ہوئے اناری لبوں کو اضطرابی کیفیت میں کچل رہی تھی وہ اسی اثنا میں کھڑی تھی جبھی ازمیر اُسکے کمرے میں پوری شان سے داخل ہوا کہ آئرہ جو پلٹی تھی اسکو اپنے کمرے میں دیکھ کے شدید کوفت شکار ہوئی تھی جتنا وہ اُس سے دُور بھاگتی تھی اتنا ہی وہ پاس آتا تھا ۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"آپ اب میرے کمرے میں کیوں آگئے ہیں نیچے ڈیڈ کی نظروں میں اچھا بننے کا ناٹک کر لیا نا آپ نے تو اب کیا لینے آئے ہیں یہاں"؟

آئرہ ازمیر کو دیکھتے ہوئے گویا ہوئی جو اُس سے کچھ ہی فاصلے پہ کھڑا تھا ---

"تم مجھے اتنا غلط کیوں سمجھتی ہو آئرہ تمھیں ایسا کیوں لگتا ہے کہ یہ سب جو میں کرتا ہوں وہ دِکھاوا ہے کیا تمھیں میری آنکھوں میں اپنے لیے محبت نہیں نظر آتی"؟

ازمیر دُکھی لہجے میں گویا ہوا تھا کہ آئرہ کے لبوں پہ طنزیہ مسکان چھا گئی تھی ---

"آپ خُود کو کیوں بے مول کر رہے ہیں میرے سامنے آپ کو کیوں سمجھ نہیں آتا کہ جو فیلنگز آپ میرے لیے رکھتے ہیں میں ایسا فیل نہیں کرتی آپ کے لیے میں آپکو اپنا بھائی سمجھتی "

اس سے پہلے آئرہ اپنا جُملہ مکمل کرتی ازمیر آئرہ کی بازو کو اپنی سخت گرفت میں لے گیا تھا کہ آئرہ اُسکے اسقدر وحشیانہ لمس پہ درد سے کراہ اُٹھی تھی ---

"چھوڑیں مجھے آپ پاگل ہیں کیا؟ درد ہو رہا ہے مجھے ازمی بھا "

"خبردار جو اب تمنے مجھے اپنا بھائی کہا ہو تو نہیں ہوں میں تمہارا بھائی ڈیم اٹ سمجھ نہیں آتی تمھیں پیار کرتا ہوں میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں اور تم یہ بکواس کر رہی ہو"؟

ازمیر طیش بھرے لہجے میں گویا ہوا جسکے گہری بھوری آنکھیں شدید غُصے کے سبب لال انگارہ ہوئیں تھیں ---

"بکواس میں نہیں آپ کر رہے ہیں سمجھے آپ عجیب پاگل ہیں میں مان نہیں رہی تو زبردستی کریں گے اب آپ ہاں"؟

آئرہ غُصے میں لال پیلی ہوتی گویا ہوئی تھی ۔۔۔

"زبردستی ہی سہی لیکن اگر اب تمھیں اپنے نام نا کیا نا تو میرا نام بھی ازمیر میر ارسلان بٹ نہیں "

ازمیر سلگتے لہجے میں گویا ہوتے منظر سے ہٹا تھا جبکے آئرہ نے غُصے میں آتے اپنا کمرا تہس نہس کر کے رکھ دیا تھا ۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. **Whatsapp Group Link**

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

چوتھی قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode4

لیزا اپنے اپارٹمنٹ میں داخل ہوئی تو لاونج میں سامنے ہی نتاشا اپنے نیلز پہ نیل پالش لگاتی ہوئی نظر آئی لیزا کو دیکھ کر نیل پالش ٹیبل پہ رکھتی گویا ہوئی۔۔۔

"آگئی میری جان کیسی رہی پھر پارٹی اور ہاں کام کا کیا بنا"؟

نتاشا کے یکدم اتنے سوال پوچھنے پہ لیزا کھل کر ہنسی تھی۔۔۔

"پارٹی بہت انٹرسٹنگ تھی مام اور جہاں تک رہی بات کام کی تو وہ"

لیزا نے اپنے کلچ میں سے "پاکیمر" نکالتے نتاشا کے ہاتھ میں تھمادیا کہ نتاشا کی تو جیسے آنکھیں چندھیا گئی تھیں اتنی مالیت کے ہیرے کو دیکھتے۔۔۔

"آئیم سوپر اوڈ آف یو بے بی آج تو تمنے میرا دِل خُوش کر دیا"

نتاشا لیزا کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"نتاشالغاری کی بیٹی لیز الغاری ہوں میں اور میں جس کام کو کرنے کی ٹھان لوں نا اُسکو کر کے ہی دم لیتی ہوں"

لیزا کے لہجے میں غرور تھا جبکہ لبوں پہ خوب صورت مسکراہٹ تھی۔۔۔

"لیزا میری جان تمھیں کچھ دِنوں کے لیے یہاں سے کسی دُوسرے شہر جانا ہو گا"

"بٹ مما کیوں مجھے کیوں جانا ہے وہ کونسا مجھے ڈھونڈتے ہوئے یہاں پہنچ جائیں گے"؟

"لیزا میں نے ابھی نیوز میں دیکھا ہے پورے سوشل میڈیا ٹی وی چینلز میں "پا کیمر" کے چوری ہونے کی خبر بریکنگ نیوز بنی ہوئی ہے تمہاری جان کو خطرہ ہے پولیس کسی وقت بھی پہنچ سکتی ہے یہاں"

"لیکن مام مجھے تو اُن لوگوں میں سے کسی نے دیکھا ہی نہیں"

لیزا نتاشا کی جانب دیکھتے گویا ہوئی یکا یک اُسے یاد آیا کہ دُرید تو اُسے دیکھ چُکا تھا یقیناً وہ اُسکا پیچھا ضرور کرے گا۔۔۔

"آئی تھنک مما یو آر رائیٹ آئی ہیو ٹو گو بٹ ویئر وِل آئی گو"؟

I Think Mama You're Right I Have To Go "

?"But Where Will I Go

لیزا نے نتاشا کی جانب دیکھتے کہا چہرے پہ پریشانی کے تاثرات چھا گئے تھے۔۔۔

"لین کاسٹر جاوگی تم میں نے احتیاطاً سب کچھ ارینج کروادیا تھا تم ایک ویک کے لیے ہوٹل میں سٹے کروگی اُسکے بعد یہاں واپس آجانا اور کوشش کرنا زیادہ کسی سے بات مت کرنا"

"ٹھیک ہے مما لیکن آپ کہاں جائیں گی وہ لوگ تو آپ کی تلاش میں بھی آسکتے یہاں"؟

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"بیٹا میں شیرازی صاحب کے وِلا میں سٹے کر لوں گی کچھ دن کے لیے"

"لیکن مما وہاں اُنکی وائف بھی ہوں گی"؟

"بیٹا تم اچھے سے جانتی ہو میں اور شیرازی صرف اچھے دوست ہیں اور اُسکی بیوی اور شیرازی تو کل رات کی فلائیٹ سے امریکا جا رہے ہیں تو تم ٹینشن مت لو"

نتاشا نے جھوٹ بولتے کہا تھا کہ لیزا شیرازی اور نتاشا کے ناجائز تعلقات سے ناواقف تھی۔۔۔

"ٹھیک ہے مما مجھے بہت بُھوک لگی ہوئی ہے"؟

"ڈنر ریڈی ہے تم فریش ہو جاو میں لگاتی ہوں پھر تمھیں نکلنا بھی ہے"

نتاشا لیزا کا ہاتھ چومتے اُٹھ کھڑی ہوئی تھی۔۔۔

★★★

صُبح کے نو بج چُکے تھے جبکے آدھے گھنٹے میں ازمیر آئرہ کو پک کرنے آنے ہی والا تھا اُنکا ارادہ بائے روڈ جانے ہی کا تھا آئرہ نے ڈریسنگ کے سامنے کھڑے ہوتے ایک سرسری نگاہ خُود پہ ڈالی تھی بلیو کلر کی لمبی قمیض کے نیچے وائیٹ کلر کا چُوری دار پاجامہ زیب تن کیے گلے میں ڈائمنڈ کی خوبصورت باریک سی چین زیب تن کیے جبکے کانوں میں سلور کلر کے بھاری آویزے ڈالے میک اپ کے نام پہ آنکھوں میں کاجل کی ایک لکیر ڈالے جبکے لبوں پہ شاکنگ پنک کلر کا لپ گلوس لگائے پاوں میں وائیٹ کھسے زیب تن کیے وہ بہت خوبصورت دیکھائی دے رہی تھی آئرہ کم ہی ایشین ڈریسز پہنتی تھی جبھی آج پہنا تو بہت الگ اور پیاری لگ رہی تھی بیڈ پہ پڑا دوپٹے اُٹھا کے گلے میں ڈالتی آئرہ اپنے بیگ میں اپنا موبائل اور چارجر ڈال رہی تھی جبھی دروازے پہ دستک ہوئی۔۔۔

"آجائیں"

"بی بی جی وہ ازمیر صاحب نیچے آچکے ہیں آپ کو بڑے صاحب اور بڑی بیگم صاحبہ بُلا رہے ہیں"

"ٹھیک ہے یہ میرا لگیج لو اور نیچے جاو تم میں بس آرہی ہوں"

آئرہ کے حکم دینے پہ ملازمہ سر کو اثبات میں ہلاتی نیچے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

آئرہ سیڑھیوں سے نیچے اُتر رہی تھی کہ بیک وقت ازمیر کی نظر اُسپر پڑی تو گویا پلٹنا ہی بُھول گئی کیونکے وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی کہ ازمیر کئی ثانیے اُسپر سے اپنی بے تاب نگاہیں ناہٹا پایا تھا۔۔۔

"ہو گئی تیار بیٹا"؟

مشال نے آگے بڑھتے پوچھا تھا کہ آئرہ مسکرا کے سر کو ہاں میں ہلا گئی۔۔۔

"ٹھیک ہے تایا جان پھر ہم نکلتے ہیں لیٹ نا ہو جائیں"

"ہاں بیٹا کیوں نہیں خیر سے جاو خیر سے آو"

دائم نے مسکرا کے کہتے آئرہ کا ماتھا چوما تھا جبکے آئرہ مشال کے گلے لگی تھی ازمیر بھی سب سے اجازت لیتا باہر پورچ کی جانب بڑھ گیا جبکے آئرہ گہرا سانس بھرتی اُسکے پیچھے چل دی تھی۔۔۔

★★★

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"سر مہروز نے سختی سے ہدایات دی ہیں کہ اگلے دو دن کے اندر اندر "پا کیمر" واپس چاہیے بریکنگ نیوز بنی ہوئی ہے سوشل میڈیا ہر جگہ یہ خبر پھیل چکی ہے کہ "پا کیمر" چوری ہو چکا ہے"

سعد دُرید کے زخم کی ڈریسنگ کرتا گویا ہوا تھا کہ دُرید لبوں کو سختی سے بھینچ گیا تھا۔۔۔

"صرف اتنا ہی کہا سر نے یا کچھ اور بھی"

دُرید سگریٹ لبوں میں دباتا گویا ہوا تھا۔۔۔

"سر نے واضح طور پہ کہا ہے کہ "پا کیمر" کے ساتھ اُسے بھی تلاشنا ہے جسنے اُسے چُرایا ہے اور وہ جیسے ہی ملے اُسے بھی ختم کر دیں آپ"

سعد کے یہ کہنے پہ دُرید کی سبز آنکھوں پل بھر میں لال انگارہ ہوئیں تھیں دُرید کے علاوہ یہ کوئی نہیں جانتا تھا کہ "پا کیمر" لیزا نے چُرایا ہے حتہ کے سعد کو بھی نہیں جو دُرید کا رائیٹ ہینڈ تھا۔۔۔

"سعد تم میرا ایک کام کرو گے"؟

کچھ پلوں کے توقف کے بعد دُرید گویا ہوا تھا۔۔۔

"سر آپ پوچھا مت کریں بس حکم کیا کریں"

"لیزا الغاری کو جانتے ہو کیا تم"؟

"جی سر وہ غالباً شیرازی کی دوست کی بیٹی ہیں"

"کیا نام ہے اُنکی دوست کا"؟

دُرید کو تجسس نے آن گھیرا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"نتاشالغاری"

سعد کے منہ سے نتاشا کا نام سُنتے دُرید سناٹوں کی زد میں تھا جیسے کئی ثانیے تو کچھ کہہ ہی نا پایا وہ۔۔۔

"سر آپ ٹھیک ہیں نا"؟

سعد دُرید کو گم صم دیکھ کر فکر مندی سے گویا ہوا تھا۔۔۔

"ہاں ٹھیک ہوں میں تم ایسا کرو کیسے بھی کر کے پتہ لگاؤ کہ اسوقت لیزا لغاری کہاں پہ ہے اُسکی لوکیشن ٹریس کرو کسی طرح بس"

دُرید سگریٹ کو اپنے پاؤں تلے کچلتے گویا ہوا۔۔۔

"ٹھیک ہے سر جیسا آپ کہیں"

سعد دُرید کے چہرے کے تاثُرات کو بغور نوٹ کرتے ہوئے منظر سے ہٹا تھا۔۔۔

★★★

رُوحی کیچن میں گم صم سی کھڑی تھی جب اچانک ہی اُسکے شانے پہ رشیدہ بی (ملازمہ) نے ہاتھ رکھا تھا۔۔۔

"کیا سوچ رہی ہو بیٹیا"؟

رشیدہ بی کے پوچھنے پہ رُوحی نے ایک نظر اُنپر ڈالی تھی۔۔۔

"سوچ رہی ہوں کہ اگر آج میرے ماں باپ زندہ ہوتے تو میں ایسی زندگی کبھی نا گزار رہی ہوتی" رُوحی نے گہرا سانس بھرتے کہا تھا۔۔۔

"تمنے ٹھیک کہا اگر آج بڑے صاحب اور بڑی بیگم صاحبہ زندہ ہوتے تو تمہارے ساتھ ایسا سلوک کبھی نا ہونے دیتے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"انسان کتنا بے بس ہے نا رشیدہ بی وہ جن سے پیار کرتا ہے اُنکو خُود سے دُور جاتا ہوا تو دیکھ لیتا ہے لیکن اُنھیں بچا نہیں سکتا"

رُوحی نے بھیگ لہجے اور آنکھوں میں نمی لیے کہا کہ رشیدہ بی اُسکے یوں اُداس ہونے پہ تڑپ کے رہ گئی تھیں جب سے رُوحان اور رابیل اِس دُنیا سے رُخصت ہوئے تھے تب سے رشیدہ بی رُوحی کا خیال رکھ رہی تھیں رُوحان اور رابیل کی موت کو پانچ سال گزر چُکے تھے رُوحی تب بیس سال کی تھی اور اب پچیس سال کی ہو چُکی تھی رشیدہ بی نے رُوحی کو اپنی سگی اولاد کی طرح ہی پالا تھا جبکہ رُوحی بھی رشیدہ بی کو اپنی ماں کا درجہ دیتی تھیں ابھی وہ دُونوں اسی اثنا میں کھڑی تھیں جب ماتھے پہ بل ڈالے مہناز اندر داخل ہوئی تھی۔

"ارے آج رات کا کھانا ملے گا بھی کہ نہیں دُونوں دو گھنٹے سے کیچن میں گھسی ہوئی ہو گپیں ہانک رہی ہو جانتی بھی ہو اس وقت تمہارے صاحب آفس سے تھکے ہارے آتے ہیں اور آتے ہی اُنکو کھانا چاہیے ہوتا ہے ہزار بار سمجھا چُکی ہوں لیکن مجال ہے کسی بات کا اثر ہو جائے تم دُونوں پہ" مہناز سخت لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اتنی ہی جلدی ہوتی ہے تو خُود بنا لیا کریں نا کھانا ویسے بھی ہمارے ہاتھ کے بنے ہوئے کھانوں میں تو سو سو کیڑے نکالنے بیٹھ جاتی ہیں آپ اور ویسے بھی آپ کے شوہر الگ کھانے کی فرمائش کرتے ہیں بیٹا بیٹی الگ اور آپ الگ ہم لوگ بھی انسان ہیں چار لوگ ہیں آپ لوگ لیکن کھانا دس بارہ بندوں جتنا کھاتے ہیں انسانیت نام کی تو چیز ہی نہیں آپ میں" رُوحی فوراً حساب بے باک کرتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اے لڑکی اپنی حد میں رہو ایک اور لفظ منہ سے نکالا نا تو زبان کھینچ لوں گی تمہاری زیادہ ہی پر پرے نہیں نکل آئے تمہارے ہمارے ہی پیسے پہ پل رہی ہو اور باتیں بھی ہمیں ہی سُنا رہی ہو"

"میں آپ کے پیسے پہ پل رہی ہوں یا آپ لوگ کسی زہریلے سانپ کی طرح میرے ہی باپ کے مال پہ کنڈلی مارے بیٹھے ہیں ہاں؟ یتیموں کا حق کھاتے ہوئے یقیناً آپ لوگوں کو شرم تو آتی نہیں ہو گی"

"رشیدہ بی میں کہتی ہوں سمجھالو اِسکو میری بھی برداشت کی ایک حد ہے چھوٹے بڑے کی تمیز تو ماں باپ نے سیکھائی ہی نہیں اِسکو ارے بڑے چھوٹے کا لحاظ ہی نہیں رہا ماں باپ کے مر جانے کے بعد خُوب نام روشن کر رہی ہے اُنکا"

"بیگم صاحبہ بچی ہے نادان ہے معافی چاہتی ہوں آئیندہ ایسا نہیں ہو گا آپ چلیے نا بیف بریانی کو دم لگا دیا ہے میں نے قورمہ، اچاری ہانڈی چکن پاستا مٹن کا سالن اور، سلاد رائتہ اور میٹھا بھی بس تیار ہی ہے میں لگاتی ہوں کھانا" رشیدہ بی بات سنبھالتے ہوئے گویا ہوئیں جبکے مہناز رُوحی کو گھورتے ہوئے وہاں سے ہٹی تھیں۔۔۔

"کیوں کرتی ہیں آپ اتنا کام یہ انسان نہیں جانور ہیں اور مجھے کیوں نہیں جواب دینے دیا میں دماغ دُرست کر دیتی اِنکا"

"بیٹا چھوڑو اللہ تو دیکھ رہا ہے نا سب وہ انصاف کرے گا وہ بدلہ لے گا تمہارا انشااللہ"

رشیدہ بی کے کہنے پہ رُوحی خاموش ہو گئی تھی۔۔۔

"رُوحی بیٹیا تمھیں ایک مشہورہ دُوں میں"؟

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

رشیدہ بی کچھ پلوں کے توقف کے بعد گویا ہوئی تھیں۔۔

"جی رشیدہ بی کہیں نا"

"بیٹیا تم اتنی پڑھی لکھی ہو تو تم کوئی اچھی نوکری کیوں نہیں کر لیتی اِس سے تمہاری ضروریات بھی پوری ہو جائیں گی اور تمہارا دھیان بھی بٹ جائے گا" رشیدہ بی کی بات سُنتے رُوحی نے ایک نظر اُنکی جانب دیکھا اور یکایک اُسکا دماغ تیزی سے گردش کرنے لگا۔

"رشیدہ بی یہ خیال مجھے کیوں نہیں آیا پہلے میں نے بزنس ایڈ مینسٹریشن میں ڈگری لی ہوئی ہے مجھے تو کسی بھی اچھی جگہ جاب مل جائے گی اچھی جگہ جاب ملے گی تو سیلری بھی اچھی ہو گی پھر میں وکیل کروں گی اپنا حق لوں گی اِن سے پانچ سے جو ظلم یہ لوگ ہم پہ کرتے آئے ہیں اُن سبکا حساب لوں گی میں اِن سب سے"

رُوحی پر جوش لہجے میں گویا ہوئی کہ رشیدہ بی سر کو اثبات میں ہلاتی گویا ہوئیں تھیں۔۔۔

"انشااللہ جیسے میری بیٹیا چاہتی ہے ویسا ہی ہو گا"

رشیدہ بی کے ڈھیروں دُعائیں دینے پہ رُوحی مسکرائے بنا نا رہ سکی تھی۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

پانچویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode5

لیزا اپنے اپارٹمنٹ میں داخل ہوئی تو لاونج میں سامنے ہی نتاشا اپنے نیلز پہ نیل پالش

ازمیر آئرہ کو ساتھ لیے لاہور کی حدود میں داخل ہو چُکا تھا آئرہ اپنا موبائل پکڑے اپنے اسسٹینٹ سے بات چیت میں مصروف تھی جبھی ازمیر نے یکدم گاڑی کو بریکس لگائی تھیں کہ آئرہ جو اپنے دھیان میں مگن تھی نگاہ اُٹھا کے باہر کی جانب دیکھا ازمیر نے گاڑی فائیو سٹار ہوٹل کے آگے روکی تھی آئرہ نے نا سمجھی سے ازمیر کی جانب دیکھا تھا۔۔۔

"چلو اُترو "

"لیکن کیوں آپ نے گاڑی یہاں کیوں روک دی"؟

"اسوقت دن کا ایک بج رہا ہے لنچ کا ٹائم ہے بُھوک لگی ہو گی تمھیں اسلیے چلو "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"نہیں مجھے بُھوک نہیں ہے آپ پلیز چلیے "

"میں نے تم سے پوچھا نہیں ہے کہ تمھیں بُھوک ہے یا نہیں بتایا ہے جلدی سے اُترو یا پھر میں اُٹھا کے اندر لیجاوں "

آئرہ کو ازمیر سے اتنی بے باکی کی اُمید تو نہیں تھی لال ہوتے چہرے کے ساتھ لبوں کو کچلتے مرتی کیا نا کرتی آئرہ گاڑی سے اُتری تھی اور دُونوں ایک ساتھ ہی ہوٹل میں داخل ہوئے تھے۔۔۔

"کیا کھاو گی"؟

ازمیر نے آئرہ کی جانب دیکھتے پوچھا تھا جو ہنوز موبائل میں مصروف تھی۔۔۔

"میں نے کہا نا بُھوک نہیں مجھے آپ خُود جو کھائیں گے منگوا لیں "

ٹھیک ہے پھر جو میں کھاوں گا وہی تم بھی کھاو گی

ازمیر نے سنجیدہ لہجے میں کہا تھا کہ آئرہ کے ماتھے پہ بل پڑے تھے وہ اُسکی جان چھوڑنے کو تیار ہی نا تھا عجیب انسان تھا اتنی بار آئرہ نے اُسے ٹُھکرایا تھا لیکن اُسپر اثر ہی نہیں ہوتا تھا۔۔۔

"بہت ڈھیٹ ہیں آپ "

آئرہ کے کہنے پہ ازمیر کے لبوں پہ دلکش مسکراہٹ اُبھر آئی تھی۔۔۔

"چلو تمنے مُجھ میں کچھ تو نوٹ کیا "

ازمیر کے کہنے پہ آئرہ دانت پیس کے رہ گئی تھی وہ لوگ ابھی اسی اثنا میں بیٹھتے تھے کہ بیک وقت وہاں دو لڑکیاں آئیں تھیں۔۔۔

"اومائے گاڈ یہ تو وہ سُپر ہٹ سنگر آئرہ دُرانی ہے یار اِنکی آواز کتنی پیاری ہے چلو آو چل کے اِنکا آٹو گراف لیتے ہیں "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

وہ دُونوں لڑکیاں آپس میں سرگوشی کرتے اُنکی جانب بڑھی تھیں۔۔۔

"ہیلو میم ہم دُونوں آپ کی بہت بڑی فین ہیں او مائے گاڈ آپکی آواز کتنی پیاری ہے "

وہ دُونوں آئرہ کے ہاتھ تھامتے ہوئے گویا ہوئیں کہ ازمیر کو بالکل برداشت نہیں تھا کہ آئرہ کو کوئی لڑکی بھی چھوئے وہ اُسکو لیکر بہت پوزیسسو تھا۔۔۔

"تھینک یو گائز "

آئرہ مسکرا کے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"میم ماشاءاللہ آپ بہت خُوب صورت ہیں کیا آپ ہمیں آٹو گراف دیں گی"؟

وہ دُونوں مسکراتے ہوئے گویا ہوئیں تھیں۔۔۔

"شیور وائے ناٹ "

آئرہ نے کہہ کر اُنکے ہاتھ میں موجود ڈائری اور پین تھامتے اپنا آٹو گراف دیا تھا۔۔۔

"میم ماشاءاللہ آپ کی اور سر کی جوڑی بہت اچھی ہے آئی تھنک سو آپ دُونوں ہسبنڈ وائف ہیں ہے نا"؟

وہ لڑکیاں خُوش ہوتی گویا ہوئی تھیں کہ آئرہ اُنکی اِس بات پہ پہلو بدل کر رہ گئی تھی۔۔۔

"ہاں جی بالکل آپ لوگ بالکل صحیح کہہ رہے ہو شی از مائے وائف "

ازمیر جھٹ پٹ بولا تھا کہ آئرہ نے اُسے گھور کر دیکھا تھا۔۔۔

"ڈیٹس سو گریٹ آپ لوگوں کی جوڑی ماشاءاللہ سے بہت بہت خُوبصورت ہے اگر آپ کو بُرا نا لگے تو کیا ہم آپ دُونوں کی پک لے لیں"؟

اس سے پہلے کہ آئرہ اُنھیں روکتی ازمیر گویا ہوا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"بالکل آپ لے سکتی ہیں لیکن میرے موبائل میں اصل میں ہم اپنی پرسنل چیزوں کو پرائیوٹ رکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں "

ازمیر کے کہنے پہ وہ دُونوں مسکرا کے سر کو ہلا گئی تھیں۔۔۔

"میم آپ تھوڑی کلوز ہوں نا سر کے ساتھ آفٹر آل ہی از یور ہسبنڈ "

وہ لڑکی ہنستی ہوئی گویا کہ ازمیر جو آئرہ سے کچھ ہی دُور تھا ایک ہی جست میں اُس تک پہنچتے اُسکی کمر میں ہاتھ ڈال گیا کہ آئرہ اِس اچانک ہوئی افتاد پہ گھبرا گئی تھی۔۔۔

"اب بنایئے آپ پکچرز "

ازمیر کے کہنے پہ اُن دُونوں نے اُنکی تین سے چار خُوب صورت پکچرز کلک کی تھیں اور پھر اُن سے اجازت لیتی آگے کی جانب بڑھ گئی تھیں۔۔۔

"کیا ضرورت تھی جُھوٹ بولنے کی اُنسے آپ کو معلوم بھی ہے آپ نے کیا کہا ہے"؟

آئرہ برہم ہوتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"بالکل معلوم ہے آج نہیں تو کل تم میری بیوی بن ہی جاوگی پھر جو سبکو پتہ چلنا ہے سوچا ابھی بتادُوں"

ازمیر آئرہ کے لال ہوتے چہرے کو دلچسپی سے دیکھتا گویا ہوا۔۔۔

"یہ خواہش کبھی نہیں پوری ہونے والی آپکی "

آئرہ تیکھے چتونوں سمیت ازمیر کو گھورتے کہا تھا کہ بیک وقت ویٹر کھانا سروس کرنے آگیا تھا۔۔۔

"چلو اب باقی باتیں بعد میں کر لینا پہلے کھانا کھاو "

ازمیر نے آئرہ کی جانب دیکھتے کہا تھا جو منہ بسورتے ہوئے کھانے کی جانب متوجہ ہوگئی تھی۔۔۔

★★★

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

دُرید کو لیزا کا پتہ چل چُکا تھا کہ وہ اِسوقت انگلینڈ کے شہر لین کاسٹر کے کس ہوٹل میں سٹے (رُکی) ہوئی ہے جبھی وہ تیار ہو رہا تھا جو وہ سوچ رہا تھا اگر ایسا ہو جاتا تو دُرید کی تو جیسے تلاش ہی ختم ہو جاتی ایک عرصے سے وہ دانین کو تلاش رہا تھا لیکن وہ اُسے کہی نا ملی لیکن اب جب اُسے معلوم ہوا کہ نتاشا لغاری کی ایک بیٹی ہے تو اُسے اُمید کی ایک کرن نظر آئی تھی۔۔۔

★ ماضی۔۔۔

★ پچیس سال پہلے۔۔۔

دانین اور دُرید کا نکاح بچپن ہی میں ہو گیا تھا جب اُن دُونوں کا نکاح ہوا تب دانین کی عمر سات سال جبکے دُرید کی عمر چودہ سال تھی نکاح جلدی اِس لیے کروایا گیا کیوں کے دُرید کی دیوانگی کسی سے ڈھکی چُھپی نہیں تھی وہ دانین کو لیکر حد درجہ حساس تھا وہ اُسکی ہر بڑی چھوٹی بات کا خیال خُود رکھتا تھا کئی دفعہ تو وہ اُسے اُسکے گھر واپس نہیں جانے دیتا تھا دانین کی معمولی سی تکلیف اُس سے برداشت نہیں ہوتی تھی دانین اور دُرید ایک ہی سکول میں پڑھتے تھے اِس لیے دُرید ہر کسی کو کہتا رہتا کہ وہ بڑا ہو کے دانین سے شادی کرے گا اور یہی حال دانین کا بھی تھا وہ بھی ہر وقت دُرید کے ساتھ رہنا چاہتی تھی اُسے تو اپنے گھر رہنے کا شوق ہی نہیں تھا ہر وقت دُرید سے باتیں کرنا اُس سے کھیلنا اُسکے ساتھ ہر جگہ آنا جانا دانین کو بہت پسند تھا دائم اور میر نے اِس معاملے کو سنجیدگی سے لیا تھا وہ نہیں چاہتے تھے کہ کل کو جب اُنکے بچے بڑے ہوں تو لوگ اُنکے خلاف باتیں بنائیں اسلیے اُنھیں اُن دُونوں کا نکاح کروانا بہترین آپشن لگا مشال اور ماہ نور تو بہت خُوش تھیں اِس فیصلے سے جبھی سبکی رضامندی جانتے ہوئے دانین اور دُرید کا نکاح کر دیا گیا تھا دُرید تو خُوشی سے پُھولے نہیں سما پا رہا تھا اُسکی مراد بر آئی تھی البتہ دانین ابھی چھوٹی تھی لیکن جب ماہ نور نے اُسے یہ بتایا کہ وہ بڑے ہو کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دُرید کے ساتھ رہے گی تب تو دانین کی خُوشی بھی دیدنی تھی سبکی یہی مرضی تھی کہ دُونوں بچوں کے جوان ہوتے ہی رُخصتی کر دی

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

جائے گی دُونوں کے نکاح کو کچھ ماہ بیت چُکے تھے دن ہنسی خُوشی گزر رہے تھے جب اچانک ہی ایک دن دانین کڈنیپ ہو گئی ہوا کچھ یوں کے ماہ نور اور دانین شاپنگ پہ گئی ہوئی تھیں جب اچانک ہی دانین کا ہاتھ ماہ نور کے ہاتھ سے چھُوٹا تھا ماہ نور جو ڈریس کی پے منٹ کر کے فارغ ہی ہوئی تھی دانین کو پاس ناپا کر بُوکھلا گئی تھی ہر جگہ پتہ کر لینے کے بعد بھی اور سی سی ٹی وی فوٹیج بھی دیکھ لی لیکن دانین کا کوئی سُراغ نا مل سکا تھا دائم اور میر کو نتاشا کے رہا ہونے کی خبر مل چُکی تھی لیکن وہ نہیں جانتے تھے کہ نتاشا انگلینڈ میں مقیم ہے اُنھیں شک تو تھا اُسپہ اپنے سورسز کے ذریعے پتہ بھی کروانا چاہا لیکن کبھی نتاشا کے بارے میں ٹھیک سے معلوم کروانا پائے کیوں کے شیرازی نتاشا کا بوائے فرینڈ تھا نتاشا کو شیرازی کی فل سپورٹ حاصل تھی اگر وہ نتاشا کو چھڑوا کے راتوں رات پاکستان سے باہر بھیجوا سکتا تھا تو نتاشا اور دانین کو چھُپانا اُسکے لیے کوئی بڑی بات نا تھی نتاشا لغاری کی ضمانت شیرازی پہلے ہی کروا چُکا تھا اور نتاشا نے ہی دانین کو کڈنیپ کیا تھا کیوں کے وہ میر اور ماہ نور سے بدلہ لینا چاہتی تھی نتاشا فوراً ہی دانین کو لیکر شیرازی کی مدد سے انگلینڈ شفٹ ہو گئی تھی نتاشا نے دانین کو اُسکے گھر والوں کے اور دُرید کے اتنا خلاف کر دیا کہ وہ اُن لوگوں کی شکل دیکھنے کی روادار نہیں تھی ظاہر سی بات ہے دانین جب اغوا ہوئی محض سات سال کی تھی اتنی کچی عمر میں نتاشا نے جو جو اُسے بتایا اُسنے سب سچ مان لیا تھا اُس دن کے بعد سے میر دائم نے حتہ کہ دُرید از میر نے ہر جگہ تلاش کر لیا دانین کو لیکن وہ کہی نا ملی اُنھیں میر اور دائم تو ہمت ہار گئے لیکن دُرید نے ہمت نہیں ہاری آج پچیس سال بیت جانے کے بعد بھی وہ دانین کی تلاش میں لگا ہوا تھا دُرید کا راتوں کو تہجد میں رونا دانین کے ملنے کی دُعائیں کرنا اُسکا دانین کے لیے تڑپنا سسکنا اُسکے رب کو بھا گیا تھا اور شاید وقت آ گیا تھا کہ اِس دفعہ دُرید کی تلاش ختم ہو جانی تھی۔۔۔

★★★

اسوقت رات کے بارہ بجے تھے لیزا اسوقت ہوٹل کے روم میں موجود ماضی کی یادوں میں مبتلا تھی اُسے اپنے اور دُرید کے نکاح کا دن یاد تھا وہ کبھی بُھولی نہیں تھی لیکن جسطرح سے نتاشا نے اُسکا برین واش کیا

تھالیزااُن سب سے حددرجہ بدگمان ہوچکی تھی کچھ یادیں اُسکے ذہن کے پردوں پہ لہرا گئی تھیں کئی آنسو پلکوں پہ آٹھہرے تھے وہ رونا نہیں چاہتی تھی پھر بھی اُسے رونا آرہا تھا لاکھ کوششوں کے باوجود بھی وہ دُرید سے نفرت نا کرپائی تھی وہ انھی سوچوٗ میں ڈوبے بیڈ پہ براجمان تھی جبھی اُسے روم کا ڈور (دروازہ) ناک ہوا تھا وہ حیراں ہوئی کہ اسوقت کون آگیا تھا۔۔۔

"کون ہے"؟

"روم سروس میم "

لیزا کے پوچھنے پہ دُرید ہلکی آواز میں گویا ہوا تھا۔۔۔

لیزا نے مُقابل کی بات سُنتے دروازہ کھولا تھا دُرید نے وائیٹ شرٹ بلیک پینٹ پہن رکھی تھی جوں ہی وہ اندر داخل ہوا لیزا اُسکو پہچان گئی تھی اِس سے پہلے کہ وہ وہاں سے بھاگتی دُرید ایک ہی جست میں اُس تک پہنچتا اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالے اُسے اندر کی جانب کھینچتے دروازے کو لاک کر گیا تھا کہ لیزا سہمی نگاہوں سے اُسکی جانب دیکھے گئی جو اُسے خونخوار نگاہوں رہا تھا۔۔۔

"ک کیوں کیوں آئے ہو تم یہاں"؟

"پاکیمر "کہاں ہے؟ سیدھی طرح شرافت سے بتادو ورنہ اپنی گن کی ساری گولیاں تمہارے بھیجے میں اُتار دُوں گا "

دُرید طیش بھرے لہجے میں گویا ہوا تھا۔۔۔

"مم می مجھے نہیں معلوم کہاں ہے وہ"؟

لیزا کے جُھوٹ بولنے پہ دُرید لیزا کی کمر پہ دباو بڑھائے اُسکو سسکنے پہ مجبور کر گیا تھا۔۔۔

"سچ سُننا ہے مجھے لیزا الغاری بتاو کہاں ہے "پاکیمر" "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"وہ می میں نے بیچ دیا تھا کل رات ہی"؟

"واٹ آر یو اِن یور سینسیز"؟

" What Are You In Your Senses " ?

"اتنا قیمتی اور نایاب ہیرا بیچ دیا تمنے پاگل لڑکی"؟

دُرید لیزا کے کان میں طیش بھرے لہجے میں سرگوشی کرتا بولا کہ لیزا کو اسوقت دُرید کی سبز لال انگارہ ہوئی آنکھوں سے خُوف آ رہا تھا۔۔۔

"رسید کہاں ہے جہاں بیچا ہے یا شاپ کدھر ہے کتنے پیسوں میں بیچا ہے"؟

دُرید کے سوالات پہ لیزا مزید پریشان ہوئی تھی۔۔۔

"اسکا مطلب جُھوٹ بول رہی ہو تم ہے نا چلو دو منٹ ہیں تمہارے پاس جلدی سے بتاو کہاں ہے "پا کیمر""؟

دُرید گن کو لوڈ کرتا لیزا کے سر پہ تان چُکا تھا اِس سے پہلے کہ وہ گن چلاتا لیزا گویا ہوئی۔۔۔

"مما کے پاس ہے می میں نے مما کو دے دیا تھا "

"ابھی کے ابھی کال ملاو اپنی ماں کو اور پوچھو کے کہاں ہے "پا کیمر" "

دُرید کے چلانے پہ لیزا نے کانپتے ہاتھوں سے نتاشا کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔۔۔

"ایک منٹ خبردار اگر تمنے میرے بارے میں اپنی ماں کو بتایا تو تم تو مروگی ہی مروگی لیکن تمہاری ماں بھی زندہ نہیں رہے گی اور ہاں بات کرتے وقت سپیکر آن رکھنا "

دُرید نے دھمکی دی تھی کہ لیزا دُرید کو کھا جانے والی نگاہوں سے گھورتے ہوئے نتاشا کو کال ملا گئی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"ہیلو مما کیسی ہیں آپ"؟

"ہاں میری جان میں ٹھیک ہوں تم کیسی ہو"؟

"جی مما میں بھی ٹھیک ہوں "

"خیریت بیٹا اتنی رات کو فون کیا سب ٹھیک ہے نا"ہاں مما سب ٹھیک ہے مجھے آپ سے کچھ پوچھنا تھا۔

"ہاں پوچھو بے بی "

"مما آپ نے "پاکیمر "بیچ دیا کیا"؟

"ارے نہیں بیٹا ابھی کہاں ابھی تو میں "پاکیمر "کو وہی ہمارے اپارٹمنٹ میں رکھ کے آئی ہوں "

"مما آپ کے روم میں جو لاکر ہے وہی رکھا ہے نا "

"ہاں بیٹا وہی ہے لیکن تم کیوں پوچھ رہی ہو"؟

نتاشا نے سوال کیا تھا۔۔۔

"ایکچولی مما میں اسلیے پوچھ رہی تھی کیوں کے مجھے لگا آپ اُسے ساتھ لے گئی ہوں گی ایسے اکیلے نہیں چھوڑنا چاہیے تھا آپکو اُسے ایسا نا ہو پولیس وہاں بھی پہنچ جائے"؟

"میری جان تم فکر مت کرو میں پکا انتظام کر کے آئی ہوں اپارٹمنٹ بند ہے تو کون جائے گا وہاں تم پریشان مت ہو سو جاو رات کافی ہو گئی ہے گڈ نائیٹ لو یو بے بی "

"لو یو ٹو مما " لیزا نے کہہ کر کال ڈسکینکٹ کر دی تھی۔۔۔

تمہارے پاس ڈپلیکیٹ (نقلی) چابی ہے اپارٹمنٹ کی

لیزا نے خُشک لبوں کو تر کرتے سر کو ہاں میں ہلایا تھا

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"چلو " دُرید اُسکی کلائی پکڑتا اُسے اپنے ساتھ لیے باہر کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

★★★

رُوحی اپنے روم میں موجود نیوز پیپر ہاتھ میں پکڑے مختلف جابز کے اشتہارات دیکھ رہی تھی جبھی اُسکی نظر ایک اشتہار پہ پڑی دُرانی گروپ آف اِنڈسٹریز کی جاب کا اشتہار دیا ہوا تھا کمپنی کے سی ای او کے لیے اسسٹینٹ کی ضرورت تھی سیلری پیکج بہت شاندار تھا اور دن کا لنچ بھی آفس والوں کی جانب سے ہی ہوتا تھا اُسے یہ جاب ہر لحاظ سے خُود کے لیے سوٹ ایبل لگی تھی اُسنے فوراً اُنکا رابطہ نمبر اپنے موبائل میں سیو کر لیا تھا نمبر سیو کرتے اُسنے واٹس ایپ پہ اپنی سی وی بھیجی تھی اور اب اُنکے جواب کے انتظار میں تھی وہ اسی اثنا میں بیٹھی تھی جب رشیدہ بی چائے لیکر اندر آئی تھیں۔۔۔

"یہ لو بیٹیا چائے پیو "

" تھینکس رشیدہ بی آپ جانتی ہیں میں نے ابھی اخبار میں جاب کا اشتہار دیکھا ہے ساتھ ہی اپنی سی وی ڈراپ کر دی وہاں دُعا کریئے گا کہ اُنکا جواب ہاں ہی میں آئے "

"انشااللہ جیسا بیٹیا رانی چاہتی ہے ویسا ہی ہو گا ویسے بھی میرا دل کُڑھتا ہے تمھیں یہاں ایسے دیکھ کر تم نوکروں کے کواٹروں میں رہتی ہوئی بالکل اچھی نہیں لگتی تم تو ملکہ ہو اِس گھر کی اِن احسان فراموش لوگوں کو تو تمہاری قدر کرنی چاہیے اُلٹا تمہاری ساتھ ہی زیادتی کر دی اِنھوں نے "

رشیدہ بی افسوس کن لہجے میں گویا ہوئی تھیں۔۔۔

"رشیدہ بی وہ کہتے ہیں نا جس پہ احسان کرو اُسکے شر سے بچو بابا کو کیا معلوم تھا کہ وہ اپنے ہی آستین میں اِن سانپوں کو پال رہے ہیں ساری زندگی اِنکا خیال رکھا بڑے بھائی کا اور بھائی نے کیا سلوک کیا بھتیجی کے ساتھ میرا کمرہ جو ماما بابا نے ملکر خاص طور پہ میرے لیے بنوایا تھا اُس فاریہ کو دے دیا "

رُوحی اپنے دِل کا غُبار رشیدہ بی کے سامنے نکال ہی لیتی تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"لیکن جانتی ہیں رشیدہ بی مجھے پورا یقین ہے میرے اللہ پہ میرا انصاف کرے گا وہ انشااللہ میں اپنے باپ کی محنت کی کمائی کو یوں ضائع نہیں ہونے دُوں گی اپنا سب کچھ میں اِن سب سے واپس لیکر رہوں گی "

رُوحی پر یقین لہجے میں گویا ہوئی وہ دُونوں اِسی اثنا میں بیٹھی تھیں جبھی اُسکے نمبر پہ کال آنے لگی تھی۔۔۔

"جی میں ہی رُوحی کاظمی ہوں اور میں نے ہی اپنی سی وی ڈراپ کی تھی کچھ دیر پہلے "

"جی جی ٹھیک ہے بہت شکریہ میں کل ٹائم سے آجاوں گی "

رُوحی نے کہہ کر کال ڈسکینکٹ کردی تھی۔۔۔

"رشیدہ بی آپ کو پتہ مجھے کال آگئی ہے کل اُن لوگوں نے انٹرویو کے لیے بُلایا ہے "

رُوحی خُوشی کے مارے چہکتے ہوئے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اللہ پاک تمھیں کامیاب کرے بیٹا انشااللہ یہ نوکری میری بیٹیا ہی کو ملے گی "

رشیدہ بی مسکرا کے رُوحی کا ماتھا چومتے ہوئے گویا ہوئی تھیں۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

چھٹی قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode-6

لیزا نے لاکر کھول کر "پاکیمر "دُرید کو تھما دیا کہ دُرید نے سعد کو دے دیا تھا کہ اُسے اُسکی اصل جگہ پہنچا دے سعد "پاکیمر "لیتا ہوا وہاں سے جا چُکا تھا جبکہ لیزا اپنے اپارٹمنٹ کے روم میں موجود مسلسل لبوں کو کاٹتے ہوئے اضطرابی کیفیت میں یہاں سے وہاں ٹہل رہی تھی ابھی وہ اِسی اثنا میں کھڑی تھی کہ دُرید اُسکے روم میں داخل ہوا کسی کے قدموں کے آہٹ کو محسوس کر کے لیزا اپلٹی اور سامنے کھڑے دُرید کو دیکھ فوراً سے نگاہوں کا زاویہ بدل گئی لیکن دُرید کو اپنی جانب بڑھتے دیکھ کے اُسکے قدم خود بخود پیچھے کی جانب اُٹھنے لگے تھے دُرید چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتا لال آنکھوں سمیت بالکل لیزا کے نزدیک آچُکا تھا جبکہ لیزا پیچھے ہوتے ہوئے دیوار سے جا لگی تھی۔۔۔

"مم می مجھے جانے دو یہاں سے اب تو میں نے پاکیمر بھی لوٹا دیا ہے تمھیں"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

لیزا با مشکل اپنا جملہ مکمل کر پائی تھی کیوں کے دُرید اور اُسکے چہرے کے درمیاں انچ بھر کا فاصلہ دُرید کی دہکتی سلگتی نگاہیں اُسے اپنے چہرے پہ محسوس ہو رہی تھیں لیزا ایک بولڈ لڑکی تھی ہزار لوگوں میں اُسکا اُٹھنا بیٹھنا تھا لندن جیسے شہر میں مقیم تھی اور اُوپر سے یہاں کا ماحول لیکن آج سے پہلے لیزا اتنا گھبرائی نہیں تھی جتنی وہ دُرید کی سحر زدہ قربت میں گھبرا رہی تھی وہ شخص بہت پُر کشش پُر اسرار لگا تھا اُسے اُسکی سبز آنکھیں اتنی دلکش تھیں کہ کوئی بھی اِسکی آنکھوں میں باآسانی ڈوب سکتا تھا دُرید کوئی معمولی مرد ہر گز نہیں تھا اُسنے پچیس سال خُود کو دانین کے لیے سنبھال کر رکھا تھا۔۔۔

"تم جانتی ہو میں کون ہوں؟"

دُرید نے سبز آنکھوں میں چمک لیے ایک ہاتھ دیوار پہ رکھتے لیزا کے مزید نزدیک ہوا کہ لیزا کی سانس جیسے اٹکی تھی دُرید کو خُود کے اتنے قریب دیکھ کر۔۔۔

"د دُرید نام ہے آپکا اُس دن شیرازی صاحب نے بتایا جو تھا"

دانین اُسکی سحر زدہ قربت میں ہکلاتی گویا ہوئی کہ دُرید بے اختیار ہنس دیا اُسکے سفید موتیوں جیسے دانتوں کو اور اُسکی خُوبصورت مسکراہٹ کو دیکھتے لیزا کے دل نے بے ساختہ گواہی دی کہ وہ بہت شخص سچ مچ بہت خُوبصورت ہے کیا اُسکی آنکھیں کیا دانت کیا مسکراہٹ اور کیا ہی وہ چہرہ لیزا ایک ٹک اُسے ہنستے ہوئے دیکھے گئی تھی۔۔۔

"لگتا ہے مس لغاری آپکو میرا پورا نام معلوم نہیں یا پھر شیرازی صاحب بتانا بُھول گئے آپکو"

دُرید لیزا کے بالوں کی آوارہ لٹ کو کان کے پیچھے اڑیستا گویا ہوا کہ لیزا نے نا سمجھی سے اُسے کی جانب دیکھا تھا۔۔

"میں دُرید دُرانی ہوں دائم دُرانی اور مشال دُرانی کا بیٹا"

دُرید کی بات سُنتے لیزا کا پورا وجود جھٹکوں کی زد میں تھا تو جو وہ اُسکے لیے محسوس کرتی تھی وہ یوں ہی نہیں تھا اُسے جو ایکٹر یکشن اُسکے قریب آنے پہ محسوس ہوتی جب اُسنے پہلی بار اُس سے ہاتھ ملایا جو اُسے محسوس ہوا تھا وہ یوں ہی نہیں تھا وہ اُسکا محرم تھا تو کیسے نا دل دھڑکتا اُسکا اُسکے قریب آجانے پہ یا پھر سامنے آجانے پہ لیزا ایک ٹک دُرید کو دیکھے گئی جو لال آنکھیں لیے دیوانہ وار اُسی دشمنِ جاں کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔

ہاں تُجھ سے محبت کرنے کو یہ عمر بچا کے رکھی تھی
میرے یار تُجھ پہ مرنے کو یہ عمر بچا کے رکھی تھی
چاہے برسوں تلک وہ آکے نا ملے لیکن ہم کو لاکھوں

ہزار اُس سے ہوں گلے لیکن بے وفاوں سے بھی بے وفاوں سے بھی بے وفاوں سے بھی تو پیار ہی ہوتا ہے یار ایسا بھی ہو یار ویسا بھی ہو یار جیسا بھی ہو وہ یار ہی ہوتا ہے یار تو یار ہوتا ہے یار تو یار ہوتا ہے بے وفاوں سے بھی تو پیار ہوتا ہے یار تو یار ہوتا ہے یار تو یار ہوتا ہے

"کیا ہوا چُپ کیوں ہو گئی نین؟" دُرید نے بھاری گھمبیر آواز میں کہا تھا کہ لیزا نے بنا کچھ کہے دُرید کو دِھکا دیتے وہاں سے جانا چاہا تھا کہ پل بھر میں آگے بڑھتے دُرید اُسکو اپنی جانب کھینچ گیا کہ لیزا جو اِس افتاد کے لیے تیار نا تھا سیدھا اُس کے سینے آن لگی تھی۔۔۔

"مم می مجھے جانے دو میں نہیں جانتی ہوں اور میں کوئی دا نین نہیں ہوں"

لیزا گھبرائی ہوئی آواز میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"لیکن میں تو نین کہا تم جب دانین ہو ہی نہیں تو تمھیں اُسکا پورا نام کیسے پتہ"؟

دُرید لیزا کی جان آدھی کر گیا تھا اپنے سوال سے۔۔۔

دیکھو مجھے جانے دو تم جانتے نہیں ہو کہ میں کون ہوں میں لیزا الغاری ہوں نتاشا لغاری کی بیٹی ہوں میں اور اگر مما کو پتہ چل گیا نا کہ تمنے مجھے ٹریپ کر لیا وہ تمھیں چھوڑیں گی نہیں"

"او میں تو ڈر گیا کیا کر لے گی تمہاری ماں مروا دے گی مجھے ہاں؟"

دُرید لیزا کی کمر میں ہاتھ ڈالتا ہوا سختی سے گویا ہوا کہ لیزا اُسکے کھردے ہاتھ کے لمس کو محسوس کر کے لب بھینچ گئی تھی۔۔۔

"چھوڑو مجھے میں کہتی ہوں چھوڑو مجھے دُرید تم میرے ساتھ یوں زبردستی نہیں کر سکتے ہو سمجھے تم"

"میں بالکل کر سکتا ہوں میری جان کیوں کے میں شوہر ہوں تمہارا حق رکھتا ہوں تم پہ"

دُرید لیزا کی کان کی لو کو کاٹتا گویا ہوا کہ لیزا سسک کر رہ گئی۔۔۔

"ارے جان تمہاری تو ابھی سے سسکیاں بلند ہونے لگی یہ سسکیاں تم تب بھرنا جب میں اچھی طرح تمھیں اپنی قربت میں سیکھاؤنگا کہ سسکیاں کیسے لی جاتی ہیں"

دُرید کی بات سُنکے لیزا کا چہرہ لال ہوا اُسے دُرید سے اتنی بے باکی کی اُمید نہیں تھی۔۔۔

"مجھے جانے دو نہیں رہنا مجھے تمہارے ساتھ بہت جلد یہ نام نہاد رشتہ ختم کر دُوں گی میں"

دانین کی بات سُنتے دُرید کی سبز آنکھوں میں لہو اُتر آیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کیا کہا یہ رشتہ ختم کر دو گی بُھول گئی وہ سب جو بچپن میں کہا تھا تم نے کتنے خُوش تھے ہم دونوں ہمارے نکاح پہ ایک دُوسرے کو دیکھے بنا چین نہیں آتا تھا ہمیں"

دُرید آنکھوں میں نمی اور لہجے میں بے بسی لیے گویا ہوا تھا۔۔۔

"بچپنا تھا وہ سب سات سال کی بچی کو کیا پتہ کہ وہ کیا کرنے جا رہی ہے ویسے بھی مجھے تم سے کوئی محبت نہیں ہے سب کچھ ختم ہو چُکا ہے" لیزا سخت لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"ٹھیک ہے تم مت کرو میں تم سے تمہاری محبت مانگ بھی نہیں رہا میری محبت ہم دُونوں کے لیے کافی ہو گی" دُرید کی بات سُنتے لیزا حیرانگی سے اُسے دیکھے گئی۔۔۔

"تمھیں کیا لگتا ہے تم یوں مجھے ایموشنل بلیک میل کر کے واپس سے اپنی چکنی چُپڑی باتوں میں پھنسا لو گے تو اب کی بار یہ ناممکن ہے دُرید دُرانی"

"ایسا کچھ نہیں ہے دانین میری جان میں صرف تم سے پیار کرتا تھا ہوں اور کرتا رہوں گا تم سمجھو اِس تم کو ہم دُونوں اپنی نئی دُنیا بسائیں گے ایک نئی شروعات کریں گے"

"او جسٹ شٹ اپ اینڈ فار یور کائنڈ انفارمیشن مجھے اب تم میں کوئی دلچسپی نہیں ہے اور ویسے بھی میں کسی اور سے پیار"

اِس سے پہلے کہ لیزا اپنا جُملہ مکمل کرتی دُرید جسکو دانین کی آخری بات طیش دِلا گئی تھی یکدم ہی اُسپر جُھکتے اُسکی سانسوں کو اپنا غُلام بنا گیا تھا اتنی شدت تھی اُسکے لمس میں کہ لیزا کو اپنے جسم سے جاں نکلتی ہوئی محسوس ہوئی تھی دانین اپنی جانب سے بھرپور مزاحمت کرنے لگی لیکن کوشش کے باوجود بھی وہ اُس دیو ہیکل وجود کو ہٹا تک ہِلا تک نا پائی تھی کافی لمحے سرک چُکے تھے لیکن دُرید نے اب تک اُسے اپنی شدت بھری گرفت سے آزاد

نہیں کیا تھا لیکن جب اُسے محسوس ہوا کہ لیزا ٹھیک سے سانس نہیں لے پا رہی جب جا کے اُسنے اپنی شدت بھری گرفت سے آزادی بخشی تھی لیزا گہرے گہرے سانس بھرتی دُرید کو مزید اپنی جانب متوجہ کر رہی تھی۔۔۔

"ایک بات کان کھول کے سُن لو چھوڑوں گا تو میں تمھیں کبھی نہیں اور نا ہی خُود کو تمھیں چھوڑنے دُوں گا اور اب سے تم صرف میری بات مانو گی میری بات پہ عمل کرو گی سمجھ آئی"

"کیوں بھئی پابند نہیں ہوں تمہاری میں جو جی چاہے گا وہ کروں گی روک سکتے ہو تو روک لو" لیزا شر ربار نگاہوں سے اُسے گھورتے ہوئے گویا ہوئی۔۔۔

"ٹھیک ہے جو جی چاہے کر لو پھر میں بھی وہ کروں گا جو میرا جی چاہے گا اور جانتی ہو اِسوقت میرا جی کیا چاہ رہا ہے میرا جی چاہ رہا ہے کہ ابھی اِسی وقت تمہاری ماں کو موت کے گھاٹ اتار دُوں اور میری جان دُرید دُرانی کے لیے کچھ بھی مشکل نہیں ہے میں جو کہتا ہوں وہ کر کے دِکھاتا ہوں" دُرید اشتعال آمیز لہجے میں کہتا اپنی پاکٹ سے فون نکالنے لگا جبھی لیزا نے آگے بڑھتے ہوئے اُس سے فون چھینا تھا۔۔۔

"مم مہ میں وہی کروں گی جو تم کہو گے پلیز مما کو کوئی نقصان مت پہنچانا"

لیزا بہتے آنسوؤں سمیت گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اچھی بات ہے عقل آ گئی تمھیں اب جلدی کرو اپنا سامان پیک کرو میرے ساتھ میرے اپارٹمنٹ چل رہی ہو تم" دُرید کی بات سُنتے لیزا بے چینی سے پہلو بدل کے رہ گئی تھی اُسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کیا کرے کیا نا کرتے لیکن فل وقت دُرید کی بات ماننے کے

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

علاوہ اُسکے پاس کوئی چارہ بھی نا تھا اسلیے جلدی سے ایک بیگ میں اپنے چند جوڑے رکھے اور دُرید کے پاس اُسکے اپارٹمنٹ چل دی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی کیچن میں موجود رشیدہ بی کا ہاتھ بٹانے میں مگن تھی جبھی اُسکا سیل رِنگ ہوا تھا۔۔۔

"ہیلو جی رُوحی کاظمی سپیکنگ" رُوحی فون کو کان سے لگاتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"جی جی ٹھیک ہے میں کل صبح ٹائم سے پہنچ جاوں گی"

رُوحی نے مُسکراتے ہوئے کہتے کال کاٹ دی تھی۔۔۔

"رشیدہ بی مجھے صبح انٹرویو کے لیے بُلالیا ہے اُنھوں نے دُعا کریئے گا کہ میں سیلیکٹ ہو جاوں"

"انشااللہ میری جان اللہ پاک تمھیں ڈھیروں کامیابیوں سے نوازے گا تمہارے دل کی ہر مرادِ پُوری کرے گا" رشیدہ بی نے کہتے ہوئے رُوحی کا ماتھا چوم لیا تھا جبکے رُوحی کے لبوں پہ دلکش مُسکراہٹ بکھر گئی تھی۔۔۔

★★★

آئرہ اور ازمیر ہوٹل پہنچ چُکے تھے دُونوں ہی کے رومز ایک دُوسرے کے آمنے سامنے تھے آئرہ روم میں داخل ہوتے بیڈ پہ گرنے کے ساتھ بیٹھی تھی جبکے ازمیر بھی اُسکے پیچھے ہی چلا آیا تھا آئرہ کو سرتاپاوں گہری نگاہوں سے دیکھ ہی رہا تھا کہ آئرہ کوفت سے کہہ اُٹھی۔

"اگر مجھے مکمل دیکھ لیا ہو تو مہربانی فرما کے اپنے روم میں تشریف لے جایئے کیوں کے میں نے فریش ہونا ہے اور پھر آرام کرنا ہے"

"ٹھیک ہے جا رہا ہوں میں لیکن تمھیں کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تو بلا جھجک مجھے کہہ سکتی ہو میں یہی ہوں تمہارے پاس" ازمیر نے آخری جُملہ آہستگی سے ادا کیا تھا گویا آئرہ غُصہ ہی نا کر جائے نجانے کیوں وہ اُس سے اتنی بیزار رہتی تھی ازمیر کے جانے کے بعد آئرہ اپنے بیگ سے اپنے لیے کپڑے نکالتی واشروم کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی شیشے کے سامنے کھڑی اپنی تیاری کا تنقیدی نگاہوں سے جائزہ لینے میں مصروف تھی لائیٹ پنک کلر کے گھٹنوں تک آتا فراک اور اُسکے نیچے وائیٹ کلر کی پینٹ زیب تن کیے گلے میں بلیک کلر کا سٹالر ڈالے براون کلر کے لمبے بالوں کو یوں ہی کھلا چھوڑے میک اپ میں گہری ہیزل آنکھوں میں کاجل کی لکیر ڈالے اور شربتی لبوں پہ نیچرل کلر کا گلوس لگائے جبکہ جیولری میں اُسکے گلے میں سونے کی ایک باریک چین موجود تھی جو رُوحان کاظمی نے اُسے اُسکے برتھڈے پہ گفٹ کے طور پہ دی تھی پاوں میں جلدی سے وائیٹ کیجول شوز پہنتے رُوحی نے خُود پہ پرفیوم سپرے کرتے اپنا موبائل اور بیگ اُٹھایا اور باہر کی جانب بڑھی تھی۔۔۔

★★★

"کہاں جا رہی ہو رُوحی"؟

رُوحی کو پورچ کی جانب بڑھتا دیکھ کے ارمغان گویا ہوئے تھے۔۔۔

"جاب انٹرویو ہے میرا وہی جا رہی ہوں" رُوحی نے سپاٹ لہجے میں کہا تھا۔۔۔

"کس کی اجازت سے جا رہی ہو تم ہاں؟" ارمغان سخت لہجے میں گویا ہوئے تھے۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کون ہیں آپ لوگ جو آپ سے اجازت لوں میں ہاں ماں باپ ہیں میرے جو اجازت لوں میں"؟

"ماں باپ نا سہی تایا ہوں میں تمہارا خُون کا رشتہ ہے تم سے ہمارا"

"اوہو تو آپکو یاد آ ہی گیا کہ آپ میرے تایا ہیں اور رہی بات خُون کے رشتے کی تو خُون کے رشتے جو ہوتے ہیں نا وہ یوں یتیموں کا حق نہیں کھاتے ہوتے تایا جان"

رُوحی سرد لہجے میں ایک ایک لفظ چبا کے بولی جب کے مہناز جو وہی کھڑی سب تماشا دیکھ رہی تھیں ارمغان کے کان میں گھستے گویا ہوئی۔۔۔

"جانے دیں نا اِسے اچھا ہی جان چھوٹے گی ہماری جو تھوڑا بہت خرچ دیتے تھے آپ اِسے وہ بھی نہیں دینا پڑے گا اپنا خرچہ خُود اُٹھا لے گی اب یہ"

مہناز کی بات ارمغان کو بھا گئی جبھی گویا ہوئے۔۔۔

تم جاب کر سکتی ہو ہماری طرف سے اجازت ہے تمھیں۔۔۔

"ایکسیوز می میں جاب کروں گی کیوں کے میں جاب کرنا چاہتی ہوں اور مجھے کوئی بھی کام کرنے کے لیے آپ جیسے بے حس مردہ ضمیر کے لوگوں کی اجازت کی قطعًی ضرورت نہیں ہے" رُوحی طنزیہ لہجے میں کہتے ہوئے پورچ کی جانب بڑھ گئی تھی جبکے اُسکا تایا تائی اُسکی کہی گئی سچی باتوں پہ پیچ وتاب کھا کے رہ گئے تھے۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

ساتویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode-7(MegaEpisode)

دُرید دانین کو ساتھ لیے اپنے وِلا میں داخل ہوا تھا لیزا نے ایک نگاہ اِس وِلا پہ دوڑائی تھی کئی کمروں پہ مشتمل یہ وِلا خُوبصورتی کا منہ بولتا ثبوت تھا یہ وِلا دائم نے خصوصی طور پہ دُرید کے لیے بنوایا تھا کہ جب کبھی وہ لندن آئے تو یہاں آرام سے رہ سکے دانین دیواروں پہ لگی قمیتی پینٹنز کو دیکھنے میں مصروف تھی جب ہی پیچھے سے آتی آواز پہ پلٹی تھی۔۔۔

"میم آیئے میں آپکو آپکا کمرہ دِکھاؤں؟"

دانین نے ایک نظر ملازمہ پہ ڈالی جو بلیک اینڈ وائیٹ شرٹ میں ملبوس بے بی کٹ بالوں کی اُونچی پونی ٹیل بنائے کافی خُوبصورت لگ رہی تھی شکل سے وہ لڑکی کمسن اور کورِین لگ رہی تھی دانین اُسکی بات پہ سر کو اثبات میں ہلاتی اُسکے پیچھے چل دی تھی۔۔۔

"میم یہ رہا آپکا کمرہ اب سے آپ یہی رہیں گی آپ کو کچھ بھی چاہیے ہو تو مجھے بُلا لیجیے گا "

اُسنے اپنی بات ختم کرتے جانا چاہا تھا کہ دانین کی آواز پہ رُکی تھی۔۔۔

"تمہارا نام کیا ہے"؟

دانین کے پوچھنے پہ وہ مُسکرا کے گویا ہوئی۔۔۔

"میم میرا نام میا ہے "

"ٹھیک ہے تم جا سکتی ہو "

دانین نے نارمل لہجے میں کہا تھا جبکہ میا سر کو اثبات میں ہلاتی نیچے کی جانب چل دی تھی۔

★★★

دانین نے ایک بھرپور نگاہ کمرے پہ ڈالی تھی جو وائیٹ کلر کا تھا جہازی سائز کے ساتھ چھوٹا مگر خُوبصورت سا ڈریسنگ ٹیبل ساتھ ہی واڈروب اور اٹیچ واشروم جبکہ بیڈ کے دُوسری جانب دو سیٹر صوفے کے ساتھ ٹیبل بھی موجود تھا دانین نے ایک نظر وال کلاک پہ ڈالی جو رات کے دو بجا رہی تھی دانین نے اپنا بیگ کھولا اور اُس میں سے اپنی سلیو لیس بلیک کلر نائیٹی نکالی جو اُس کے پنڈلیوں تک آتی تھی لیتے واشروم کی جانب بڑھ

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

گئی تھی کچھ پلوں کے توقف کے بعد وہ واشروم سے باہر آئی اور لائیٹ آف کرتے بیڈ پہ سونے کے لیے لیٹ گئی لیکن نیند اُسکی نظروں سے کوسوں دُور تھی رہ رہ کے اُسے نتاشا کا خیال آرہا تھا کیسے وہ اُسکو دُرید کے بارے میں بتائے گی سب سے پریشان کن بات یہ کہ وہ "پاکیمر "دُرید کو واپس کر چکی ہے نتاشا کو اِس بات کا علم ہوا تو وہ بہت غُصہ کرے گی یہی سوچ سوچ کر وہ ہلکان ہوئے جا رہی تھی نظر وال کلاک پہ ڈالی جو اب رات کے تین بجا چکی تھی دانین خُشک لبوں پہ زُباں پھیرتے اُٹھی تھی اور کمرے سے باہر نکلی تھی وہ ابھی اپنے کمرے سے کچھ دُور ہی گئی تھی کہ اچانک سے ساتھ بنے کمرے سے اُسے کسی کے کراہنے کی آواز سُنائی دی جبھی وہ تجسس کے مارے کمرے کا دروازہ کھول گئی تھی اور کھولتے چونکی تھی کیوں کے سامنے ہی دُرید شرٹ لیس بیڈ پہ براجمان بازو میں گولی لگنے کے سبب وہ کراہ رہا تھا دانین کو دیکھتے ٹھہرا تھا دانین ناچاہتے ہوئے بھی دروازہ بند کرتی قدم اُسکی جانب بڑھانے لگی تھی اُسکے قریب پہنچتے وہ اُسکے قریب بیٹھتی گویا ہوئی۔۔۔

"آپ ٹھیک تو ہیں نا اور یہ سب کیسے ہوا"؟

دانین پریشان کن لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"کچھ نہیں ہوا میں ٹھیک ہوں تم جاو جا کے سو جاو کافی رات ہو گئی ہے "

دُرید کا لہجہ ناچاہتے ہوئے بھی سرد ہوا تھا جسکو نوٹ کرتے دانین لب بھینچ گئی تھی لیکن وہاں سے گئی نہیں تھی۔۔۔

"فرسٹ ایڈ کہاں رکھا ہے"؟

دانین کے پوچھنے پہ دُرید نے ایک سرسری نگاہ اُس پر ڈالی تھی۔۔۔

"اِسکی ضرورت نہیں ہے میں ٹھیک ہوں جاو تم یہاں سے "

دُرید کے کہنے پہ دانین گہرا سانس بھر کے رہ گئی پھر خود ہی فرسٹ ایڈ باکس ڈھونڈ کے اُس تک آئی تھی اور دُرید کا بازو پکڑا تھا فرسٹ ایڈ باکس کھولتے اُس میں سے اوزار نکالتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"میں ابھی گولی نکالوں گی درد ہو گا برداشت کرنا ہو گا "

دانین کی بات سُنتے دُرید زیرِ لب مُسکراتے گویا ہوا۔۔۔

"پچیس سال تم سے دُور رہنے کا درد برداشت کر لیا تو یہ معمولی سی گولی کا درد سہنا کونسا بڑی بات ہے یہ بھی سہہ لوں گا "

دُرید کی بات سُنتے دانین کے کام کرتے ہاتھ رُکے تھے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی۔

"ویسے یہ نرسنگ کب سیکھی تم نے"؟

دُرید نے دانین کے خُوبصورت چہرے پہ نظر ڈالتے کہا تھا۔۔۔

"کورس کیا تھا "

دانین نے مختصر کہا تھا اور گولی نکالتے کاٹن سے بازو پہ لگا خُون صاف کرتے زخم پہ پائیوڈین لگاتے اُس پر بینڈیج (پٹی) کی تھی۔۔۔

"ہو گیا ہے کوشش کیجیے گا کہ دو تین دن تک زخم کو پانی نا لگے "

دانین نے فرسٹ ایڈ باکس بند کرتے وہاں سے اُٹھنا چاہا تھا لیکن اُس سے پہلے ہی دُرید اُسکی کلائی تھامتا اُسے خُود پہ گرا گیا تھا کہ لیزا اِس اچانک ہوئی افتاد پہ گھبرا کے رہ گئی تھی۔

"یہ یہ کیا کر رہے ہیں آپ چھوڑیں مجھے آپ پاگل ہو گئے ہیں کیا"؟

دانین دُرید کی سحر زدہ قربت میں ہکلاتی گویا ہوئی۔۔۔

"ایک دفعہ پلیز ایک دفعہ اپنے منہ سے کہہ دو کہ تم ہی میری دانین ہو میری تلاش ختم کردو دانین میں تھک گیا ہوں اب میں اب اور برداشت نہیں کر سکتا یہ سب تم سے دوری میں میں اندر سے ختم ہو رہا ہوں میری ہنسی کھو کھلی ہے دانین میں پچیس سال تمہارے ہجر میں تڑپتا رہا ہوں اب تو بس کر دو رحم کھاو مُجھ پہ مجھے خُود سے دُور مت کرو مجھے سمیٹ لو پلیز میری یہ تلاش ختم کر دو "

دُرید غنودگی میں جاتے ہوئے اپنے جذبات دانین پہ عیاں کر رہا تھا کہ دانین کی دل کی دھڑکنیں سرپٹ دوڑنا شروع ہو چکی تھیں اِس سے پہلے کہ دُرید جذبات کی رو میں بہہ کر کوئی گستاخی کرتا دانین اُسے پیچھے ہٹاتے فوراً سے بیڈ سے اُٹھی تھی اور ایک نگاہ دُرید کے

بے ہوش وجود پہ ڈالی تھی آگے بڑھ کے اُسنے اُسکے شوز اُتارتے اُسے سیدھا کرتے اُسپر کمفرٹر ڈالا تھا اور ایک نظر اُسکے خُوبرو چہرے پہ ڈالی تھی۔۔۔

"تم ٹھیک کہہ رہے ہو دُرید میں ہی ہوں وہ جس کی تلاش تمھیں پچھلے سال سے ہے میں ہی دانین ہوں لیکن اب ہم چاہ کے بھی ایک نہیں ہو سکتے میں ماضی کی وہ باتیں وہ تلخیاں کبھی نہیں بُھلا سکتی میں وہ محرومیاں نہیں بُھول سکتی دُرید میں کیسے بُھلا دُوں وہ سب نہیں میں ایک بار پھر سے اُس اذیت کا شکار نہیں ہونا چاہتی میں نے بہت مشکل سے خُود کو سمیٹا ہے اگر اب ٹوٹ کے بکھری تو ریزہ ریزہ ہو جاوں گی "

دانین بہتے ہوئے آنسوؤں کے درمیاں کہتے ہوئے منظر سے ہٹی تھی۔۔۔

★★★

دانین انگڑائی لیتے ہوئے اُٹھی تھی وال کلاک پہ نظر ڈالی تو صبح کے دس بج چکے تھے۔۔۔

"میں اتنی دیر کیسے سوتی رہی"؟

دانین خُود سے ہمکلام ہوئی تھی اچانک یاد آیا کہ رات وہ دیر سے سوئی تھی اسلیے صبح جلدی آنکھ نا کھل سکی تھی وہ اُٹھی اور اپنا بیگ کھولتے اُس میں سے اپنے لیے بلیک کلر کی جینز اور اُسپر بٹنز والی بلیک کلر کی ہی فل گھٹنوں تک آتی شرٹ نکالتے واشروم میں گھسی تھی پندرہ منٹ بعد وہ گیلے بالوں سمیت باہر آئی تھی ڈریسنگ کے سامنے کھڑے ہوتے اُسنے گیلے بالوں کو برش کرنا شروع کیا ہی تھا کہ دروازے پہ ہوتی دستک پہ ٹھہری تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"آجائیں "

لیزا کے کہنے پہ میا دروازہ کھول کے اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

"میم سر آپ کو ناشتے کے لیے نیچے بُلا رہے ہیں "

میا کی بات سُنتے دانین اُسکی جانب مڑی تھی۔۔۔

"نہیں میا مجھے بھوک نہیں ہے تم اپنے سر سے کہہ دو "

دانین کی بات سُنتے میا سر کو اثبات میں ہلاتے نیچے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

"ٹھیک ہے تم ناشتہ لگاو ٹیبل پہ میں اُسے لیکر آتا ہوں "

دُرید میا کو حکم دیتا اُوپر کی جانب قدم بڑھا گیا تھا۔۔۔

★★★

دانین جو شیشے کے سامنے کھڑی اپنے گیلے بالوں کو سلجھا رہی تھی دُرید کو اپنے پیچھے کھڑا پا کر چونکی تھی۔۔۔

"تم نے ناشتے کے لیے منع کیوں کیا"؟

دُرید دانین سے سوال کر رہا تھا جبکے دانین نے ایک بھرپور نگاہ دُرید پہ ڈالی جو نیوی بلیو کلر کی شرٹ کے نیچے بلیک کلر کی پینٹ زیب تن کیے ہوئے بہت دلکش لگ رہا تھا۔۔۔

"مجھے بھوک نہیں بتایا جو تھا میں نے "

دانین لاپرواہ سے لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"بھوک نہیں ہے پھر بھی کھانا پڑے گا "

دُرید نے دانین کی جانب دیکھتے کہا تھا۔۔۔

"کوئی زبردستی ہے کیا"؟

دانین پلٹتے ہوئے گویا ہوئی۔۔۔

"زبردستی ہی سمجھ لو ناشتہ تو کرنا پڑے گا تمھیں ورنہ "

دُرید نارمل لہجے میں کہہ گیا تھا۔۔۔

"ورنہ ورنہ کیا کیا کرلوگے تم"؟

دانین دُرید کے نزدیک ہوتے گویا ہوئی۔۔۔

"ورنہ میں تمھیں اپنی گود میں اُٹھا کے لے جاوں گا "

دُرید کا شوخ لہجہ دیکھتے دانین نے دل نے ایک بیٹ مس کی تھی جبکے چہرہ لال ہوا تھا اس سے پہلے دانین کچھ کہتی دُرید نے واقعی ہی اپنا کہا سچ کر دِکھایا اور دانین کو اپنی گود میں اُٹھا گیا جبکے دانین اِس اچانک ہوئی افتاد پہ گھبرا کے دُرید کے چہرے کو دیکھے گئ جو بے باکی سے اُسکی جانب دیکھ کر آنکھ مارتا قدم نیچے کی جانب بڑھا گیا تھا۔۔۔

★★★

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"مجھے سچ میں بُھوک نہیں ہے جب بُھوک لگے گی تو کھالوں گی "

دانین دُرید کی جانب دیکھتی گویا ہوئی جواب اُسکے آگے چکن چیز آملیٹ اور جُوس رکھتا اُسے کھانے کا اشارہ کر رہا تھا۔۔۔

"دیکھو میں آخری بار کہہ رہا ہوں چُپ چاپ کھالو ورنہ میں جس طرح سے میں نے کھلایا نا وہ طریقہ تمھیں پسند نہیں آئے گا مائے لٹل فیری "

دُرید کے کہنے پہ دانین نے ایک نظر اُسکی جانب دیکھا جو خمار آلود نگاہیں اُسکے گلابی لبوں پہ ٹکائے ہوئے تھا دانین لب کو اضطرابی کیفیت میں کچلتی پلیٹ میں سے چُھری اور فورک (کانٹا) اُٹھاتے اپنی پلیٹ پہ جُھکی کھانے میں مصروف ہوئی جبکے دُرید اُسکی پُھرتی دیکھتے مسکراہٹ کو لبوں میں دباتا خُود بھی ناشتہ کرنے میں مصروف ہوا تھا۔۔۔

★★★

ازمیر کی آنکھ کھلی تو صبح کے نو بجے چُکے تھے اس ٹائم تک تو آئرہ بھی اُٹھ جاتی تھی اس لیے وہ بیگ میں سے اپنے لیے کپڑے نکالتا واش روم میں جا بند ہوا تھا بیس منٹ بعد وہ نکھرا نکھرا سا بلیو جینز پہ وائیٹ کلر کی شرٹ زیب تن کیے ڈریسنگ کے سامنے آن کھڑا ہوا گیلے بالوں کو برش کرتے اُسنے خُود پہ پرفیوم سپرے کی اور پھر بلیک کلر کی جیکٹ پہنتے اُسنے سائیڈ ڈراپہ پڑی اپنی قیمتی گھڑی اُٹھا کے کلائی میں باندھتے بیڈ پہ پڑا والٹ اُٹھایا تھا اور پاوں وائیٹ جوگرز میں مُقید کرتے اپنے روم سے نکلتا آئرہ کے روم کی جانب بڑھا تھا لیکن یہ

کیا وہاں تو آئرہ موجود ہی نا تھی ازمیر اضطرابی کیفیت میں بالوں میں ہاتھ پھیرتا کمرے سے باہر نکلا تھا فون آن کرتے آئرہ کی لوکیشن ٹریس کرتے گاڑی میں بیٹھتا گاڑی زن سے بھگا لے گیا تھا۔۔۔

★★★

"آئرہ میم یہ لیجیے آپکی کافی "

آئرہ جو اپنا موبائل ہاتھ میں پکڑے کچھ ٹائپ کر رہی تھی اُس لڑکے کی جانب متوجہ ہوئی تھی جو اُسی کی ٹیم کا ممبر تھا۔۔۔

"تھینک یو دانش "

آئرہ دانش کے ہاتھ سے کافی لیتی گویا ہوئی۔۔۔

" میم اگلے دس منٹ میں نیکسٹ شارٹ لیں گے آپ ریڈی رہیے گا "

میک اپ آرٹسٹ آئرہ کی لپ اسٹک ڈارک کرتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"آئرہ میم آپ سے کوئی ملنے آیا ہے "

دانش آئرہ کی جانب دیکھتے گویا ہوا تھا اس سے پہلے کہ آئرہ کچھ کہتی ڈائریکٹر نے نیکسٹ شارٹ کے لیے بُلا لیا تھا۔۔۔

"دانش جو بھی ہے کہہ دو میں بزی ہوں ابھی بعد میں مل لوں گی سب سے "

آئرہ کہتے ہوئے آگے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"سر میم ابھی بزی ہیں آپ بعد میں آیئے گا "

دانش ازمیر کی جانب دیکھتا گویا ہوا تھا کہ ازمیر کا اشتعال عود کر آیا تھا آئرہ سے ملنے کے لیے وہ بے تاب ہو رہا تھا ایک تو وہ بنا بتائے ہی شوٹنگ پہ چلی آئی اور اب مل بھی نہیں رہی تھی۔۔۔

"تم ہٹو میں خُود مل لوں گا اُس سے "

ازمیر دانش کو پیچھے کرتا آگے کی جانب بڑھنے لگا تھا

"سر آپ ایسے نہیں جا سکتے ہمیں پرمیشن نہیں ہے ایسے ہی کسی کو اندر نہیں جانے دے سکتے "

"ازمیر میر ارسلان بٹ نام ہے میرا اُمید ہے اب مجھے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں پڑے گی "

ازمیر نے جن نگاہوں سے دانش کی جانب دیکھا تھا دانش نے خوف سے تھوک نگلا تھا اور بے ساختہ ہی قدم پیچھے لیے تھے جبکہ ازمیر اُس کو تیز نگاہوں سے گھورتا ہوا آگے کی جانب بڑھا تھا۔۔۔

★★★

ازمیر سٹوڈیو کے اندر پہنچا تھا اور اندر کا منظر دیکھ کر اُسکی آنکھیں لال انگارہ ہوئی تھیں کیونکے آئرہ کرسی پہ بیٹھے ہاتھ میں کچھ پیپرز پکڑے ہوئے تھی اور اُس کا کو سٹار اُسکے

کندھے پہ ہاتھ رکھے تھوڑا سا اُسپہ جھکا ہوا تھا اور دونوں ہی کسی بات پہ ہنس رہے تھے

ازمیر سے مزید برداشت نا ہوا تو آگے بڑھتے آئرہ کے سر پہ جا پہنچا تھا۔۔۔

"ازمیر آپ یہاں " آئرہ ازمیر کو اپنے سامنے کھڑا دیکھ کر چونکتے گویا ہوئی تھی۔۔

"ہاں میں یہاں میرے ساتھ چلو کچھ کام ہے "

ازمیر آئرہ کی بازو تھامتے گویا ہوا۔۔۔

"ارے آئرہ ابھی کچھ کام باقی ہے تم ایک ہی دفعہ فری ہو کر مل لینا کسی سے بھی "

واصف جو کے آئرہ کا کو سٹار تھا ازمیر کی جانب دیکھتے گویا ہوا۔۔۔

"تمہاری اطلاع کے لیے عرض ہے میں کسی نہیں ہوں میں کزن ہوں اِسکا اور مجھے ابھی اسی وقت آئرہ سے بات کرنی ہے "

ازمیر چبا چبا کر کہتا آئرہ کی بازو پکڑے اُسے اپنے ساتھ لیے دُوسری جانب بڑھ گیا تھا۔

"یہ کیا بدتمیزی ہے ازمیر کام کی جگہ ہے یہ میری اور آپ کس ٹون میں بات کر رہے تھے میرے کو سٹار سے ہاں "آئرہ سخت لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"میں نے کوئی بدتمیزی نہیں کی ہاں البتہ اگر اُسنے تمھیں آئندہ چھوا نا تو شاید میں بدتمیزی کی تمام حدیں پار کر جاوں " ازمیر آئرہ کی بازو پہ اپنی گرفت سخت کرتے گویا ہوا۔۔۔

"آپ جائیں یہاں سے پلیز یہ میرے کام کی جگہ ہے یہاں کوئی سین مت کری ایٹ کریں " آئرہ غصے سے گویا ہوئی۔۔۔

"نہیں جاوں گا تمھیں لیے بنا نہیں جانا میں نے یہاں سے اور آئندہ سے یہ بھونڈا مجھے تمہارے قریب نہیں نظر آنا چاہیے سمجھی تم "

ازمیر کی بات سُنتے آئرہ کا تو جیسے دماغ ہی گھوم گیا تھا۔۔

"آپ ہوتے کون ہیں مُجھ پہ یوں پابندیاں لگانے والے اور آپ اتنا اوور ری ایکٹ کیوں کر رہے " آئرہ اپنی بازو ازمیر کی گرفت سے آزاد کراتے گویا ہوئی۔

"آئرہ اب تم میرا ضبط آزما رہی ہو "

"میں آپکا ضبط آزما رہی ہوں یا آپ میرا ہاں ؟اور کیا حق ہے آپ کا مُجھ پہ جو یوں ڈھونس جما رہے "؟

ازمیر آئرہ کی بات سُنتے لب بھینچتے لال آنکھیں لیے گویا ہوا۔۔

"اب میں تمھیں بتاوں گا آئرہ درانی کہ میرا کیا حق ہے تم پہ یو جسٹ ویٹ اینڈ واچ "

ازمیر انگشت شہادت اُٹھا کر اُسکی جانب دیکھتے گویا ہوتے منظر سے ہٹا تھا جبکہ آئرہ اُسکے جاتے ہی سر کو نفی میں ہلاتے اندر کی جانب بڑھ گئ تھی۔۔۔

★★★

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

رُوحی کا آج آفس میں پہلا دن تھا اس لیے وہ لیٹ نہیں ہونا چاہتی تھی یہی وجہ تھا کہ وہ صبح کے آٹھ بجے ڈریسنگ کے سامنے کھڑی خُود کا تنقیدی نگاہوں سے جائزہ لے رہی تھی بلیک کلر کے لانگ فراک اور ٹراوزر میں ملبوس دوپٹے کو گلے میں ڈالے پاوں میں بلیک کلر کے کھسے پہنے میک اپ کے نام پہ آنکھوں میں کاجل کی ایک لکیر ڈالے اور لبوں کو لال رنگ سے رنگے وہ بہت خوبصورت دیکھائی دے رہی تھی اپنا موبائل ہاتھ میں اُٹھاتے اُسنے ایک نظر اپنی کلائی میں بندھی گھڑی پہ ڈالی جو ساڑھے آٹھ بجا چکی تھی سنگل بیڈ پہ پڑا اپنا بیگ اُٹھاتے وہ کواٹر کے چھوٹے سے اوپن کیچن کی جانب بڑھی جہاں رشیدہ بی اُسکے لیے چائے کپ میں نکال رہی تھیں۔۔۔

"اچھا رشیدہ بی میں جا رہی ہوں کہیں لیٹ نا ہو جاوں اور دُعا کریئے گا سب اچھا ہو آج میرا آفس میں پہلا دن ہے اسلیے "

"انشااللہ سب ٹھیک ہو گا لیکن بیٹیا ناشتہ تو کرتی جاو میں نے تمہارے لیے چائے کے ساتھ تمہارا پسندیدہ آلو والا پراٹھا بنایا ہے "

"رشیدہ بی مجھے دیر ہو رہی ہے میں آفس میں کچھ کھا لوں گی "

رُوحی رشیدہ بی کے ہاتھوں کو پکڑتے مُسکراتے ہوئے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"ٹھیک ہے بیٹا خیر سے جاو خیر سے آو اللہ حافظ "

رشیدہ بی نے رُوحی کا ماتھا چومتے اُسے دُعائیں دیتے رُخصت کیا تھا۔۔۔

★★★

رُوحی پورچ کی جانب بڑھی تھی جہاں اُسے پیچھے سے سات گاڑیاں کھڑی نظر آئیں یہ ساری گاڑیاں اُسکے باپ کے پیسوں سے خریدی گئی تھیں ان پہ اُسکا حق تھا جبکے وہ ہی یہ گاڑیاں استعمال نہیں کر سکتی تھی یہ سب گاڑیاں ہونے کے باوجود بھی اُسے بسوں رکشوں میں دھکے کھانے پڑتے تھے چند آنسو اُسکی پلکوں کی بار توڑ کر بہہ نکلے تھے۔۔۔

"ایک دن میں یہ سب کچھ اِن سے واپس لوں گی جس پہ میرا حق ہے "

رُوحی مضبوط لہجے میں کہتے ہوئے آگے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی پورے ٹائم پہ نو بجے آفس پہنچ چکی تھی اپنے کیبن میں بیٹھی وہ پورے انہاک سے کام کر رہی تھی جبھی وہاں اُسکی کولیگ تحریم آئی تھی۔۔۔

"ارے تحریم آؤ نا بیٹھو کھڑی کیوں ہو"؟

"بیٹھنے نہیں آئی ہوں بس یہ بتانا تھا کہ ابھی تھوڑی دیر میں کمپنی کے سی ای او آنے والے ہیں تم اُن سے ملو گی اور یہ کچھ فائلز ہیں اُن پہ سر کے سائن کروا لینا ٹھیک ہے"؟

تحریم رُوحی کی جانب دیکھتی بولی تھی جبکے ایک نظر رُوحی نے تحریم پہ ڈالی جو بہت بولڈ اور مغرور لڑکی تھی وائیٹ شرٹ اور ریڈ کلر کی پینٹ زیب تن کیے وہ لبوں کو ڈراک میرون کلر کی لپ اسٹک سے رنگے ہوئے تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"ٹھیک ہے میں کروالوں گی " رُوحی کے کہنے پہ تحریم فائلز ٹیبل پہ رکھتی ایک ناگوار نگاہ اُسپہ ڈالتی باہر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی نے ایک نظر وال کلاک پہ لگی گھڑی پہ ڈالی جو دس بجا چُکی تھی سر بھی آ چُکے تھے اسلیے وہ گہرا سانس بھرتی اُٹھتے ٹیبل پہ پڑی فائلز اُٹھاتی اپنے کیبن سے باہر نکلتی سی ای او کے آفس جا پہنچی تھی ڈور ناک کرنے پہ "یس" کا جواب سُنتے وہ اندر کی جانب بڑھی تھی رائم کی اُسکی جانب پیٹھ تھی اسلیے اندر آنے والی ہستی کو دیکھ کے چونکا نا تھا۔۔۔

"سر یہ کچھ پیپرز ہیں اِن پہ آپکے سگنیچرز یعنی کے (دستخط) چاہیے تھے "

رُوحی کی بات سُنتے رائم پلٹا تھا اور بیک وقت دُونوں ایک دُوسرے کو دیکھتے چونکے تھے۔

"آپ یہاں"؟

رُوحی رائم کو دیکھتے گویا ہوئی جبکے رائم خُوش ہونے کے ساتھ ساتھ حیراں بھی ہوا تھا۔۔۔

"جی بالکل میں یہاں کیوں میرے خیال سے اِس کمپنی کا سی ای او ہوں میں تو مجھے یہی ہونا چاہیے البتہ آپ سے پوچھ سکتا میں کہ آپ یہاں کیسے"؟

"ایکچولی سر وہ مجھے کل ہی یہاں اسٹینٹ کی جاب کے لیے ہائر کیا گیا ہے "

"اوکے ٹھیک ہے بیٹھیے اور بتایئے کیسے آنا ہوا "

"جی سر وہ ان پیپرز پہ سائن چاہیے تھے آپکے "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"لائیے دیجیے " رائم رُوحی کو سرتاپاوں گہری نگاہوں سے دیکھتا بولا ۔

جبکہ رُوحی رائم کی نظروں سے گھبراتے ہوئے جلدی جلدی میں پیپر زنیچے گرا گئی تھی۔

"ارے ارے آرام سے مس رُوحی "رائم کے لبوں پہ دلکش مسکراہٹ بکھر گئی تھی۔

"یہ لیجیے پیپرز سر "

رُوحی نے رائم کو پیپرز پکڑائے تھے کہ پکڑاتے وقت اُس کا ہاتھ رائم کے ہاتھ سے ٹچ ہوا تھا یہ انوکھا سا لمس رُوحی کے پورے وجود میں برقی دوڑا گیا تھا۔

"سر آپ سائن کر دیئے گا میں بعد آ کے لے جاوں گی "

رُوحی تیزی سے کہتے لال ہوتے چہرے سمیت باہر کی جانب بڑھ گئی تھی جبکہ رائم کو اُسکی یہی ادائیں تو اُسکا دیوانہ بنا گئی تھیں۔۔۔

"رُوحی " وہ زیرِلب اُسکا نام دُہراتے ہوئے دلکش ہنسی ہنسا تھا۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://chat.whatsapp.com/EBOZMOeGLt45JUu3uF7iPj

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

آٹھویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

ناول۔

Episode-8

دُرید دانین کو ساتھ لیے اپنے وِلا میں داخل ہوا تھا لیزا نے ایک نگاہ اِس وِلا پہ دوڑائی تھی۔

"مما آپ یہ کیا کہہ رہی ہیں میں نہیں کر سکتی ہوں یہ سب آپ چاہتی کیا ہیں آخر مُجھ سے "

دانین نتاشا سے فون پہ بات کرتی گویا ہوئی۔۔۔

"لیزا میری جان تم جانتی ہو اِس وقت ہم دُونوں بڑی مشکل میں پھنس چکی ہیں دُرید دُرانی چُپ بیٹھنے والوں میں سے نہیں ہے اور پھر وہ شوہر ہے تمہارا اگر اب ہم نے بغاوت کی نا تو ساری زندگی جیل کی چکی پیسنی پڑے گی جیسے وہ تم سے کہہ رہا ہے تم بالکل ویسا ہی کرو گی سمجھ آئی؟"

نتاشا خُشک لبوں پہ زُباں پھیرتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"مما میں نے "پاکیمر" دُرید دُرانی کو واپس کر دیا تھا"

"کیا تم پاگل ہو گئی ہو کیا لیزا کیا کہہ رہی ہو تم"؟

"مما اُسنے آپ کو جان سے مارنے کی دھمکی دی تھی میں رِسک نہیں لے سکتی تھی آپ ہی بتائیں کیا کرتی میں اُس سیچویشن میں؟"

دانین پریشانی کے عالم میں لبوں کو کاٹتے ہوئے گویا ہوئی۔۔۔

"اچھا بے بی کوئی بات نہیں تم ریلیکس ہو جاو کوئی بڑی بات نہیں ہے ایک ہیرا ہی تو تھا تم ٹینشن لیکر اپنی صحت خراب مت کرو "

"مما آپ نہیں جانتی میں اِسوقت ایک پنجرے نما وِلا میں قید ہو چُکی ہوں اپنی مرضی سے کھا بھی نہیں سکتی ہوں میں یار مُجھ سے یہ سب نہیں ہو گا بس مجھے جب بھی موقع ملے گا میں آپکے پاس آجاوں گی"

"لیزا تم ایسا کچھ بھی نہیں کرو گی سمجھ آئی ایسی کوئی بے وقوفی مت کرنا جس پہ بعد میں پچھتانا پڑے دُرید جیسا کہے گا ویسا ہی کرو گی تم اتنا میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ دُرید سمیت اُسکے گھر والے تمہارے ماں باپ تمھیں کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے تو تم بے فکر ہو کر وہاں رہو کچھ بھی کرنے سے پہلے مُجھ سے مشہورہ کر لینا تم نتاشا لغاری کی بیٹی ہو میں نے پرورش کی ہے تمہاری میں ماں ہوں تمہاری اِس چیز کو بُھول مت جانا اور مجھے پل پل کی اپ ڈیٹ دیتی رہنا ٹھیک ہے نا بے بی "

"ٹھیک ہے مما خیال رکھیے گا اپنا "

"تم بھی خیال رکھنا میری جان اور خُود کو کمزور مت محسوس مت کرنا میں ساتھ ہوں تمہارے ہر قدم ہر فیصلے پہ "

"جانتی ہوں مما "

دانین نے گہرا سانس بھرتے کال ڈسکنیکٹ کر دی تھی جبکے نتاشا کے لبوں پہ شاطرانہ مسکراہٹ نے احاطہ کر لیا تھا۔۔۔

★★★

" سر رُوحی میم پیپرز مانگ رہی ہیں جن پہ آپ کے سائن چاہیے تھے "

رائم نے ایک نظر اپنے سامنے کھڑے ملازم پہ ڈالی تھی

"مس رُوحی کو کہیں کہ وہ خُود آ کر لے جائیں "

رائم کی بات سُنتے ملازم سر کو اثبات میں ہلاتے باہر کی جانب قدم بڑھا گیا تھا۔۔۔

"مے آئی کم اِن سر "

رُوحی نے اندر آنے کے لیے اجازت چاہی تھی۔۔۔

"یس "

رائم کی بات سُنتے رُوحی اندر داخل ہوئی تھی۔۔۔

"سر اگر آپ نے سائن کر دیئے ہیں تو کائنڈلی پیپرز دیجیے "

رُوحی نگاہیں جُھکائے دوٹوک لہجے میں کہا تھا جبکے رائم اپنی جگہ سے اُٹھتے رُوحی کی جانب بڑھا تھا جبکے رُوحی اُسکو اپنی جانب بڑھتا دیکھ کے قدم پیچھے کی جانب اُٹھانے لگی تھی پیچھے پیچھے ہوتے وہ یکدم ہی دیوار سے جا لگی تھی جبکے رائم اُسکے مزید قریب ہوتا اپنا ایک ہاتھ دیوار پہ ٹِکا گیا تھا۔۔۔

"سس سر آپ آپ یہ کیا کر رہے ہیں"؟

رُوحی رائم کی جانب ہراساں نگاہوں سے دیکھتی گویا ہوئی تھی جو اسوقت اُسکے بے حد نزدیک تھا اتنا نزدیک کہ رُوحی کو رائم کی پُر تپش سانسیں اپنے چہرے پہ پڑتی محسوس ہو رہی تھیں۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"مس رُوحی پیپرز آپ لیکر آئی تھیں تو اُنھیں واپس لیجانے کے لیے ملازم کو کیوں بھیجا آپ خُود کیوں نہیں آئی"؟

رائم گھمبیر آواز میں کہتا رُوحی کو مزید گھبراہٹ میں مبتلا کر گیا تھا۔۔۔

"ایکچولی سر وہ میں کچھ بزی تھی اسلیے ملازم سے کہہ دیا "

" مس رُوحی آپ جانتی ہیں نا کہ آپکی جاب کیا ہے"؟

"جی سر میں آپکی اسسٹینٹ ہوں "

رُوحی اب کی بار رائم کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر گویا ہوئی کہ رائم کو ان گہری ہیزل آنکھوں میں اپنا آپ ڈوبتا محسوس ہوا تھا وہ اپنے دل کی بدلتی کیفیت پہ حیراں تھا۔۔۔

"مس رُوحی آج سے ابھی سے آپ صرف میرا کام کریں گی میرا مطلب ہے کہ مجھے کافی دینا آفس میں میرا خیال رکھنا میرے ساتھ بزنس ڈنر پہ جانا آوٹ آف کنڑی جانا آوٹ آف سٹی جانا یہ سب آپکی جاب میں شامل ہو گا "

رائم رُوحی کی جانب دیکھتا سکون سے گویا ہوا تھا۔۔۔

"سر میرے خیال سے میں آپکی اِسسٹنیٹ ہوں آپکی بیوی نہیں آپکا خیال رکھنا میری جاب کا حصہ بالکل بھی نہیں ہے "

رُوحی نے مضبوط لہجے میں گویا ہوتے رائم کا بازو ہٹاتے ٹیبل پہ پڑے پیپرز اُٹھائے تھے رائم کے سائن دیکھتے وہ بنا پلٹے گویا ہوئی۔۔۔

"سر اگر آپکو کوئی اور کام نہیں تو کیا میں جاوں"؟

رُوحی کی بات سُنتے رائم نے اپنی ہاتھ کی مُٹھی بھینچی تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"یو کین لیو "

" You Can Leave "

رائم کی بات سُنتے رُوحی ایک نظر اُسکی پُشت پہ ڈالتی روم سے باہر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

دُرید رات کے سات بجے ہی گھر آچکا تھا ویسے تو وہ رات کے دو تین بجے تک گھر لوٹتا تھا کیوں کے تنہائی اُسے کاٹ کھانے کو دوڑتی لیکن جب سے دانین واپس ملی تھی وہ اب جلدی گھر آنے لگا تھا دُرید لاونج میں داخل ہوا تو کیچن سے آتی لذیذ کھانے کی خُوشبو اُسکے نتھوں سے ٹکرائی تھی وہ حیرانگی سے قدم کیچن کی جانب بڑھا گیا تھا اسوقت تو سبھی ملازم بھی گھر جا چکے ہوتے سوائے گاڈ کے تو کیچن میں اسوقت کون تھا دُرید کیچن کے دروازے پہ پہنچا ہی تھا کہ سامنے کھڑی دانین جسکی اُسکی جانب پُشت تھی کو دیکھتے خُوش گوار سے احساس نے اُسے آن گھیرا تھا دانین پیزا بیک کرنے میں مصروف تھی ساتھ ہی بڑے سے پین میں چیچ ہلا رہی تھی جس میں پاستا تھا دُرید گہری نگاہوں سے اُسکی پُشت کو دیکھے گیا چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتا اُس تک پہنچا تھا جو پورے انہماک سے کام کرنے میں مصروف تھی۔۔۔

"تم کو کُنگ کا شوق ہے"؟

دُرید کو اپنے سامنے پا کر دانین چونکی تھی وہ کب آیا تھا اُسے پتہ ہی نا چل سکا۔۔۔

"ہاں بہت زیادہ شوق ہے"

دانین نے نارمل لہجے میں جواب دیا تھا۔۔۔

"تو تم نے اِن پچیس سالوں میں ایک سگھڑ بیوی بننے کا گُر سیکھ ہی لیا ہمم"؟

دُرید دانین کے کنڈلے بالوں میں سے نکلتی آوارہ لٹوں کو پیچھے کرتا مُسکراتا گویا ہوا۔۔۔

"ایکسیوز می میں نے کوکنگ کسی کی بیوی بننے کے لیے بلکہ اپنے شوق کے لیے سیکھی ہے "

دانین نے دُرید کو گھورتے کہا تھا کہ دُرید نیچلے لب کو اپنے لبوں میں دبائے اُسکے خوبصورت کو دیکھے گیا اِس سے پہلے کہ وہ مزید کچھ کہتا دانین نے پلیٹ میں ایک سائیڈ میں وائیٹ سوس پاستا ڈالتے جبکے دُوسری سائیڈ میں پیزے کے دو پیس رکھتے قدم باہر کی جانب بڑھا گئی تھی دانین لاونج میں صوفے پہ براجمان پیزا کھانے میں مصروف تھی جبکے دُرید اُسے دیکھنے میں مصروف تھا۔۔۔

"واٹ آر یو ڈوئنگ"؟

" What Are You Doing " ?

دانین دُرید کی جانب دیکھتی گویا ہوئی تھی جو اُسکے ہاتھ میں پکڑے پیزے کا پیس اپنے منہ میں ڈال گیا تھا

"کیا کر رہا ہوں دیکھ نہیں رہی اپنی بیوی کے ہاتھ کا بنا پیزا کھا رہا ہوں "

دُرید سکون سے گویا ہوا تھا۔۔۔

"یہ کونسا طریقہ ہے اندر سے جا کر خُود اپنے لیے لیکر آو "

دانین دُرید کو کہتے ہوئے پاستا کا چمچ منہ میں ڈال گئی۔۔۔

"کیوں بھئی بیوی نہیں ہو تم میری جہاں سے تم کھاو گی وہی سے میں بھی کھاوں گا "

دُرید آرام سے کہتے ہوئے دانین کی گود میں اپنا سر رکھتے گویا ہوا جبکے دانین اُسکی اس حرکت پہ حیراں رہ گئی جو ہر بار دھڑلے سے اُسپر اپنا حق جتاتا رہتا تھا۔۔۔

"کیا ہوا رک کیوں گئی ہو خُود بھی کھاو اور مجھے بھی کھلاو "

دُرید کی بات سُنتے دانین نے نگاہیں گھومائیں تھیں اِس سے پہلے کہ وہ پیزے کا بائیٹ لیتی دُرید نے اُسکا بڑھتاہواہاتھ روکا تھااور ایک نظر اُسکے لبوں کی جانب دیکھا جہاں وائیٹ سوس لگا واتھا۔۔۔

"اب کیا ہے کھانے بھی دینا ہے مجھے کہ نہیں"؟

دانین لُٹھ مار انداز میں بولی اُسے شدید بُھوک لگی تھی اِس سے پہلے کہ وہ کچھ اور کہتی دُرید اُسے خُود پہ جُھکاتا اُسکے لبوں کو اپنی دسترس میں لے گیا تھا آج دُرید کے لمس میں انتہائی نرمی تھی اتنی نرمی کہ دانین آج مزاحمت نا کر پائی اُلٹا اُسی کے لمس میں کھو سی گئی تھی کچھ پلوں کے توقف کے بعد وہ پیچھے ہٹتا اُٹھا تھا جبکے دانین لال چہرے لیے نگاہیں جُھکا گئی تھی دُرید کو اُسکا شرم سے لال پڑتا چہرہ اِسوقت دُنیا کا سب سے خُوبصورت چہرہ لگا تھا۔۔۔

"چلو تم آرام سے کھانا کھالو مجھے کچھ کام ہے پھر مُلاقات ہوتی ہے " دُرید گویا ہوا تھا۔۔۔

"تم نہیں کھاوگے کھانا"؟

دانین نے نجانے کس احساس کے تحت پُوچھ ہی لیا تھا۔۔

"مجھے جسکی بُھوک تھی میں وہ کھا چُکا "

دُرید دانین کے لبوں کی جانب اشارہ کرتے بے باکی سے اُسے آنکھ مارتے قدم اُوپر کی جانب بڑھا گیا جبکے دانین اُسکے جانے کے بعد پلیٹ ٹیبل پہ رکھتی شرم سے سُرخ پڑتے چہرے کے ساتھ اُسے مُختلف القابات سے نوازنے میں مصروف ہوچکی تھی۔۔۔

★★★

آئزہ اور ازمیر دُونوں کراچی سے کل ہی واپس آچکے تھے اُس دن کے بعد سے اُن دُونوں میں بہت کم ہی بات چیت ہوئی تھی آئزہ تو سکوں میں تھی کہ ازمیر نے اُسے تنگ نہیں کیا تھا البتہ ازمیر بے سکوں تھا

اُسے جلد از جلد آئرہ اپنی دسترس میں چاہیے تھی یہی سوچتے وہ ماہ نور اور میر کے کمرے میں داخل ہوا تھا۔۔۔

"مام ڈیڈ مجھے آپ دُونوں سے کچھ ضروری بات کرنی ہے "

ازمیر اُن دُونوں کی جانب دیکھتے گویا ہوا جو اُسکی جانب دیکھ رہے تھے۔۔۔

"کہو بیٹے کیا بات ہے"؟

ماہ نور ازمیر کی جانب دیکھتی پیار سے گویا ہوئی۔۔۔

"مام ڈیڈ دراصل میں چاہتا ہوں آپ تایا ابو اور تائی امی سے میری اور آئرہ کی شادی کی بات کریں میں آئرہ سے شادی کرنا چاہتا ہوں "

ازمیر کی بات سُنتے ماہ نور جہاں مُسکرائی تھی وہی میر سنجیدہ لہجے میں گویا ہوئے۔۔۔

"بیس سال کی ہے آئرہ اتنی جلدی شادی کے لیے وہ نہیں مانیں گے"

"کیوں نہیں مانیں گے ڈیڈ آئرہ کی پڑھائی بھی مکمل ہو چُکی ہے اُسکا خُواب بھی وہ پُورا کر چُکی ہے اب کیوں نہیں مانیں گے "

ازمیر غُصے میں گویا ہوا تھا۔۔۔

"کیوں کے وہ تمھیں پسند نہیں کرتی ازمیر یہ بات تم اچھی طرح جانتے ہو "

میر ازمیر کی جانب دیکھتا گویا ہوا۔۔۔

"وہ مجھے پسند کرے یا نا کرے شادی تو اُسکی صرف مُجھ سے ہی ہو گی میں پیار کرتا ہوں نا اُس سے بے حد چاہتا ہوں اُسے میری محبت ہم دُونوں کے لیے کافی ہو گی "

"ازمیر تم پاگل ہو چکے ہو کیا ہم کسی کے ساتھ یوں زبردستی نہیں کر سکتے "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

میر غُصیلے لہجے میں گویا ہوا تھا۔۔۔

"ہاں میں پاگل ہوں ازمیر میر ارسلان بٹ آئرہ دُرانی کے لیے پاگل ہی تو ہے اُسے میرا ہونا ہی ہو گا وہ چاہے یا نا چاہے اگر آپ دُونوں بات نہیں کر سکتے تو مجھے بتا دیں میں خُود اپنا رشتہ لیکر چلا جاوں گا "

ازمیر جیسے ضد پہ اڑا تھا۔۔۔

"دیکھ رہی ہو تم اپنے لاڈلے کو تمہارے بے جالاڈ پیار نے اِسے بگاڑ کے رکھ دیا ہے نواب کا بچہ خُود جائے گا اپنا رشتہ لیکر شرم تو میرے بیٹے کو چھو کر ہی نہیں گزری "

میر نفی میں سر ہلاتا کمرے سے باہر نکلتے ازمیر کی پُشت کو دیکھتے گویا ہوا تھا۔۔۔

"آپ کا بیٹا ہے ظاہر سی بات ہے آپ پہ ہی جائے گا "

ماہ نور میر کی جانب دیکھتی گویا ہوئی جبکہ میر ماہ نور کی بات پہ پیچ و تاب کھا کر رہ گیا تھا۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

آئرہ شیشے کے سامنے کھڑی اپنی تمام جیولری اُتار چُکی تھی چوڑیاں باقی تھیں وہ بھی اُتار رہی تھی۔ جبھی ازمیر دروازہ کھول کر اندر آیا تھا آئرہ اُسکو اندر آتا دیکھ کر گھبرائی تھی بنا دوپٹے کے ساتھ کھڑی وہ ازمیر کا دل دھڑکا گئی تھی کچھ پلوں کے بعد وہ خُود کو کمپوز کرتی واپس سے چوڑیاں اُتارنے میں مصروف ہو چُکی تھی ازمیر چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتا اُس تک پہنچا اور ایک ہی جست میں اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اُسکی گردن میں اپنا چہرہ چُھپا گیا تھا۔۔۔

"یہ ک کیا کر رہے ہیں آپ اور کیوں آپ یہاں ؟" ازمیر کی قربت میں آئرہ ہکلاتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"میں غالباً اپنی نئی بننے والی منکوحہ کو ہمارے نکاح کی مُبارکباد دینے آیا ہوں" ازمیر اپنا گال آئرہ کی گال پہ رگڑتا گویا ہوا کہ آئرہ اُسکی شیو کی چُبھن اپنے گال پہ محسوس کر کے سسکی تھی۔۔۔

"کیا ہوا خُوش نہیں ہو تم اِس نکاح سے ؟"

"آپ خُوش ہیں نا تو پھر میرا خُوش ہونا یا نا ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا "

آئرہ اپنے کمر پر سے اُسکے ہاتھ ہٹاتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"ایسا بالکل بھی نہیں ہے میرے لیے تمہاری خُوشی اولین ترجیح ہے آئرہ "

ازمیر آئرہ کا رُخ اپنی جانب موڑتا گویا ہوا تھا۔۔۔

"ازمیر میں تھک چُکی ہوں" آئرہ جذبات سے عاری چہرہ لیے گویا ہوئی تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"تو چلو نا ملکر ایک دُوسرے کی تھکن اُتاریں" ازمیر آئرہ کی کمر میں ہاتھ ڈالتا جذبات سے بوجھل لہجے لیے گویا ہوا تھا کہ آئرہ اُسکے ڈھیٹ پن پہ دانت پیس کر رہ گئی تھی۔۔۔

"ٹھیک ہیں آپ یہی رہیں میں ہی چلی جاتی ہوں یہاں سے" آئرہ ایک ہی جست میں ازمیر سے خُود کو آزاد کراتے گویا ہوئی اِس سے پہلے کہ کمرے سے باہر نکلتی ازمیر پیچھے سے اُسکی پُشت میں ہاتھ ڈالے اُسے خُود سے چپکا گیا تھا ازمیر کی تیز دھڑکتی دھڑکنوں کا شور آئرہ باآسانی سُن سکتی تھی رات کی تنہائی حقِ ملکیت اور اُوپر سے محبوب کا اِسطرح محبوب کا بانہوں میں ہونا ازمیر کے جزباتوں کو بھڑکا گیا تھا جبھی وہ یکدم ہی آئرہ کے بال گردن سے پیچھے کرتا اُسکی گردن پہ جُھکتا اپنا سُلگتا لمس چھوڑنے لگا آئرہ اُسکے جان لیوا لمس پہ گھبراتی اُسکے ہاتھوں کو اپنی کمر پر سے ہٹانے کی کوشش کرنے لگی ازمیر اُسکی مزاحمت پہ بدمزہ ہوتے اُسکا رُخ اپنی جانب موڑتا اُسکی سانسوں کو اپنی دسترس میں لے گیا ازمیر کے لمس میں اسقدر شدت تھی کہ آئرہ کو اپنا سانس رُکتا محسوس ہوا تھا وہ اپنی جانب سے بھرپُور مزاحمت کر رہی تھی لیکن ازمیر اُسے چھوڑنے پہ آمادہ نا تھا جب ازمیر کو آئرہ کے آنسووں اپنے چہرے پہ گرتے محسوس ہوئے جب جاکے وہ پیچھے ہٹا تھا اور ایک نظر آئرہ کے لال ہوئے چہرے پہ ڈالی تھی۔۔۔

"نکاح مُبارک میری جان" ازمیر گھمبیر لہجے میں کہتا منظر سے ہٹ چُکا تھا۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

چودھویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode-14

دُرید دانین کو لیے اُسکے گھر کی چوکٹ پہ کھڑا تھا آج پچیس سال بعد وہ اپنے گھر واپس لوٹی تھی ناچاہتے مام آپ کب تک پاکستان آئیں گی میں یہاں آکر کچھ ہی دنوں میں بور ہو گئی ہوں سمجھ ہی نہیں آرہا کچھ دانین نتاشا سے کال پہ بات کر رہی تھی۔۔۔

"میں نیکسٹ منڈے کو آرہی ہوں لیکن اُس سے پہلے تمھیں یاد ہو گا میں نے تمسے کہا تھا کہ تمہارے بھائی کے نکاح ہو جانے کے بعد میں تمھیں ایک ٹاسک آسائن کروں گی "

"جی یاد ہے مجھے بتائیے کیا کرنا ہو گا "

"تمھیں دُرید کو سیڈیوس کرنا ہو گا "

"واٹ آپکا مطلب کے مجھے اپنے ہی شوہر کو سیڈیوس کرنا ہو گا" دانین حیرانگی سے گویا ہوئی تھی۔۔۔

" ہاں تو اس میں قباحت بھی کیا ہے شوہر ہے تمہارا ویسے بھی "پاکیمر" حاصل کرنے کے لیے تمھیں یہ تو کرنا ہی ہو گا بے بی "

"مام ناٹ اگین یار وہ بہت چیکو ہے آپ جانتی ہیں۔۔۔اگر اُسے پتہ چل گیا ناکہ میں نے اُسے سیڈیو کیا چھوڑے گا نہیں مجھے وہ" دانین لال ہوتے چہرے سمیت گویا ہوئی تھی۔۔۔

"بے بی وہ کچھ نہیں کر پائے گا تم نے اُسکی ڈرنک میں ڈرگ ملانی ہے اُسکو پینے سے وہ ہوش میں کہاں رہے گا ہمم؟اسلیے تم اُس سے اُسوقت آرام سے پاکیمر کے بارے میں پوچھ سکتی ہو بعد کا سارا کام میرا ہے"

"اوکے ٹھیک ہے یہ بھی کر کے دیکھ لیتے ہیں" دانین لب کو اضطرابی کیفیت میں کچلتے گویا ہوئی تھی۔

★★★

ازمیر اور آئرہ کے نکاح کو ایک ہفتہ بیت چُکا تھا آئرہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی خُود کا تنقیدی نگاہوں سے جائزہ لے رہی تھی سلیولیس وائیٹ کلر کا لمبا سٹائلش ساگاون زیب تن کیے بالوں کو جوڑے میں مُقید کیے کانوں میں چھوٹے سے وائیٹ کلر ہی کے ٹاپس پہنے میک اپ کے نام پہ لبوں پہ صرف ریڈ کلر کی لپ اسٹک لگائے اور پاوں میں وائیٹ کلر کی ہی لمبی ہیلز پہنے وہ ایوارڈ شو میں جانے کو تیار تھی۔۔

آج اُسکے لیے بہت بڑا دن تھا اُسکا نام بھی بیسٹ سنگرز آف دا ائیر میں نومینیٹ ہوا تھا جانتی تھی یہ ایوارڈ بھی اُسے ہی ملے گا اپنا موبائل اور کلچ اُٹھاتی وہ سہج سہج کر قدم اُٹھاتی نیچے کی جانب بڑھی تھی اسوقت رات کے چھ بجے تھے اُسے ساڑھے سات بجے تک ایونٹ پہ پہنچنا تھا۔۔۔

"جارہی ہو بیٹا؟"مشال آئرہ کو پورچ کی جانب بڑھتا دیکھ کر بولی تھی۔۔

"جی مام جارہی ہوں دُعا کریئے گا "

"انشااللہ یہ ایوارڈ بھی میری بیٹی کے نام ہی ہو گا "

مشال نے آئرہ کا ماتھا چومتے اُسے دُعادیتے رُخصت کیا تھا۔۔۔

★★★

آئرہ ایونٹ پہ پہنچ چکی تھی اور اپنے فینز کے ساتھ سیلفیاں بنانے میں مصروف تھی شو شروع ہونے میں دس منٹ ہی باقی تھے آئرہ اپنے سبھی فینز کو خوش دلی سے ملتے ہوئے اپنی سیٹ پہ جا بیٹھی تھی۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"لیڈیز اینڈ جینٹل مین سنگر آف دا ائیر ایوارڈ گوز ٹو مس آئرہ دُرانی "

"Ladies And Gentlemen, Singer of the Year Award Goes to Miss Ayra Durani"

اپنا نام سُنتے آئرہ کے لبوں پہ فاتحانہ مسکراہٹ در آئی تھی جبکے ازمیر جو اسوقت اپنے گھر میں بیٹھا ٹی وی آن کیے ہوا تھا آئرہ کی کامیابی پہ بے پناہ خُوش ہوا تھا آئرہ کو ایوارڈ لیتے ہوئے ہنستے دیکھ کر اُسنے اُسے دل سے ہمیشہ یوں ہی خُوش رہنے اور ہنسنے کی دُعا دی تھی۔۔۔

شو ختم ہوتے آئرہ نے واپسی گھر جانے کا سوچا لیکن اِس سے پہلے ہی بیچ راستے میں واصف سے مڈ بھیڑ ہو گئی واصف نے اُسے اپنے ساتھ سوفٹ ڈرنک کرنے کا کہا آئرہ گھر جا کر ہی سبکے ساتھ کھانا کھانا چاہتی تھی لیکن واصف کے بے جا اصرار پہ نا چاہتے ہوئے بھی رُک گئی اور اب وہ دُونوں ایک کلب میں بیٹھے تھے واصف نے آئرہ کی ڈرنک میں نشہ آور دوا ملاتے گلاس اُسکی جانب بڑھایا تھا۔۔۔

"یار تم تو نکاح کے بعد سے بُھول ہی گئی ہو تم اچھی طرح جانتی ہو میں تم سے کتنی محبت کرتا ہوں پھر بھی تمنے اپنے اُس کزن سے نکاح کر لیا ہمم ؟" واصف نے شکوہ کن نگاہوں سے آئرہ کی جانب دیکھتے کہا جو ڈرنک کے چھوٹے چھوٹے سپ لے رہی تھی۔۔۔

"دیکھو واصف پہلی بات کہ تم مجھے پسند ہو بہت پسند ہو لیکن ایک دوست کی طرح میں نے تمھیں کبھی اپنے لائف پارٹنر کے طور پہ نہیں دیکھا اور دُوسری بات یہ کہ اِس نکاح میں میرے ماں باپ دُونوں کی دلی خُوش شامل ہے "

"او کم آن تم کب سے دُوسروں کی خُوشی کے لیے اپنی چوائس پہ کمپرومائز (سمجھوتہ) کرنے لگی ہاں ؟"

"ایکسیوزمی واصف وہ کوئی دُوسرے نہیں میرے والدین ہیں اُنکی خُوشی کے لیے میں کچھ بھی کر سکتی ہوں اور تم یہ بات اچھی طرح جانتے ہو "

آئرہ سپاٹ لہجے میں گویا ہوئی اِس سے پہلے کہ وہ اُٹھتی اُس یکدم زوردار چکر آیا تھا اِس سے پہلے کہ وہ زمین بوس ہوتی واصف اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اُسے اپنی اوور کھینچ گیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کیا ہوا آئرہ تم ٹھیک تو ہو نا؟" واصف لبوں پہ طنزیہ مسکراہٹ لیے گویا ہوا تھا۔۔۔

"واصف مجھے چکر آ رہے ہیں اور اور گرمی بھی لگ رہی "

"ڈونٹ وری میری جان میں ہوں نا ساری گرمی اُتار دوں گا تمہاری "

واصف نے سرخ آنکھیں لیے کہا اور آئرہ کو اپنی گود میں اُٹھاتا آگے کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

★★★

ازمیر نے آئرہ کے نمبر پہ کال کی بیل تو جا رہی تھی لیکن کال پک نہیں کر رہی تھی دس بج چکے تھے اب تک تو آئرہ گھر آ گئی ہو گی تو وہ فون کیوں نہیں پک کر رہی یہی سوچ کر اُسنے مشال کو کال ملائی اور آئرہ کا پوچھا تو مشال نے یہی بتایا کہ وہ ابھی تک گھر نہیں آئی ازمیر نے اُنھیں تسلی دیتے ہوئے کال بند کر دی تھی آئرہ کی لوکیشن چیک کی تو کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا وہ فورا سے پہلے اپنا موبائل والٹ اور گاڑی کی چابیاں اُٹھاتا قدم کمرے سے باہر کی جانب بڑھا گیا تھا۔۔۔

★★★

ازمیر رش ڈرائیو کرتے کلب پہنچا تھا آئرہ کی قسمت اچھی تھی وہ اس بار بچ گئی تھی واصف نے جب اپنا غلیظ مقصد پورا کرنا چاہا ٹھیک اُسی وقت اُسے کال آئی تھی اُسکے چھوٹے بھائی کا روڈ ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا اور بہت سیریس ہوا تھا وہ اپنا ارادے ناکام ہوتے ہوئے دیکھ کر بہت پچھتایا لیکن یہ کام اگلی دفعہ پہ چھوڑتے وہ وہاں سے نکل گیا آئرہ صوفے پہ نیم غنودگی کی حالت میں پڑی تھی ازمیر گاڑی باہر پارک کرتا اندر کی جانب بڑھا تھا اور ہر جگہ دیکھ لیا لیکن آئرہ کہی نادِکھی ایک کارنر والا روم دیکھنا باقی تھا وہ دروازہ کھولتے اندر داخل ہوا اور آئرہ کو یوں لیٹا دیکھ کر چہرہ لال ہوا تھا فورا سے پہلے آگے بڑھ کے اُسے اپنی بانہوں میں اُٹھاتا وہ قدم کمرے سے باہر کی جانب بڑھا گیا تھا آئرہ کو جیسے تیسے کر کے گاڑی میں بیٹھاتے اُسنے مشال کو میسج کر دیا کہ آئرہ اُسی کے ساتھ ہے اور ایک گہری نگاہ آئرہ پہ ڈالتا گاڑی سٹارٹ کر گیا تھا۔۔۔

★★★

گاڑی ایک لگژری فلیٹ کے آگے آ کے رُکی تھی ازمیر نے باہر نکل کے آئرہ کو باہر نکالا تھا اور اُسے یوں ہی بانہوں میں اُٹھائے بیڈروم میں آیا تھا اُسے نیچے اُتارتے اُس نے ایک نگاہ اُس پر ڈالی تھی اِس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا آئرہ خُمار آلود نگاہوں سے اُسکا گریباں تھام گئی تھی۔۔۔

"آئی وانا ٹچ یو ڈو یو آلسو وانا ٹچ می ٹو "

"I Wanna Touch You, Do You Also Wanna Touch Me"

آئرہ کی بات سُنتے ازمیر نا چاہتے ہوئے مسکرایا تھا اور آگے بڑھ کے اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالا تھا۔۔۔

"مجھے چُھونا چاہتی ہو آنکھیں کھولو اور دیکھو کہ کون ہوں میں "

ازمیر نے ایک ہاتھ سے آئرہ کا چہرہ تھاما اور ایک ہاتھ اُسکی کمر میں ڈالا تھا۔۔۔

"جانتی ہوں می میں ازمی ہو نا تم شوہر ہو نا تم میرے شوہر تو پھر شوہروں والے حق کیوں نہیں جتاتے ہو ہاں؟" آئرہ نے بوجھل لہجے میں کہتے ازمیر کی گردن پہ اپنے ہونٹ رکھے تھے۔۔۔

"تو تم چاہتی ہو کہ میں تم پہ شوہروں والا حق جتاوں ہاں؟"

" بالکل آئرہ دُرانی چاہتی ہے کہ اُسکا شوہر اُس پہ اپنا حق جتائے" آئرہ ہنستے ہوئے کہتے اپنے لب ازمیر کے لبوں پہ رکھ گئی تھی۔۔۔

"ٹھیک ہے میری جان جیسی تمہاری مرضی لیکن صبح اُٹھ کے پچھتانا مت" ازمیر نے خُمار آلود لہجے میں کہتے آئرہ کے لبوں پہ اپنی لبوں کی گرفت مضبوط کر لی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی آج تھوڑا لیٹ آفس آئی تھی دراصل دو دن پہلے ہی اُسکی پھوپھو اپنے بیٹے آیان اور شوہر سمیت پاکستان پہنچ چکی تھیں ایک ہفتے بعد رُوحی اور آیان کے نکاح کی ڈیٹ فکس کر دی گئی تھی۔۔۔

"مس رُوحی ذرا میرے آفس آیئے گا "

رُوحی نے رائم کی بات سُنکر انٹرکام واپس رکھ دیا تھا اور قدم اُسکے کمرے کی جانب بڑھائے تھے۔۔۔

"جی سر آپنے بُلایا تھا؟" رُوحی رائم کو دیکھتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"جی مس رُوحی بیٹھیے مجھے کچھ ضروری بات کرنی ہے آپ سے "

"جی سر بتایئے "

"مس رُوحی دیکھیے میں نے اُس دن جو کچھ بھی کہا تھا شاید میرا طریقہ غلط تھا لیکن ارادہ نہیں رُوحی میں بہت پریکٹیکل بندہ ہوں اپنی فلینگز کا اظہار نہیں کرنا آتا مجھے دوٹوک بات کرنا پسند ہے مجھے میں آپ میں انٹرسٹڈ ہوں اور شادی کا خواہش مند ہوں آپ سے" رائم کی بات سُنتے رُوحی کا دل یکبارگی سے دھڑک اُٹھا تھا۔

"سر میں بھی آپ کی طرح ہی دوٹوک بات کرنے کی عادی ہوں بات دراصل یہ ہے کہ آج سے ٹھیک ایک ہفتے بعد میرا نکاح ہے میرے پھوپھوزاد سے سو معاف کریئے گا آپکی یہ خواہش تو پوری نہیں کرپاوں گی میں اور ہاں میرے نکاح میں ضرور آیئے گا انتظار کروں گی میں" رُوحی نے دل جلانے والے انداز میں کہا تھا اِس سے پہلے کہ وہ کمرے سے باہر نکلتی رائم ایک ہی جست میں اُس تک پہنچتے اُسکی بازو کو اپنی جانب کھینچ گیا تھا۔

"ایسا نہیں ہو سکتا رُوحی تم جانتی ہو شروع دن سے واقف ہو کہ میں پسند کرتا ہوں تمھیں ایسے کیسے کسی اور کا نام اپنے نام کے آگے لگوانے کے لیے تیار ہو گئی تم ہاں یاد رکھنا رُوحی کاظمی رائم دُرانی کے جیتے جی تم کسی اور کی تو نہیں ہو سکتی کسی اور کا ہونے نہیں دُوں گا میں" رائم نے لہجے میں شدتِ جنوں لیے کہا تھا۔

"آپ محبت کرتے ہیں نا مُجھ سے تو چلیے پھر آپ کو اُسی محبت کی قسم آپ میرے نکاح میں کسی قسم کی کوئی روکاوٹ نہیں ڈالیں گے" رُوحی تیز لہجے میں کہتے ہوئے رائم سے اپنی بازو چھڑاتے ہوئے آگے کی جانب بڑھ گئی تھی جبکہ رائم وہی کھڑا تا دیر اُسکی پُشت کو گھورتا رہ گیا تھا۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com

(The Best Novels Website)

1. **Whatsapp Group Link**

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

پندرہ قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode-15

رائم ٹیریس پہ کھڑا اسوقت اُس دُشمنِ جاں کی یادوں میں مصروف تھا جو بے دردی سے اُسکو ٹھکرا گئی تھی۔رائم نے سوچا نہیں تھا کہ رُوحی اُسکو ریجیکٹ کرے گی اُسنے تو پُورے دل سے اُسے چاہا تھا پُورے دل سے وہ اُسے اپنی زندگی میں شامل کرنا چاہتا تھا لیکن رُوحی نے اُسپہ کسی اور فوقیت دی تھی یہی سوچتے رائم کا روم روم سُلگ رہا تھا سگار سُلگاتے وہ یہی سوچنے میں مصروف تھا کہ کیسے وہ اُسے کسی اور کا ہوتا ہوا دیکھے گا وہ چاہتا تو پل بھر میں اُسے سب سے چھین کر اپنے پاس لے آتا لیکن رُوحی کی دی گئی قسم سوچ کے رُک گیا تھا اسوقت وہ خُود کو بہت بے بس محسوس کر رہا تھا وہ اِسی اثنا میں کھڑا تھا جبھی اُسکے موبائل پہ صائم کی کال آنے لگی۔۔۔

"کس لیے فون کیا ہے؟"

رائم سپاٹ لہجے میں گویا ہوا تھا۔۔۔

"رائم میری جان تو ٹھیک تو ہے نا کب سے تُجھے کالز کر رہا ہوں اُٹھا ہی نہیں رہا؟"

صائم نے پریشان کن لہجے میں کہا تھا۔۔۔

"مرا نہیں ہوں میں زندہ ہوں اور تُجھے کیا لگتا ہے کہ میں مر جاوں گا میں ہاں؟رائم دُرانی ہوں میں جو مجھےِ ایک دفعہ ٹُھکرا دے نا میں دُوبارہ نظرِ کرم تک کرنا پسند نہیں کرتا" رائم تیز لہجے میں گویا ہوا تھا۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"اچھا یار غُصہ تو مت ہو یار میں نے تو بس ایسے ہی پُوچھ لیا تھا۔۔۔

"کل رات آٹھ بجے تیار رہنا چلیں گے اُسکے نکاح میں بھی تو دیکھوں مجھے ٹُھکرا کے کونسا ہیرا اُسنے اپنی جھولی میں ڈال لیا "

رائم طنزیہ لہجے میں ہنستے گویا ہوا لیکن اُسکی ہنسی کتنی درد بڑی تھی کہ صائم جان گیا تھا۔۔۔

"ٹھیک ہے کل ملتے ہیں پھر "

صائم کی بات سُنتے رائم نے بے دلی سے کال کاٹ دی تھی۔۔۔

★★★

صُبح کے نو بجے جا کے آئرہ کی آنکھ کھلی تھی سر میں درد کی ٹُھیسیں سی اُٹھ رہی تھیں اُسنے مندی مندی آنکھیں کھولتے بیڈ کی دُوسری جانب دیکھا کہ ازمیر کو شرٹ لیس دیکھتے اُسکے دل کی دھڑکنوں نے سرپٹ دوڑنا شروع کر دیا تھا ایک نظر خُود کے حُلیے پہ ڈالی تو کچھ اطمینان ہوا کیوں کے وہ کل رات والے ہی گاون میں ملبوس تھی کچھ پل یوں ہی بیٹھے رہنے کے بعد اُسنے ازمیر کے کندھے کو ہلایا تھا لیکن اُسے ہنوز سویا دیکھ کر وہ زچ ہوتے چلائی تھی جس پہ ازمیر نے بدمزہ ہوتے اپنی آنکھیں وا کیں تھیں۔

"ازمیر اُٹھیں رات کو کیا ہوا تھا ہم دُونوں کے بیچ اور یہ میں آپکے فلیٹ میں کیسے پہنچ گئی ہاں میں تو کلب میں تھی وا؟"واصف کا نام لیتے وہ ٹھہری تھی کہ ازمیر نے طنزیہ مُسکراہٹ لیے چبا چبا کے لفظ ادا کیے تھے۔۔۔

"ہاں ہاں کہہ دو بات پُوری کر واپنی کہ کل رات شو ختم ہونے کے بعد تم اُس بھونڈے واصف کے ساتھ کلب میں مصروف ہوگئی تھی جانتی ہو میں اور تائی جان کتنے پریشان ہوگئے تم لیکر کہ نجانے کہاں ہو گی تم؟"

ازمیر کو طیش میں دیکھتے آئرہ نے لب کو دانتوں تلے دبایا تھا۔۔۔

"ایکچولی کل رات شو ختم ہونے کے بعد میں گھر ہی جانے والی تھی لیکن واصف ضد کرنے لگا کہ اُسکے ساتھ چلوں کلب تو میں منع نہیں کر پائی "

"ظاہر سی بات ہے ہم سے زیادہ تو وہ تمھارا سگا ہے جسکی ہر بات تمھارے لیے پتھر پہ لکیر ہوتی ہے "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کیا ہو گیا ہے ازمیر دوست ہے وہ میرا اور آپ کیوں بات کا بتنگڑ بنا رہے ہیں؟"

"میں میں بنا رہا ہوں بتنگڑ ہاں وہ لگتا ہے کیا تمہارا صرف ایک دوست اور میں کون ہوں تمہارا شوہر اور اگر تمھیں معلوم ہو تو شوہر کی ہر بات ماننا بیوی پہ فرض ہے اور میں وارن کر رہا ہوں آئندہ کے بعد تم اُس سے نہیں ملو گی سمجھ تم "

ازمیر لال آنکھیں لیے گویا ہوا تھا۔۔۔

"میرے سوال کا جواب دیں کہ رات کیا ہوا تھا ہمارے بیچ؟"

ازمیر جسکو کچھ پل پہلے غُصہ چڑھا تھا آئرہ کی بات سُنکر بُھک سے اُڑا تھا اور یکدم ہی آئرہ کی کمر میں ہاتھ ڈالتا وہ اُسکے کان میں سرگوشی نے لگا۔۔۔

"کل رات تمنے میری عزت لوٹ لی بیوی جان "

ازمیر کی بات سُنتے آئرہ پہ حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹے تھے وہ ایسی حماقت مر کے بھی نہیں کر سکتی تھی اور یہ سب کیا تھا۔۔۔؟

"ایسا کچھ نہیں ہے مم میں ایسا کچھ نہیں کر سکتی جھوٹ بول رہے آپ "

آئرہ نے حیرانی اور پریشانی دُونوں کے ملے جُلے تاثرات چہرے پہ سجائے کہا۔۔۔

"لو بھئی اب اِس میں جُھوٹ کیا ہے یقین نہیں میری کہی ہوئی بات پہ تو لو خُود دیکھ لو"

ازمیر اپنی گردن پہ موجود نشانات آئرہ کو دیکھاتے گویا ہوا تھا۔۔۔

"مم میں ایسے کیسے کر سکتی ہوں میں کسی کی عزت کیسے لوٹ سکتی ہوں "

آئرہ کہتے ہوئے جھٹکے سے بیڈ پر سے اُٹھی تھی۔۔۔

"میری جان تمنے کسی اور کی نہیں بلکہ اپنے شوہر کی ہی عزت لوٹی ہے اور اِس میں کوئی قباحت نہیں"

ازمیر نے آئرہ کو مزید تنگ کیا تھا کہ آئرہ اپنی انگلی منہ میں ڈالے سوچوں کے سفر پہ نکل چکی تھی۔۔۔

"مجھے معاف کر دیں ازمیر میں نے آپکا ریپ کر دیا ہے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

آئرہ کی بات سُنتے ازمیر کا چھت پھاڑ قہقہہ گونجا تھا کہ آئرہ اُسکو حیرانی سے دیکھ رہی تھی جو مسلسل ہنسے جا رہا تھا۔۔۔

"کیا ہوا ہنس کیوں رہے آپ؟"

آئرہ کی بات سُنتے ازمیر نے یکدم ہی آئرہ کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اُسے اپنی جانب کھینچا تھا۔۔۔

"میں مذاق کر رہا تھا کل رات ہمارے درمیان کچھ نہیں ہوا تھا میں بس تنگ کر رہا تھا تمھیں"

"لیکن یہ نشان یہ سب کیا ہے؟"

آئرہ ازمیر کی گردن پہ موجود نشانات کو دیکھتے ہوئے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"یہ نشان تو تمنے ہی دیئے ہیں میری جان اس میں تو کوئی جُھوٹ نہیں"

ازمیر کی بات سُنتے آئرہ کا چہرہ ٹماٹر کی طرح لال ہوا تھا نجانے اُسنے کل رات اور کون کونسی حرکتیں کی ہوں گی۔۔۔

"کیا ہوا کس سوچ میں پڑ گئی؟" ازمیر آئرہ کا لال ہوتا چہرہ دلچسپی سے دیکھتے گویا ہوا تھا۔۔۔

"ہاں کچھ نہیں مجھے بُھوک لگی ہوئی ہے"

آئرہ نے کہتے ازمیر کی گہری لو دیتی نگاہوں سے جان چھڑانی چاہی تھی۔۔۔

"اوکے تم فریش ہو جاؤ میں تب تک ناشتہ بناتا ہوں پھر گھر چھوڑ دوں گا تمھیں اور ہاں میں نے کل ہی میسیج کر دیا تھا تائی جان کو کہ تم میرے ساتھ ہو" ازمیر مُسکرا کے کہتے ہوئے منظر سے ہٹ چُکا تھا جبکے آئرہ لبوں کو اضطرابی کیفیت میں کچلتے ہوئے واشروم کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی اِسوقت ڈریسنگ ٹیبل پہ بیٹھی اپنے ہاتھ میں لگی مہندی کو خالی نگاہوں سے تکے جا رہی تھی اُس کے دماغ میں رائم نا چاہتے ہوئے بھی بار بار آ رہا تھا اُسکی اور رائم کی راہیں جُدا جُدا تھیں کئی آنسو اُسکی پلکوں پہ آن ٹھہرے تھے بلڈ ریڈ کلر کی میکسی زیب تن کیے بالوں کا ڈھیلا سا جوڑا بنائے گہری ہیزل آنکھوں کو مزید دو آتشہ بنائے لبوں کو لال رنگ سے رنگے کانوں میں بھاری آویزے ڈالے گلے میں گلوبند پہنے حنائی ہاتھوں میں بھر بھر چوڑیاں پہنے ماتھے پہ چھوٹی سی بندیا سجائے پاوں میں ریڈ کلر کی ہی

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

پینسل ہیل پہنے وہ نکاح کے لیے تیار ہو چُکی تھی وہ اپنی ہی سوچوں میں مگن تھی جب رشیدہ بی اندر آئی تھیں۔۔۔

"رُوحی بیٹے تم تیار ہو تو چلیں نکاح کا ٹائم ہو رہا ہے"

"رشیدہ بی پتہ نہیں کیوں لیکن میرا دل بہت گھبرا رہا ہے ایسا لگ رہا جیسا کچھ بُرا ہونے والا ہے"

رُوحی آنکھوں میں نمی لیے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"رُوحی میری جان اچھا سوچو سب اچھا ہو گا میری دل سے دُعا ہے کہ اللہ تمہارا نصیب بہت اچھا اور بُلند کرے آمین ثم آمین" رشیدہ بی کے کہنے پہ رُوحی سر کو اثبات میں ہلا گئی تھی۔۔۔

"ماشااللہ نظر بد سے بچائے میری بچی بہت خُوب صورت لگ رہی ہے"

رشیدہ بی رُوحی کا ماتھا چومتے ہوئے گویا ہوتے اُسکو اپنے ساتھ لیے نیچے کی جانب بڑھ گئی تھیں۔۔۔

★★★

"رُوحی کاظمی ولد رُوحان کاظمی آپکا نکاح آیان خان ولد نعمان خان کے ساتھ باعوض حقِ مہر بیس لاکھ رُوپے طے پایا ہے کیا آپکو قبول ہے؟"

قاضی کی بات سُنتے رُوحی کا سانس جیسے سینے میں اٹک سا گیا تھا نظروں کے سامنے پھر سے رائم کا چہرہ لہرایا تھا آنسو پلکوں کی باڑ توڑ کر بہہ نکلے تھے اِس سے پہلے کہ وہ جواب دیتی یکدم آیان گویا ہوا۔۔۔

"رُکیے قاضی صاحب"

آیان کی بات سُنتے رُوحی نے ایک نظر اُسکے چہرے کی جانب دیکھا جو لال ہوا تھا۔۔۔

"رُوحی یہ سب کیا ہے؟"

آیان نے اپنا موبائل رُوحی کے سامنے کیا کہ موبائل میں موجود تصاویر کو دیکھتے رُوحی کی جان فنا ہوئی تھی رُوحی کی کچھ نازیبا تصویریں جن تصویروں میں اُسکے ساتھ رائم بھی تھا آیان کو سینڈ کر دی تھیں یہ تصویریں اُس دن کی تھیں جس دن رُوحی کلب گئی تھی فاریہ کے ساتھ لوگوں کی آپس میں چہ مگوئیاں شروع ہو چکی تھیں رُوحی نے روتے ہوئے سر کو نفی میں ہلایا تھا مہناز رُوحی کو کھا جانے والی نگاہوں سے دیکھ رہی تھیں۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"میں نے کچھ پُوچھا ہے تم سے کیا ہے یہ سب؟" آیان لال چہرہ لیے چیخا تھا۔۔۔

"میں نہیں جانتی یہ پکچرز کس نے لی ہیں مجھے نہیں معلوم "

"ارے کلموہی تجھے نہیں پتہ تو کیا قبر میں پڑے تیرے ماں باپ کو پتہ ہو گا میں نا کہتی تھی شروع دن سے ہی مجھے اِس لڑکی کے لچھن ٹھیک نہیں لگتے تھے بھئی لو دیکھ لو اب چاند چڑھا کے آگئی ہے "

مہناز کی بات سُنتے رُوحی پھوٹ پھوٹ کے رو دی تھی۔۔۔

رشیدہ بی نے آگے بڑھتے روتی بلکتی رُوحی کو سنبھالا تھا۔۔۔

"ماموں جان معاف کریئے میں یہ شادی نہیں کر سکتا"

آیان سرد و سپاٹ لہجے میں کہتے ایک اور بم گرایا تھا۔۔۔

"چلو بھئی بات ہی ختم ہو گئی یہاں تو ارے میں کہتی ہوں کون کرے گا شادی اس بدنام بدچلن آوارہ لڑکی سے" مہناز بیگم نخوت سے رُوحی کو دیکھتی گویا ہوئی تھیں۔۔۔

"میں کروں گا شادی اس لڑکی سے اور نکاح کے ساتھ ہی رُخصتی بھی ہو گی "

رائم کی آواز سُنتے پُورے ہال میں سناٹا سا چھا گیا تھا رُوحی نے نم ہوتی نگاہیں اُوپر کو اُٹھائی تھیں کہ سامنے موجود اپنے ستمگر کو مُسکراتے دیکھ کر اُس کا دل یکبارگی سے دھڑک اُٹھا تھا۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

سولہ قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode-16

"رائم صاحب آپ ہمارے غریب خانے میں کیسے؟"

ارمغان کاظمی رائم دُرانی کو دیکھتے چونک سے گئے تھے۔۔۔

"ارمغان صاحب میرے خیال سے یہ وقت اِن سب باتوں کے لیے مُناسب نہیں ہے "

رائم کی گھمبیر آواز سُنتے ارمغان نے ماتھا پہ آیا پسینہ صاف کرتے سر کو اثبات میں ہلایا تھا۔۔۔

"قاضی صاحب نکاح پڑھانا شروع کیجیے" رائم کی آواز سُنتے قاضی نے سر کو اثبات میں ہلایا تھا۔

"ایک منٹ ارے بھئی ناجان ناپہچان میں تیرا مہمان یہ والا حساب ہو گیا یہ تو ہم اِسے جانتے پہچانتے نہیں اور اپنی لڑکی کو ایسے کسی ایرے غیرے کے ساتھ بیاہ دیں ہاں؟"

مہناز کی بات سُنتے رائم گہرا مسکرایا تھا۔۔۔

"چُپ کر جاو مہناز چُپ کر جاو ارے اپنی جان اور عزت پیاری ہے معلوم بھی ہے یہ کون ہے؟"

ارمغان کی بات سُنتے مہناز نے کوفت بھری نگاہوں سے رائم کی جانب دیکھا جو یہاں وہاں نگاہیں دوڑا رہا تھا۔

"ارے یہ رائم دُرانی ہے معروف ترین بزنس ٹائیکون دائم دُرانی کا بیٹا ایک اشارہ کرے گا اور ہمیں اس ملک سے ہی باہر پھینکوا دے گا" ارمغان کی بات سُنتے مہناز بیگم گھبرا سی گئی تھیں۔۔۔

"میرے خیال سے آپکو اب معلوم ہو چُکا ہو گا کہ میں کون ہوں تو قاضی صاحب بنا دیر کیے نکاح شروع کیجیے" رائم نے مہناز کی طرف سرد نگاہوں سے دیکھتے کہا تھا۔

★★★

"رُوحی کاظمی ولد رُوحان کاظمی آپکا نکاح رائم دُرانی ولد دائم دُرانی کے ساتھ حقِ مہر با عوض ایک کڑور رُوپے طے پایا ہے کیا آپکو قبول ہے؟"

مہناز اور فاریہ کی آنکھیں تو حق مہر کی رقم سُنکر ہی چندھیا گئی تھیں کہ کیسے اُسکا سویا نصیب جاگ اُٹھا تھا۔

"قبول ہے" رُوحی کانپتے لہجے میں تین دفعہ یہی جُملہ دُہراتے خُود کو رائم کے نام کر گئی تھی۔۔۔

★★★

رُخصتی کے وقت رشیدہ بی سے گلے ملنے کے بعد رُوحی دُنیاداری کے تحت ہی آگے بڑھی تھی تاکہ مہناز کو گلے لگا سکے لیکن وہ سرعت سے پیچھے ہٹی تھیں۔۔۔

"ارے ہٹو پیچھے میں تم جیسی آوارہ لڑکی کو گلے لگانا بھی پسند نہیں کرتی شرم وحیا تو ساری بیچ کھائی ہے تمنے ارے اپنے مرے ہوئے ماں باپ کی ہی عزت کا خیال کر لیتی"

مہناز کی بات سُنتے رُوحی طیش میں آتی غرائی تھی۔۔۔

"بس بہت ہو گیا اب میں اپنے کردار پہ مزید ایک لفظ برداشت نہیں کروں گی سمجھ آئی اور جہاں تک رہی بات اُن تصویروں کی تو میں آپ سبکو بتادوں اُس دن کلب میں شراب مجھے آپ ہی کی لاڈلی بیٹی نے پلائی تھی اور مجھے پُورا یقین ہے یہ تصویروں والا گھناونا کام بھی اِسی کا کیا دھرا ہے"

"بکواس بند کر جھوٹی لڑکی میری بیٹی پہ اپنے کیے گئے کارنامے کا ملبہ ڈالتی ہے تجھے تو میں بتاتی ہوں" مہناز بیگم نے کہتے ہاتھ فضا میں بلند کیا تھا اِس سے پہلے کہ وہ ہاتھ رُوحی کے چہرے پہ پڑتا رائم نے رُوحی کی طرف بڑھا ہوا وہ ہاتھ تھام لیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"اب یہ لڑکی لاوارث نہیں رہی کہ جسکا جو دل چاہے گا اُسکے ساتھ ویسا سلوک کرے گا اب یہ رائم دُرانی کی عزت ہے بیوی ہے یہ میری اور اپنی بیوی کی عزت کروانا رائم دُرانی کو اچھے سے آتا ہے "
رُوحی تو بس نم آنکھوں سے رائم کو دیکھے جا رہی تھی جو ہمیشہ فرشتہ بنکے اُسکی زندگی میں آیا تھا اُسنے سوچا نہیں تھا جس چاند کو پانے کی اُسنے خواہش کی تھی وہ اِتنی آسانی سے اُسے مل جائے گا۔۔۔
"آئیندہ اپنے ہاتھوں کو قابو میں رکھیے گا ورنہ اگلی دفعہ یہ ہاتھ میں صرف رُوکوں گا نہیں بلکہ توڑ بھی دُوں گا" رائم نے سرد و سپاٹ لہجے میں کہتے جھٹکے سے مہناز کا بازو جھٹکا تھا جو درد سے کراہ کے رہ گئی تھیں فاریہ سُلگتی زہریلی نگاہوں سے رُوحی کی جانب دیکھ رہی تھی جسکا قسمت کا ستارہ پوری آب و تاب سے چمک رہا تھا۔۔۔
"تمھیں ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے تمہارا شوہر زندہ ہے ابھی تمہاری طرف بڑھتے ہر طوفان کو پہلے مُجھ سے ٹکرانا ہو گا" رائم نے کہتے ہوئے روتی ہوئی رُوحی کو جھٹکے سے اپنی بانہوں میں اُٹھاتے قدم آگے کی جانب بڑھائے تھے جبکے وہاں موجود ہر شخص رُوحی کی قسمت پہ رشک کر رہا تھا۔۔۔

★★★

دانین اسوقت ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی خُود کا جائزہ لے رہی تھی میرون کلر کا پنڈلیوں تک آتا گاؤن پہنے کنڈلے بالوں کو یوں ہی کھلا چھوڑے میک اپ میں ہونٹوں پہ میرون ہی کلر کی لپ اسٹک لگائے آنکھوں میں کاجل کی ایک لکیر ڈالے کانوں میں بڑی بڑی وائیٹ کلر کی بالیاں پہنے اور پاؤں کو بلیک ہائی ہیل پہنے وہ دُرید کے یقیناً آج ہوش اُڑا دینے والی تھی۔۔۔
دانین نے ایک نظر وال کلاک پہ ڈالی جو رات کے ساڑھے آٹھ بجا رہی تھی ساڑھے نو بجے تک اُسے کلب پہنچانا تھا دُرید کی لوکیشن کسی کلب کی شو ہو رہی تھی وہ اپنا موبائل اور کلچ پکڑے نیچے آئی تھی۔۔۔
"دانین کہاں جا رہی ہو اسوقت" ماہ نور نے پورش میں جاتی دانین کو دیکھ کے پوچھا تھا۔۔۔
"ڈونٹ وری مام آپ کے داماد ہی سے ملنے جا رہی ہوں"
دانین نے لبوں پہ جھوٹی مسکراہٹ سجائے کہا تھا کہ ماہ نور نے مطمئین ہوتے مسکرا کے سر کو ہاں میں ہلایا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"اللہ پاک میرے بچوں کو ہمیشہ یوں ہی خُوش رکھنا آمین ثم آمین "

کہہ کے ماہ نور آگے کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

دانین کلب پہنچ چکی تھی کلب میں لڑکے لڑکیاں دُونوں ہی موجود تھے کافی رش تھا سٹیج پہ کئی لڑکیاں اپنے بوائے فرینڈز کی بانہوں میں بانہیں ڈالے ڈانس میں مصروف تھیں تو کچھ سٹیج پہ موجود رقص میں گم تھیں۔۔۔

"میں تیری آنکھوں کا ساحل
میں تیرے دل کے ہی قابل
تو مسافر میں تیری منزل
عشق کا دریا ہے بہتا ڈوب
جا تُجھ سے ہے کہتا آ میری
بانہوں میں آ کے مرا وہ
شرابی کیا شرابی دل میں
جسکے غم نا ہو لُٹ گیا سمجھو
شرابی پاس جسکے ہم نا ہوں
او ساقی ساقی رے ساقی ساقی
آ پاس آ رہ نا جائے کوئی خواہش باقی "

ڈی جے نے سانگ پلے کیا تھا دانین نے لبوں پہ مُسکان سجائے یہاں وہاں نگاہیں دوڑائیں تھیں سامنے صوفے پہ ہی دُرید بیٹھا دیکھائی دیا اُسکے ارد گرد موجود دو لڑکیوں کو دیکھ دانین کو جیلسی کا احساس ہوا تھا۔

"ایکیسوزمی راستہ چھوڑیں گی آپ" دانین نے دُونوں لڑکیوں کو گھورتے ہوئے کہا کہ دُرید دانین کو یہاں دیکھ پہلے پہل تو چونکا لیکن اگلے پل ہی گہرا مسکرایا تھا۔۔۔

"تم کون ہو ہاں ؟"اُن دُونوں میں سے ایک لڑکی دانین کو دیکھتے طنزیہ لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"میں اِنکی بیوی ہوں"

دانین نے مُسکرا کے کہا کہ ابکی بار دُونوں لڑکیاں گھبرا کے آگے کی جانب بڑھ گئی تھیں اور دانین دُرید کی شرٹ کا کالر پکڑے اُسے ساتھ لیے دُوسرے کمرے میں داخل ہوئی تھی یہاں اُن دُونوں کے علاوہ اور کوئی موجود نا تھا۔۔۔

"کیا ہوا غُصہ کیوں ہو رہی ہو بیوی ؟"دُرید صوفے پہ براجمان ہنستے گویا ہوا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کیوں نا غُصہ ہوں ہاں؟ مجھے تو بڑی دھمکیاں دیتے ہو کہ کسی لڑکے سے نا ملوں کسی کو اپنے قریب نا آنے دُوں اور اب یہ سب کیا ہے ہاں؟ شرم نہیں آتی بیوی کے ہوتے ہوئے کسی اور کی بانہوں میں جُھول رہے ہو" دانین کو غُصہ کرتے دیکھ دُرید دلکشی سے مُسکرایا تھا اُسے دانین کا جیلس ہونا مزہ دے رہا تھا یہی تو چاہتا تھا کہ دانین کو خُود احساس ہو کہ وہ اُسکے لیے کیا معنی رکھتی ہے اپنے دل کے کسی کونے میں موجود دبی چھپی ہوئی محبت کو سامنے لیکر آئے اظہار کرے بس یہی چاہتا تھا وہ۔۔۔

دانین کی جانب دیکھتے دُرید جھٹکے سے اُسکی بازو کھینچ کے اُسے اپنے پاس بیٹھا گیا تھا۔۔۔

"جب بیوی ہی اپنے شوہر کو منہ نہیں لگائے گی تو باہر والی تو لگائیں گی نا "

دُرید کی بات سُنتے دانین خفگی بھری نگاہوں سے اُسے گھورے گئی تھی یکدم ہی یاد آیا کہ وہ یہاں جیلس ہونے نہیں بلکہ دُرید کو سیڈیوس کرنے آئی تھی ٹیبل پہ موجود ڈرنک کی بوتل اُٹھا کے گلاسوں میں انڈیلی تھی دُرید جو مسکرا کے دانین کی جانب دیکھ رہا تھا یکدم موبائل پہ آتی کال کی جانب متوجہ ہوا اور بیک وقت اپنے کلچ سے گولی نکال کے دانین نے دُرید کے گلاس میں ڈالی تھی کہ دُرید کی زیرک نگاہوں سے دانین کی یہ حرکت بھی مخفی نا رہ سکی تھی۔۔۔

★★★

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

ستارھویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode-17

دانین نے گلاس دُرید کی جانب بڑھایا تھادُرید نے گہری نگاہوں سے دانین کی جانب دیکھتے گلاس تھام لیا تھا۔

اِس سے پہلے کہ دانین اپنے گلاس میں موجود ڈرنک کا سپ لیتی فون پہ آتی نتاشا کی کال پہ دُرید کی جانب دیکھا جو ہنوزاپنے موبائل میں مصروف تھا کال اُٹھا کے وہ روم سے باہر نکلی تھی اور بیک وقت دُرید نے اپنے گلاس میں موجود ڈرنک اُٹھا کے سامنے پڑے گُلدان میں اُلٹ دی تھی گُلدان کو واپس سے اپنی جگہ پہ رکھتے وہ خالی گلاس ٹیبل پہ رکھتا اپنی جگہ پہ آکر واپس بیٹھ گیا تھا۔۔۔

★★★

"جی مام میں نے ڈرنک میں میڈیسن ملادی ہے جی بس جا ہی رہی ہوں" ۔دانین نتاشا کی کال بند کرتے اندر کی جانب بڑھی تھی اور دُرید کا خالی گلاس دیکھ کر ایک نظر دُرید پہ ڈالی جو آنکھیں موندے

ہوئے تھالبوں پہ گہری مُسکان آن ٹھہری تھی وہ چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتے اُسکی جانب بڑھی اور اُس کے پاس جا کے بیٹھی تھی اور ایک ہاتھ دُرید کے چہرے پہ رکھا تھا۔۔۔

"کیا ہوا دُرید تم ٹھیک تو ہو نا؟"

"پتہ نہیں کیوں مجھے چکر سے آ رہے نین "

دُرید نے بوجھل آواز میں کہا تھا کہ دانین چہرے پہ گہری مُسکان لیے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"دُرید میں تم سے کچھ کہنا چاہتی ہوں "

دانین دُرید کے مزید نزدیک ہوتی اُسکے سینے پہ ہاتھ رکھتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"ہمم کہو نا"

دُرید ہنوز آنکھیں موندے خُمار زدہ لہجے میں گویا ہوا۔۔۔

"دُرید تمنے کبھی بتایا ہی نہیں کہ مُجھ سے کتنا پیار کرتے ہو تم؟"

دانین دُرید کے سینے پہ اپنا سر رکھتے گویا ہوئی کہ دُرید جو ایکٹنگ کر رہا تھا ایک بار اُسکا دل تیزی سے دھڑکا تھا۔۔۔

"دُرید دیکھو اگر تم مُجھ سے پیار کرتے ہو نا تو سچ بتا دو کہ وہ پاکیمر کہاں ہے؟"

دانین نے اپنی بات ختم کرتے دُرید کے سینے پہ اپنے لب رکھے تھے کہ بیک وقت ہی دُرید اُسکو کمر سے پکڑتے اُسے خُود کے نیچے کیے اُسپر سایہ فگن ہوا کہ دانین حیرت بھری نگاہوں سے اُسے تکے گئی جو لال آنکھوں سے اُسے ہی گھور رہا تھا۔۔۔

"اوہوں تو یہ وجہ تھی جو مجھے اتنا مگن لگا یا جا رہا تھا اصل میں تو تمھیں یہ پتہ کرنا تھا نا کہ پاکیمر کہاں ہے اسی لیے تمنے میری ڈرنک میں میڈیسن ملائی تھی ہے نا؟"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

دُرید کی بات سُنتے دانین نے حیرت بھری نگاہوں سے اُسے دیکھا تھا تو اُسنے وہ ڈرنک کی ہی نہیں درحقیقت وہ اُسے بے وقوف بنا رہا تھا دانین نے گھبراتے ہوئے نگاہوں کا زاویہ بدلنا چاہا کہ دُرید نے طیش میں آتے اُسکا منہ دبوچ کر اپنے سامنے کیا تھا جسکی بنا پہ دانین درد سے کراہی تھی۔۔۔

"تمھیں تو بس پیسہ چاہیے ہے نا دولت کی لالچ نے تمھیں اِتنا اندھا کر دیا ہے کہ تمھیں ہم سبکی محبت نظر ہی نہیں آ رہی اُسے پاکیمر کی خاطر اپنی پُوری زندگی داؤ پہ لگانے کو تیار ہو تم ہاں؟"

دُرید طیش میں آتا غرایا تھا کہ دانین لال ہوتی آنکھوں سمیت اُسے دیکھے گئی۔۔۔

"چھوڑو دُرید درد ہو رہا ہے مجھے"

"درد درد کا پتہ بھی ہے تمھیں کہ درد ہوتا کیا ہے ہاں؟ جب جب تم مُجھ سے دُور بھاگتی ہو نا اور مجھے اگنور کرتی ہو مُجھ سے نفرت کا اظہار کرتی ہو اُسے درد کہتے ہیں سمجھ آ رہی ہے تمھیں"

دُرید کے چلانے پہ دانین سختی سے آنکھیں میچ گئی تھی۔۔۔

"کیا کہا تھا تمنے کہ میں نے کبھی بتایا ہی نہیں کہ مجھے کتنا پیار ہے تمسے تو میری جان آج میرا کیا گیا ہر عمل تمھیں باور کروائے گا کہ میں اپنی بیوی سے کتنی محبت کرتا ہوں"

دُرید جھٹکے سے اُسکے گاؤن کو ان زپ کر گیا تھا کہ ایک بار سہی معنوں میں دانین کی جان فنا ہوئی تھی اِس سے پہلے کہ دانین کوئی مزاحمت کرتی دُرید جھٹکے سے اُسکا رُخ موڑتا اُسکی کمر پہ اپنا شدت بھرا سُلگتا لمس چھوڑنے لگا تھا کہ دانین اُسکی شدت پہ بے حال ہوتی لبوں کو دانتوں تلے دبا گئی تھی کچھ پلوں کے توقف کے بعد وہ لال چہرہ لیے پیچھا ہٹا چند آنسو دانین کی پلکوں پہ آ ٹھہرے تھے وہ گہرے گہرے سانس لیتی اپنا رُخ دُرید کی جانب موڑ گئی دُرید کا ضبط سے لال پڑتا چہرہ دیکھ کے دانین اضطرابی کیفیت میں لبوں کو کچلتے اُسکے نزدیک ہوئی تھی۔۔۔

"دُرید میری بات سُنو دیکھو میرا ایسا مقصد "

اِس سے پہلے کہ دانین اپنا جُملہ مکمل کرتی دُرید نے ٹیبل پہ پڑا گلاس اُٹھا کے زمین پہ دے مارا تھا کہ دانین اپنی جگہ کانپ کے رہ گئی تھی۔۔۔

"دانین کچھ دیر کے لیے مجھے اکیلا رہنا ہے باہر ڈرائیور کھڑا ہو گا میرا اُسے کہو تمھیں گھر چھوڑ دے "

"دُرید میری بات تو سُنو "

"جسٹ لیو می آلون ! "

" Just Leave Me Alone " !

"دُرید لیکن میری بات تو "

"آئی سیڈ لیو جسٹ لیو می آلون ڈیم اٹ "

"I Said Leave Just Leave Me Alone Damit"

دُرید ایک بار پُوری قوت سے دھاڑا تھا کہ دانین چہرے پہ ہاتھ رکھے آنکھوں میں نمی لیے منظر سے ہٹ چُکی تھی۔۔۔

★★★

رائم رُوحی کو ساتھ لیے "دُرانی" مینشن میں داخل ہوا تھا رُوحی رائم کے چوڑے وجود کے پیچھے چُھپی ہوئی تھی۔۔۔

"رائم بیٹا یہ رُوحی تمہارے ساتھ یہ سب کیا ہے ؟"

مشال اور دائم رائم رُوحی کو لاونج میں آتا دیکھ کر گویا ہوئے تھے۔۔۔

"مام ڈیڈ رُوحی بیوی ہے میری"

رائم کی بات سُنتے مشال دائم دُونوں ہی حیرت میں مبتلا ایک دُوسرے کا چہرہ دیکھے گئے تھے۔۔۔

"بیٹے لیکن یہ سب کیا ہے یہ سب ہاں؟"

دائم رائم کی جانب دیکھتا گویا ہوا۔۔۔

"مام ڈید آپ مجھے پانچ منٹ دے دیں میں واپس آکے پُوری بات سمجھاتا ہوں "

رائم کہہ کر رُوحی کا ہاتھ تھامے اُسے اپنے ساتھ لیے قدم اُوپر کی جانب بڑھا گیا تھا۔۔۔

★★★

"یہ روم اب سے یہ تمہارا بھی ہے وہ سائیڈ ڈراپہ انٹر کام رکھا ہے کچھ بھی چاہیے ہو تو نیچے ملازم موجود ہیں وہ کر دیں گے تم ریسٹ کرو میں کھانا بھجواتا ہوں اوکے "

رائم نے مُسکراتے ہوئے کہا تھا اور قدم روم سے باہر کی جانب بڑھا گیا تھا رُوحی نے ایک نظر اُس روم پہ ڈالی تھی دیکھنے میں یہ روم کافی کھلا کشادہ تھا دیواروں پہ سلور کلر کا پینٹ ہوا تھا کمرے کے وسط میں جہازی سائز کا بیڈ تھا ساتھ ہی خُوبصورت سا ڈریسنگ ٹیبل اور اُسی کے ساتھ واڈروب اور اٹیچ واشروم بیڈ کے دُوسری طرف صوفہ سیٹ رکھا ہوا تھا ساتھ ہی ٹیبل موجود تھا اور ٹیبل کے بالکل ساتھ کاوچ بھی موجود تھا اچانک ہی رُوحی کی نظر بیڈ کے اُوپر لگی رائم کی تصویر پہ پڑی تھی وائیٹ کلر کی شرٹ زیب تن کیے گریباں کے اگلے دو بٹن کھولے وہ انتہائی کاڈیسنگ لگ رہا تھا رُوحی کو ابھی بھی یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ اِتنا خُوبصورت مرد سارا کا سارا اُسی کا ہے۔اُسے معلوم نہیں تھا کہ دل میں چھُپی ہوئی خواہشیں اِتنی جلدی بھی پُوری ہو جایا کرتی ہیں رُوحی گہرا سانس بھر کے صوفے پہ آن بیٹھی تھی اور نظریں ابھی بھی رائم کی ہی تصویر پہ مرکوز تھیں وہ اِسی اثنا میں بیٹھی تھی جبھی روم کا ڈور ناک ہوا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"یس آجائیں" اجازت ملنے پہ ملازمہ ہاتھ میں کھانے کی ٹرے پکڑے اندر داخل ہوئی تھی اور ٹرے ٹیبل پہ رُوحی کے سامنے رکھ دی تھی۔۔۔

"میم آپکو کچھ چاہیے ہو تو مجھے بتا سکتی ہیں "

"نہیں تھینک یو کچھ نہیں چاہیے "

رُوحی کے کہنے پہ ملازمہ سر کو اثبات میں ہلا کر باہر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

رُوحی نے ایک نظر کھانے کی ٹرے پہ ڈالی بریانی تو اُسکی پسندیدہ تھی اور اُسنے تو کل رات سے کچھ کھایا ہی نہیں تھا اور اب بُھوک بھی شدید لگی ہوئی تھی اسلیے تمام سوچوں کو پسِ پُشت ڈالتی وہ کھانے کی جانب متوجہ ہو چکی تھی۔۔۔

★★★

رائم مشال اور دائم کو ساری صورتِحال سے آگاہ کر چُکا تھا دائم مشال رائم کے اِس فیصلے سے خُوش اور مطمئین تھے۔۔۔

"مام ڈیڈ مجھے کام ہے میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں واپس "

رائم کہہ کر پورچ کی جانب بڑھ گیا جبکہ دائم اور مشال ایک دُوسرے کو دیکھ کر مُسکرا دیے تھے۔۔۔

★★★

رائم واپس آیا تو رات کے دس بج چکے تھے مشال اور دائم بھی اسوقت سونے اپنے روم میں چلے جاتے تھے۔رائم تیز تیز قدم اُٹھاتا اپنے روم کی جانب بڑھا تھا۔دروازہ کھولتے اندر داخل ہوا تھا تو رُوحی کو بیڈ پہ لیٹے پایا جو سو چکی تھی وہ دروازہ بند کرتے اُس تک پہنچا تھا شاید اُسے اِتنی نیند آئی ہوئی تھی کہ وہ بنا چینج کیے بنا جیولری اُتارے ہی سو گئی تھی رائم نے گہری نگاہیں اُسکے خُوبصورت سراپے پہ ڈالی تھیں اور آگے بڑھتے اُسکی کلائیوں کو چوڑیوں سے آزاد کروایا تھا چوڑیاں اُتارتے اُسنے اُسکے ہاتھوں میں لگی خُوب

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

صورت مہندی دیکھی تو مُسکرائے بنا رہ نا پایا تھا چوڑیاں اُتارتے اُسنے ماتھے سے بندیا اُتاری پھر کانوں سے وزنی جُھمکے نکالے کانوں کی سُرخ ہوتی لووں کو اپنی اُنگلی کی پُور سے سہلاتے اُسنے گلے میں پہنا گلوبند اُتارا تھا ساری جیولری سائیڈ پہ رکھتے اُسنے رُوحی کی کمر میں ہاتھ ڈالتے اُسے ڈوپٹے کے بوجھ سے آزاد کرایا تھا وہ اُسکے اسقدر نزدیک تھی کہ رائم کو اپنا دل کانوں میں دھڑکتا محسوس ہوا تھا وہ بے پناہ خُوبصورت تھی اور اپنے ہی حسن سے لاپرواہ کہ یوں ہی اُسکی بانہوں میں پڑے وہ رائم کو شدید قسم کی گستاخی کرنے پہ آمادہ کر رہی تھی بالاآخر دل کی پُکار پہ لبیک کہتے رائم جُھکا اور رُوحی کے ماتھے پہ اپنی محبت کی پہلی مہر ثبت کی تھی کچھ پلوں کے توقف کے بعد وہ پیچھے ہٹا تھا اور احتیاط سے اُسکا سر تکیے پہ رکھتے اُسپہ کمفرٹر ڈالتے ایک آخری اور گہری نگاہ اُسپر ڈالتے وہ منظر سے ہٹا تھا۔۔۔

★★★

جانتی ہوں اپی چھوٹی ہے لیکن شونے مونے ریڈرز میں گھر نہیں ہوں روٹین تھوڑی ڈسٹرب ہوئی وی ہے بس جلدی سے اِسپر اپنا اچھا ریسپانس شو کریں

تاکہ میں جلد ہی نیکسٹ اپی دے سکوں 🎀 💙 !

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. Whatsapp Group Link

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

اٹھارھویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode-18

رُوحی کی آنکھ کھلی تو خُود کو بیڈ پہ سیدھا لیٹے پایا اور کمفرٹر بھی اُوڑھ رکھا تھا وہ کسلمندی سے اُٹھی اور چند پل یوں ہی بیٹھی رہی اچانک ہی اُسکی نظر ہاتھوں پہ پڑی تو اُسکی چوڑیاں غائب تھیں بلکہ چوڑیاں ہی نہیں ساری ہی جیولری غائب تھی اچانک ہی اُسے یاد آیا کہ کل رات اُسکا نکاح ہو چُکا ہے رائم سے اور یہ سارے کارنامے بھی اُسی کے کیے ہوئے ہیں۔ناچاہتے ہوئے بھی لبوں پہ گہری مُسکراہٹ نے ڈیرہ جمالیا تھا وہ ابھی اِسی اثنا میں بیٹھی تھی جبھی دروازہ کھلا تھا اور مشال اندر داخل ہوئی تھی رُوحی مشال کو دیکھتی اُٹھنے لگی تھی کہ مشال مسکراتے ہوئے گویا ہوئی۔۔۔

"بیٹھی رہو بیٹا مت اُٹھو" مشال کے کہنے پہ رُوحی واپس سے بیٹھی تھی۔۔۔

"دیکھو بیٹا تمھیں ہم سے گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے آج سے میں اور دائم تمہارے ماں باپ ہیں تم جیسے چاہو اِس گھر میں رہ سکتی ہو یہ گھر تمہارا بھی ہے اور رائم نے ہمیں ساری بات بتادی ہے ہم بہت خُوش ہیں رائم کے فیصلے سے مجھے تم میری آئرہ کی طرح ہی عزیز ہو"

مشال کے محبت بھرے لہجے پہ رُوحی کی آنکھیں بے ساختہ ہی نم ہوئی تھیں۔۔۔

"اچھا چلو یہ سب چھوڑو دیکھو تم کل رات سے یہی ڈریس پہنے ہوئی ہو میں ابھی آئرہ کا کوئی سوٹ ملازمہ کے ہاتھ بھیجوا دیتی ہوں تم پہن کے فریش ہو جاو اور نیچے آ کے ناشتہ کر لو"

مشال رُوحی کا گال تھپتھپاتے گویا ہوئی تھی کہ رُوحی مُسکرا کے سر کو اثبات میں ہلا گئی تھی۔۔۔

★★★

دُرید اور آئرہ کو بھی رُوحی بہت پسند آئی تھی سب ہی کے ساتھ گھل مل چُکی تھی وہ ناشتے کے ٹیبل پہ بیٹھی ناشتہ کرنے میں مصروف تھی جبھی رائم سامنے سے آتا ہوا دیکھائی دیا تھا رُوحی کی دھڑکنیں یکدم ہی تیز ہوئی تھیں وہ سر جُھکائے ناشتہ کر رہی تھی اور رائم کی لو دیتی نگاہوں کو خُود پہ باآسانی محسوس کر سکتی تھی رائم نے ایک بھرپُور نگاہ اُس پر ڈالی وہ یلو اور وائیٹ کلر کی سمپل قمیض ٹراوزر پہنے بالوں کی اُونچی پُونی ٹیل بنائے بنا جیولری اور میک اپ کے باوجود بھی رائم کے جذبات میں تلاطم برپا کر گئی تھی۔۔۔

"رائم بیٹے تم ناشتہ نہیں کرو گے کیا؟" مشال نے رائم کو دیکھا تھا جو آج تھکا تھکا سا لگ رہا تھا۔۔۔

"نہیں مام رات میں کچھ ضروری کام آ گیا تھا ٹھیک سے سو نہیں پایا تو بس فریش ہو کے سوؤں گا ابھی"

مشال رائم کی بات پہ سر کو اثبات میں ہلا گئی تھی جب کے رائم رُوحی پہ گہری نگاہ ڈالتا قدم اُوپر کی جانب بڑھا گیا تھا۔۔۔

"رُوحی بیٹا جاو کے دیکھو رائم کو کسی چیز کی ضرورت نا ہو"

مشال کے کہنے پہ رُوحی دھڑکتے دل کے ساتھ قدم اُوپر کی جانب بڑھا گئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی کمرے میں آئی تو واشروم سے پانی کے گرنے کی آواز آرہی تھی یقیناً رائم شاور لے رہا تھا رُوحی لبوں کو اضطرابی کیفیت میں کچلتی کچھ پل وہی کھڑی رہی تھی اچانک ہی رائم باتھ گاون پہنے باہر آیا تو وہ سٹپٹا سی گئی تھی اور اچانک ہی اپنا رُخ دُوسری جانب موڑ گئی کہ رائم رُوحی کا گریز دیکھتے مُسکرائے بنا رہ نا سکا تھا۔۔۔

"مجھے پتہ نہیں تھا کہ تمھیں شرمانا بھی آتا ہے؟"

رائم کی شرارت بھری آواز سُنتے رُوحی دانت پیس کے رہ گئی تھی۔۔۔

"ویسے شرمانے کی وجہ بتا سکتی ہو تم؟"

"آپ آپ پلیز اپنے کپڑے پہنیں پہلے" رُوحی کی بات سُنکر رائم مُسکراتے ہوئے سر کو نفی میں ہلا گیا تھا۔

"پہنے لیے ہیں کپڑے اب اپنا رُخ میری طرف کرو"

رائم کی بات سُنکر رُوحی پلٹی لیکن یہ کیا اُسنے تو صرف پینٹ ہی پہنی تھی شرٹ تو نہیں پہنی تھی۔۔۔

"شرٹ بھی پہنیں نا آپ نے شرٹ کیوں نہیں پہنی؟" رُوحی لال چہرے لیے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"وہ تو تم پہناو گی نا میری جان"

رائم کی بے باک بات سُنکر رُوحی پل بھر کے لیے سٹپٹا گئی تھی اور پھر کمرے سے باہر دوڑ لگانا چاہی لیکن ایسا کر نہیں پائی کیوں کے رائم پہلے ہی اُسے اپنے شکنجے میں قید کر چُکا تھا۔۔۔

"شرٹ پہنائے بنا جا نہیں سکتی تم سو کوشش بھی مت کرو"

رائم کی بات سُنکر رُوحی نے رائم کے ہاتھوں کو جو رُوحی کی کمر پہ بے باکی سے گردش کر رہے تھے ہٹانے چاہے تھے لیکن ایسا کر نا سکی تھی۔۔۔

"چلو اچھی بیویوں کی طرح جلدی سے شرٹ پہناو"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

رائم نے شرٹ رُوحی کی جانب بڑھائی کہ رُوحی کانوں کی لو تک سُرخ پڑتے رائم کے برہنہ سینے کو دیکھتے شرٹ تھامتے اُسے شرٹ پہنانے لگی تھی۔۔۔

"ہوگیا اب چھوڑ دیں پلیز" رُوحی کی بات سُنتے رائم مُسکراتے گویا ہوا۔۔۔

"ارے ابھی کہاں ابھی تو تم نے مجھے کوٹ بھی پہنانا ہے تمنے"

"آپ کے ہاتھ ٹوٹ گئے ہیں کیا جو آپ خُود کچھ نہیں کر سکتے"

رُوحی کے زچ ہونے پہ رائم کھل کر ہنسا تھا اِس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا مشال کے بُلانے پہ رُوحی رائم کو گھورتے قدم نیچے کی جانب بڑھا گئی تھی۔۔۔

★★★

آئرہ اُس دن کے بعد سے ازمیر سے کوئی سامنا نہیں ہوا تھا جب سے نکاح ہوا تھا ازمیر آئرہ کو لیکر بے چین رہنے لگا تھا اُسکی شدت حد سے سوا تھی وہ آئرہ کو لیکر پہلے سے کئی زیادہ پوزیسسو ہوگیا تھا ابھی بھی وہ "دُرانی مینشن" کے ٹی وی لاونج میں بیٹھا چائے سے لُطف اندوز ہو رہا تھا نظریں یہاں وہاں دوڑاتے وہ آئرہ کی ہی تلاش میں تھا۔۔۔

"تائی جان آئرہ کہاں ہے نظر نہیں آرہی کہی؟"

"ہاں بیٹے وہ اُوپر ہوگی اپنے کمرے میں تم جاو وہاں ہی مل لو اُس سے"

مشال کی بات سُنکر ازمیر سر کو اثبات میں ہلاتا قدم اُوپر کی جانب بڑھا گیا تھا۔۔۔

★★★

ازمیر آئرہ کے کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا تھا واشروم سے پانی گرنے کی آواز آرہی تھی تو یقیناً آئرہ شاور لے رہی تھی ازمیر صوفے پہ بیٹھتا اُسکے باہر آنے کا انتظار کرنے لگا پندرہ منٹ بعد آئرہ اپنے ہی دھیان میں باہر آئی تھی وہ سکائے بلیو کلر کا لانگ فراک پہنے ہوئے فراک کے بیک پہ لگی زپ بند کرنے کی کوشش کر رہی تھی جو کے بند نہیں ہو رہی تھی زپ کھلی ہونے کے سبب آئرہ کی کمر واضح

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

ہو رہی تھی ازمیر کی آنکھوں میں خُماری سی چھانے لگی تھی ازمیر چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتا آئرہ کے قریب گیا اور یکدم ہی اُسکی پُشت میں ڈالتا اُسکی کمر کو اپنے سینے سے لگا گیا تھا کہ آئرہ اِس اچانک ہوئی افتاد پہ گھبرا اُٹھی تھی شرم وحیا کے سبب منہ سے الفاظ نکلنے سے انکاری تھے۔۔۔

"میری بیوی اتنی ہاٹ ہے مجھے تو اِسکا اندازہ ہی نہیں تھا" ازمیر بوجھل لہجے میں کہتے ہوئے آئرہ کی کمر پہ اپنے سُلگتے ہوئے لب رکھے تھے کہ آئرہ بے چینی سے پہلو بدل کے رہ گئی جسم کا سارا خُون سمٹ کے چہرے پہ آگیا تھا جبکہ ازمیر مسلسل اپنے لمسوں سے آئرہ کی جان مشکل میں ڈالے ہوئے تھے کچھ پلوں کے توقف کے بعد وہ پیچھے ہٹا تو آئرہ کی گردن کان کندھوں پہ ازمیر کی شدتوں کے نشان پڑ چکے تھے۔

"اگر آئیندہ کے بعد بھی کبھی زپ بند نا ہو رہی ہو تو بلا جھجھک مجھے بتا سکتی ہو یقین جانو مجھے بند کرتے ہوئے بہت اچھا لگے گا" ازمیر نے بے باک لہجے میں کہتے ہوئے آئرہ کی زپ بند کرتے اُسکی کنپٹی کو چوم لیا تھا۔۔۔

★★★

جانتی ہوں ایپی چھوٹی ہے لیکن شونے مونے ریڈرز میں گھر نہیں ہوں روٹین تھوڑی ڈسٹرب ہوئی وی ہے بس جلدی سے اِسپر اپنا اچھا ریسپانس شو کریں تاکہ میں جلد ہی نیکسٹ ایپی دے سکوں۔ 🎀 💙

ہماری ویب سائٹ کا لنک۔

www.kohnovelsurdu.com
(The Best Novels Website)

1. **Whatsapp Group Link**

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

انیسویں قسط

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode-19

مشال اور دائم اسوقت "میر وِلا" کے لاونج میں بیٹھے چائے سے لُطف اندوز ہو رہے تھے آج وہ دُونوں دُرید ہی کے کہنے پہ رُخصتی کی ڈیٹ لینے آئے تھے۔۔۔

"دیکھو بھئی میر اب ہمیں ہماری امانت سونپ دو تم ہم رُخصتی کی تاریخ لینے آئے ہیں۔" دائم مُسکرا کے گویا ہوا تھا کہ میر اور ماہ نور کے درمیان بیٹھی دانین بے چینی سے پہلو بدل کے رہ گئی تھی۔

"جی میر بھائی میں بس اب جلد از جلد اپنی بہو کو اُسکے اصل گھر لیجانا چاہتی ہوں "

مشال محبت بھری نگاہوں سے دانین کو دیکھتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"آپ لوگوں نے تو میرے دل کی ہی بات کر دی بھابھی دراصل میں اور ماہ نور بھی آپ لوگوں سے اِسی سلسلے میں بات کرنا چاہ رہے تھے "

"تو ٹھیک ہے پھر جلدی سے کوئی تاریخ بتاوں پھر ہم اُسی دن بارات لے آئیں گے "

دائم میر کی جانب دیکھتا گویا ہوا تھا۔۔۔

"ایک منٹ تایا جان میں ابھی اِتنی جلدی یہ رُخصتی نہیں چاہتی ہوں "

دانین کی بات سُنکر وہ چاروں ہی اُلجھے تھے۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کیا مطلب بیٹا کیا کہنا چاہتی ہو کھل کر کہو "

مشال نے دانین کی جانب دیکھتے کہا تھا۔۔۔

"دراصل میں ابھی ڈیڈی کا بزنس سنبھالنا چاہتی ہوں کچھ کرنا چاہتی ہوں اپنا نام بنانا چاہتی ہوں اپنے پیروں پہ کھڑا ہونا چاہتی ہوں "

دانین کی بات سُنتے دائم گویا ہوا۔۔۔

"بیٹا تمھیں ہماری جانب سے کوئی روک ٹوک نہیں ہے جیسا چاہو ویسے کرو اور بیٹا شادی کے بعد تم اپنے تایا ابو کا بزنس سنبھالنا مجھے بہت خُوشی ہوگی اگر تم بزنس میں میرا اور رائم کا ہاتھ بٹاؤ گی "

دائم کی بات سبھی کو بہت پسند آئی تھی اور دانین کے پاس اب انکار کا کوئی آپشن باقی نہیں رہا تھا اِس لیے اُسنے چُپ چاپ سر کو اثبات میں ہلاتے اپنے کمرے کی راہ لی تھی۔۔۔

"میرے خیال سے اِس ماہ کی پچیس تاریخ بہترین رہے گی ویسے بھی ابھی پُورے دو ہفتے ہیں جو بھی تیاری کرنی ہے ملکر کر لیں گے "

دائم کی بات سُنتے اُن تینوں نے مُسکرا کے سر کو ہاں میں ہلایا تھا۔۔۔

★★★

آئرہ اور راز میر کے دوستوں نے اُنکے نکاح کی خُوشی میں ایک شاندار پارٹی تھرو کی تھی جس میں اُنکے گھر والے بھی انوائیٹڈ تھے آئرہ نے تو ساس سُسر ماں باپ دُونوں ہی کو ساتھ چلنے کا کہا لیکن بقول اُن چاروں کے یہ وقت اُنکے انجوائے کرنے کا ہے اسلیے وہ لوگ ہی جائیں رُوحی رائم اور دُرید دانین بھی ساتھ ہی جارہے تھے دانین نہیں جانا چاہ رہی تھی لیکن آئرہ اور راز میر کے اصرار کرنے پہ تیار ہوگئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی نے ایک نظر شیشے میں خُود کو دیکھا تو حیران رہ گئی وہ ہمیشہ سادہ رہتی تھی اسلیے جب کبھی بھی تیار ہوتی تو بہت پیاری لگتی تھی اسوقت بھی وہ بہت پیاری لگ رہی تھی سلور کلر کے کامدار فراک میں لائیٹ سے میک اپ اور جیولری میں صرف سلور کلر ہی کے لمبے آویزے ڈالے پاؤں کو سلور کلر کی ہی ہیل میں قید کیے ہوئے تھی وہ دوپٹہ گلے میں ڈالتی خُود کا جائزہ لے رہی تھی جبھی کمرے میں رائم آتا ہوا

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

دیکھائی دیا تھا اُسنے سلور اور وائیٹ کلر کے کومبو کا تھری پیس سوٹ زیب تن کیا ہوا تھا جس میں وہ بہت دلکش دیکھائی دے رہا تھا رُوحی کے خُوبصورت سراپے کو دیکھتے اُسکی گرے آنکھیں میں خُمار کی سی سُرخی اُتر آئی تھی وہ چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتا اُسی کی جانب آ رہا تھا اور رُوحی کے دل کی دھڑکن اُسکے ہر بڑھتے قدم پہ بڑھ رہی تھی۔۔۔

"بہت خُوبصورت لگ رہی ہو "

رائم نے جذبات سے بوجھل لہجہ اپنائے کہا تھا اور یکدم ہی اُسکی پُشت میں ہاتھ ڈالتا اُسے اپنے سینے سے لگا گیا تھا کہ رُوحی لال ہوتے چہرے کے ساتھ نگاہیں جُھکا گئی تھی اِس سے پہلے کہ رائم جذبات میں آ کے کوئی گستاخی کرتا یکدم ہی اُسے رُوحی کی کہی بات یاد آئی تھی۔۔۔

"سر میں بھی آپ کی طرح ہی دوٹوک بات کرنے کی عادی ہوں بات دراصل یہ ہے کہ آج سے ٹھیک ایک ہفتے بعد میرا نکاح ہے میرے پھوپھو زاد سے سو معاف کریئے گا آپکی یہ خواہش تو پوری نہیں کر پاوں گی میں اور ہاں میرے نکاح میں ضرور آیئے گا انتظار کروں گی میں۔۔۔"

یہ بات رائم کے لیے قابلِ برداشت ہر گز نہیں تھی کہ رُوحی نے اُسپر اُس آیان کو فوقیت دی تھی اُسے ٹھکرایا تھا یہی سوچتے اُسکی آنکھیں لال ہوئی تھیں یکدم ہی وہ رُوحی کی کمر سے ہاتھ نکالتا گویا ہوا۔۔۔

"میں گاڑی میں ویٹ کر رہا ہوں جب تیار ہو جاو تو آ جانا" کہہ کے لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہ کمرے سے نکلتا چلا گیا جبکہ رُوحی اُسکی پُشت کو دیکھتے سمجھ نا پائی کہ آخر اُسے کیا ہوا۔۔۔

★★★

دُرید "میر وِلا" کے گیٹ کے آگے گاڑی روکے اُس دُشمنِ جاں کا ویٹ کر رہا تھا جو مسلسل اُسے انتظار کی سُولی پہ لٹکا کے نجانے خُود کیا کر رہی تھی دُرید نے ایک نظر کلائی پہ بندھی اپنی گھڑی پہ جو رات کے سات بجا رہی تھی پارٹی کی ٹائمنگ آٹھ بجے کی تھی وہ اِسی اثنا میں بیٹھا تھا جب اُسے سامنے سے دانین آتی ہوئی دیکھائی دی ایک پل تو اُسے یہی لگا کہ جیسے وقت رُک سا گیا ہے پر یل اور وائیٹ کومبو کی پیروں کو چھوتی قمیض کے ساتھ چوری دار پاجامہ زیب تن کیے دوپٹے کو گلے میں ڈالے پاوں میں بلیک کلر کی ہیلز پہنے کالے کنڈلے بالوں کو یوں ہی کھلا چھوڑے لائیٹ سے میک اپ اور جیولری میں میچنگ کے

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

آویزے ڈالے وہ بہت خُوبصورت لگ رہی تھی وہ گاڑی میں آ کے بھی بیٹھ چُکی تھی جب بھی دُرید اُسے گھورے جا رہا تھا۔۔۔

"چلیں؟"

دانین لبوں کو اضطرابی کیفیت میں کچلتی دُرید کی جانب دیکھے گئی۔۔۔

"آں ہاں ہاں چلتے ہیں "

دُرید نے ایک گہری نگاہ اُسکے ہوش رُبا سراپے پہ ڈالتے کہا تھا کہ دانین کی ناچاہتے ہوئے بھی ایک نگاہ اُٹھی تھی بلیک اینڈ وائیٹ تھری پیس میں جیل سے بالوں کو سیٹ کیے خُوشبو بکھیرتا وہ بہت ہینڈسم لگ رہا تھا سب سے بڑھ کے اُسکی گہری سبز آنکھیں جو مُقابل پہ سحر ساطاری کر دیتی تھیں دانین دل ہی دل میں ماشاءاللہ کہے بنا رہ نا سکی تھی۔۔۔

★★★

ازمیر کو میر وِلا کے آگے کھڑے بیس منٹ سے زیادہ ہو چُکے تھے چیف گیسٹ ہی لیٹ ہوں گے تو باقی کیا سوچیں گے ازمیر سر کو نفی میں ہلاتا گاڑی سے باہر نکلتا قدم اندر کی جانب بڑھا گیا تھا وہ سیدھا پُورے استحاق سے آئرہ کے کمرے میں داخل ہوا تھا کہ اُسکو ڈریسنگ کے سامنے کھڑا دیکھ کے ٹھٹک کے رُکا تھا ڈارک بلیو کلر کی فُل ساڑھی زیب تن کیے بالوں کا سائیڈ پف بنائے پاوں میں بلیو کلر کی ہی ہیلز پہنے لائیٹ سے میک اپ اور جیولری میں ڈائمنڈ کا نازک سا سیٹ زیب تن کیے وہ شاید نہیں یقیناً ازمیر کے ہوش اُڑا چُکی تھی آئرہ ازمیر کو دیکھتی دھڑکتے دل کے ساتھ پھر اپنے کام میں مگن ہو گئی تھی دراصل وہ خُود پہ پرفیوم سپرے کر رہی تھی باقی وہ تیار ہو چُکی تھی ازمیر ایک ہی جست میں اُس تک پہنچتا اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالے اُسکی پُشت کو اپنے سینے سے لگا گیا تھا کہ آئرہ اِس اچانک ہوئی افتاد پہ بوکھلا کے رہ گئی تھی۔۔۔

"لپ اسٹک لائیٹ کرواپنی "

"کیا؟" آئرہ نے نا سمجھی سے ازمیر کو دیکھتے کہا تھا جو اُسکے لال لپ اسٹک سے سجے ہونٹوں کو کسی پیاسے کی مانند دیکھ رہا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"میں نے کہالپ اسٹک ہلکی کر واپنی ابھی "

"تمھیں نیند آ رہی ہے لیکن میری نیند تو تمھیں دیکھتے ہی اُڑ گئی تھی"

ازمیر نے خُمار آلود لہجے میں کہہ کر آئرہ کے لبوں پہ جُھکنا چاہا تھا لیکن بیک وقت آئرہ اُسکے لبوں پہ اپنی ہتھیلی جما گئی تھی۔۔۔

"ازمیر آپ عمران ہاشمی والی حرکتیں بند کر دیں بہت ہو گیا میں اِن سب سے مُتاثر نہیں ہونے والی ہوں"

آئرہ نے تنگ آ کے کہا تھا کہ ازمیر اُسکو گھور کے اُس کی کمر پہ اپنے ہاتھ کی اُنگلیاں بے باکی سے پھیرنے لگا تھا کہ آئرہ سسکی تھی۔۔۔

"ازمیر کر کیا رہے ہیں ہاں"؟

"اپنی ان رومینٹک بیوی سے رومینٹک ہونے کی کوشش کر رہا ہوں"

ازمیر نے دانت پیستے کہا تھا کہ آئرہ نے آنکھیں اپنی گہری نیلی آنکھیں گھومائیں تھیں اِس سے پہلے کہ آئرہ کچھ کہتی ازمیر یکدم ہی اُسکے گال کو چوم گیا تھا۔۔۔

"اج فنکشن میں بہت حسین لگ رہی تھی تم آئری"

ازمیر بُوجھل آواز میں کہتے آئرہ کے ناک سے ناک ملاتے اُسکے چہرے پہ اپنی سُلگتی سانسیں چھوڑتے پیچھے ہٹا تھا۔۔۔

"سو جاو ایسا نا ہو کہ میرا ارادہ بدل جائے اور تمہاری یہ ننھی جان مشکل میں آجائے پھر سے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

ازمیر کے کہنے کی دیر تھی کہ آئرہ بھاگنے کے سے انداز میں بیڈ پہ چڑھتے کمفٹر خُود پہ اُوڑھتے سوتی بن گئی جب کے ازمیر مُسکرا کے سر کو نفی میں ہلاتے لائیٹ آف کرتے قدم کمرے سے باہر کی جانب بڑھا گیا تھا۔۔۔

Episode - 27

رُوحی کی آنکھ کھلی تو صُبح کے آٹھ بج چکے تھے نو بجے آفس کے لیے نکلنا تھا اُسے ایک نظر سوئے ہوئے رائم پہ ڈالی وہ سوتے ہوئے اِتنا معصوم لگا تھا اُسے کہ وہ کئی ثانیے اُس پر سے نگاہ نا ہٹا سکی تھی اُس کا فسوں موبائل کی رِنگ ٹون نے توڑا ایک نظر موبائل پہ ڈالی تو تایا جان کا لنگ لکھا آ رہا تھا۔۔۔

"یہ مجھے کیوں کال کر رہے ہیں اسوقت "

رُوحی بڑبڑائی تھی پھر کچھ پلوں کے توقف کے بعد کال اُٹھالی تھی۔۔۔

"رُوحی بیٹا کیسی ہو تم ٹھیک تو ہو نا بھئی رُخصتی کے بعد تو تم ایسے گئی کہ پلٹ کے پُوچھا ہی نہیں کوئی خیر خبر ہی نہیں لی ہماری"

ارمُغان کی بات سُنتے رُوحی نے لبوں کو اضطرابی کیفیت میں کچلا تھا۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں آپ سب کیسے ہیں"؟

ناچاہتے ہوئے بھی جی کڑا کرتے رُوحی نے اُنکا حال پُوچھ ہی لیا تھا۔۔۔

"بیٹا ہم سب ٹھیک ہیں تمھیں بہت مس کرتے ہیں جب سے تم گئی لگتا ہے ہمارے گھر سے تو گویا رُونق ہی چلی گئی ہو"

ارمُغان کی چکنی چپڑی باتیں سُنتے رُوحی کوفت کا شکار ہوئی تھی۔۔۔

"بیٹا داماد جی کیسے ہیں ٹھیک ہیں نا وہ"؟

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"جی ٹھیک ہیں "

رُوحی نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا تھا۔۔۔

"اچھا بیٹا سُنو دراصل میں نے فون اس لیے کیا ہے کہ میں اور تمہاری تائی آج رات تمھیں اور داماد جی کو کھانے پہ بُلانا چاہ رہے ہیں اُمید کرتا ہوں آپ دُونوں آوگے "

ارمُغان کی بات سُنتے رُوحی نے منع کرنا چاہا تھا لیکن بیک وقت ارمُغان گویا ہوئے تھے۔۔۔

بیٹا منع مت کرنا دیکھو میں جیسا بھی ہوں تایا ہوں تمہارا تم میری بھتیجی ہو میرے مرحوم بھائی کی آخری نشانی ہو مجھے خُوشی ہو گی اگر تم دُونوں آوگے

"ٹھیک ہے تایا جان میں رائم سے بات کرلوں گی اگر وہ مان گئے تو ضرور آئیں گے اب فون رکھتی ہوں آفس بھی جانا ہے مجھے اللہ حافظ "

رُوحی نے دوٹوک بات کر کے فون بند کردیا تھا جب کے ایک نظر ہنوز سوئے ہوئے رائم پہ ڈالی تھی پھر واڈروب ؐ سے اپنا سُوٹ نکالتے واشروم کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

بیس منٹ بعد وہ نم بالوں سمیت باہر آئی تھی تب تک رائم بھی اُٹھ چُکا تھا اور اب اپنے فون پہ ای میلز کو چیک کرنے میں مصروف تھا ایک گہری نگاہ رُوحی پہ ڈالی جو وائیٹ اور بلیک کلر کی گھٹنوں تک آتے فراک اور بلیک جینز زیب تن کیے نم بالوں کو خُشک کر کے اُس نے ڈریسنگ پہ پڑا کاجل اُٹھا کے آنکھوں میں لگایا تب تک رائم بھی اُٹھ کے واڈروب سے اپنے لیے تھری پیس سُوٹ نکالتا واشروم جا چُکا تھا ہلکی سی ریڈ کلر کی لپ اسٹک لبوں پہ پھیرتے کانوں میں بلیک کلر کے سمپل سے ٹاپس پہنتے اُسنے خُود پہ پرفیوم سپرے کیا بیڈ پہ پڑا اسٹالر اُٹھا کے گلے میں لپیٹتے بلیک کلر کے کیجول سے شوز پاوں میں پہنتے اُسنے ایک سرسری نگاہ خُود پہ ڈالی وہ ابھی اِسی اِثنا میں کھڑی تھی جب رائم گیلے بالوں سمیت باہر آیا تھا بلیک کلر کی پینٹ زیب تن

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

کیے شرٹ لیس وہ انتہائی دلکش دیکھائی دے رہا تھا اُوپر سے اُسکا کسرتی جسم جسکو دیکھتے رُوحی کی گلے کی ہڈی اُبھر کے معدوم ہوئی تھی لیکن اگلے پل ہی وہ اپنی نظروں کا زاویہ بدل گئی تھی تب تک رائم بھی اپنی شرٹ پہن چُکا تھا۔۔۔

★★★

"سُنیں!"

رُوحی نے رائم کو مخاطب کیا تھا جو ڈریسنگ کے سامنے کھڑا اپنے گھنے بالوں میں برش کر رہا تھا۔۔۔

"سُنائیے"!

رائم نے لبوں پہ مسکراہٹ سجائے کہا تھا۔۔۔

"وہ ابھی تھوڑی دیر پہلے تایا جان کا فون آیا تھا آج رات اُن دونوں نے ہمیں ڈنر پہ انوائیٹ کیا ہے آپ چلیں گے کیا"؟

رُوحی نے ایک بھرپُور نظر رائم پہ ڈالی جو وائیٹ اور بلیک تھری پیس سُوٹ زیب تن کیے بہت پیارا لگ رہا تھا۔۔۔

"تم کیا کہتی ہو جانا چاہیے مجھے میرے سُسرال یا نہیں"؟

رائم اب رُوحی کی جانب بڑھا تھا جب کے رُوحی کے قدم بے ساختہ ہی پیچھے کی جانب اُٹھے تھے۔۔۔

"مجھے کیا پتہ آپکی مرضی ہے آپ جانا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں منع کر دیتی ہوں"

رُوحی نے بات کہہ کر جانا چاہا تھا لیکن اُس سے پہلے ہی کلائی رائم کی گرفت میں آ گئی تھی۔۔۔

" مجھے میری بیوی کی عزت بہت عزیز ہے میں نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے تم پہ یا تمہاری عزت پہ کوئی بھی حرف آئے اسلیے تم اُن کو کال پہ بول دو کہ ہم آ رہے ہیں"

رائم نے مُسکرا کے کہتے کلائی چھوڑی تھی رُوحی کا دِل بے ساختہ ہی دھڑک اُٹھا تھا۔۔۔

"تم کال پہ بتادو میں نیچے ویٹ کر رہا ہوں تمہارا"

رائم کے کہنے پہ رُوحی سر کو اثبات میں ہلا گئی تھی۔۔۔

★★★

دُرید اپنے کمرے میں داخل ہوا تو دانین کو ڈریسنگ کے سامنے کھڑا پایا بلیو کلر کی شرٹ اور بلیو کلر کی ہی جینز پہنے کندلے بالوں کو یوں ہی کھلا چھوڑے میک اپ کے نام لبوں پہ نیچرل کلر کا گلوس لگائے پاوں میں وائیٹ کلر کے آرام دہ شواڑ سے وہ کہیں جانے کی تیاریوں میں مصروف تھی۔۔۔

"کہاں جانے کی تیاریوں میں ہو"؟

دُرید اُس کے پاس آتا پُوچھنے لگا تھا۔۔۔

"مام سے ملنے جا رہی ہوں"

دانین نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا تھا جب کے دُرید کا حلق کڑوا تھا ہوا تھا نتاشا کا نام سُنکے !

"ابھی پُرسوں ہی تو مُلاقات ہوئی تھی تمہاری اُن سے ابھی پھر سے ملنے جانا ہے تمھیں"؟

"کیوں نہیں جاسکتی میں اپنی ماں سے ملنے جا رہی ہوں میں کیا مسلہ ہے اِس میں"؟

دانین نے سرد لہجے میں استفسار کیا تھا۔۔۔

"مسلہ یہ ہے کہ وہ تمہاری سگی ماں نہیں ہے بجائے اُن سے ملنے کے تمھیں ماہ نور چاچی سے ملنے جانا چاہیے تھا جو پچھلے پچیس سالوں سے تمہارے انتظار میں تھیں اُن سے ملنے جاتی تو مجھے بھی خُوشی ہوتی"

دُرید نے سنجیدہ لہجے میں کہا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"تمہاری خُوشی کا خیال رکھنا مُجھ پہ لازم نہیں ہے سمجھ آئی تمھیں اور تم ہوتے کون ہو مجھے رُوکنے والے ہاں"؟

"میں شوہر ہوں تمہارا دانین مجھے حق ہے تمھیں رُوکنے کا"

دُرید لال ہوتی آنکھوں سمیت گویا ہوا تھا۔۔۔

"پہلی بات کہ یہ حق میں نے تمھیں کبھی دیا ہی نہیں ہے دُوسری بات یہ کہ مجھے ایسے سوکالڈ شوہر کی اجازت کی ضرورت بھی نہیں ہے "

دانین تیز لہجے میں کہتی دُرید کو طیش دِلا گئی تھی اِس سے پہلے کہ وہ کمرے سے باہر نکلتی یکدم ہی دُرید اُسکی کلائی جکڑتے اُسکو اپنے قریب کرتے اُس کی سانسوں کو اپنا غلام بنا گیا تھا کہ دانین اُسکی حرکت پہ سخت طیش میں آتی اپنی پُوری قوت لگا کے اُسے پیچھے ہٹاتی بے ساختہ ہی اُسکے منہ پہ تھپڑ جڑ گئی تھی کہ دُرید لہو برساتی آنکھوں سے چہرے پہ ہاتھ رکھے اُسکو گھورے گیا تھا۔۔۔

"آخر کار بتا ہی دیا نا تم نے بھی کہ تم بھی ایک ٹیپیکل مرد ہی ہو اپنے نفس سے مجبور ہو کر اپنی ہوس پُوری کرنے چلے تھے اِتنا ہی شوق ہے یہ سب کرنا تو اُس رات وہ سب ڈرامہ رچانے کی کیا ضرورت تھی ہاں"؟

دانین کو معلوم ہی نہیں تھا کہ وہ اپنے لفظوں سے دُرید کا کتنا دِل دُکھا چُکی ہے دُرید چاہتے ہوئے بھی اُسے کچھ نا کہہ سکا تھا اگر اسوقت دانین کی جگہ کوئی اور ہوتا تو شاید وہ اسوقت زندہ بھی نا ہوتا لیکن یہاں دُرید مجبور تھا کیوں کے اُسکے سامنے اُسکی محبت تھی اُسکی شدتِ محبت وہ محبت جسنے اُسے پچیس سال انتظار کی سُولی پہ لٹکا کے رکھا اور اب ملی بھی تو نا ہونے کے برابر دُرید زخمی نگاہوں سے دانین کو دیکھے گیا اُسے لگا کہ سامنے کھڑی لڑکی شاید وہ اُسکی بچپن والی دانین ہے ہی نہیں وہ تو اُسے کوئی اور ہی دانین

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

لگی تھی جسکے دِل میں اُسکے لیے صرف نفرت ہی نفرت تھی۔اِس سے پہلے کہ دُرید کچھ کہتا وہ بیڈ پہ پڑا اپنا بیگ اور موبائل اُٹھائے اُسکی جانب بڑھتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"میرے لوٹنے کا انتظار کرنا چھوڑ دو دُرید کیوں کے

نا مجھے تم سے محبت ہے نا کبھی ہو گی اِس بات کو

جتنی جلدی سمجھ جاوگے تکلیف اُتنی ہی کم ہو گی"

دانین نے اپنی کالی آنکھیں دُرید کی سُرخی مائل سبز آنکھوں میں گاڑھتے کہا اور پھر گہرا سانس بھرتے رُوم سے باہر کی راہ لی تھی جبکے دُرید زخمی نگاہوں سے جاتی ہوئی دانین کی پُشت کو دیکھ کر رہ گیا تھا۔۔۔

"دِل ہی دِل کا محرم نا ہو

پھر کیا آیا دِل کے ہاتھ

آدھا آدھا کر کے مارے ہجر

کی یہ کالی رات تم بن جینا

مرنے جیسا تم جینا مرنے جیسا

جینا ہے تمہارے ساتھ بے دردی

پچھتائے ہم تم سے دِل کو

لگا کے درد ہی جو ملنا تھا

کیا ملا ہے تم کو پا کے"

★★★

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

آئرہ اسوقت کلب میں اپنی بیسٹ فرینڈ کاریہ کے ساتھ بیٹھی تھی۔۔۔

"اور بتاؤ ازمیر بھائی خیال رکھتے ہیں تمہارا کہ نہیں"

کاریہ شرارت بھرے لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"کم آن یار کیا باتیں لیکر بیٹھ گئی ہو تم کوئی اچھی بات کرو میری اور اپنی بات کرو"

آئرہ کوفت بھرے لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"تو اِس بات میں کیا بُرائی تھی خیر بتاؤ نیکسٹ پراجیکٹ کی شُوٹنگ کب سٹارٹ ہو گی"؟

"نیکسٹ ویک سے یار اور اِس دفعہ مجھے ہی پرفارم بھی کرنا ہے"

آئرہ پریشانی کے عالم میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"تو اِس میں پریشانی والی کیا بات ہے"؟

کاریہ حیرانگی سے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"کاری یار اِس سانگ میں ڈانس سٹیپس کچھ بولڈ ہیں اور تم ازمیر کو تو جانتی ہو نا وہ میری جان کھا جائے گا اُسے پتہ چل گیا تو"

"کو سٹار کون ہو گا ساتھ میں"؟

"واصف اور کون ڈائریکٹر نے فائنل چوز کر لیا اُسے"

"بہن مجھے تو معاملہ گڑبڑ لگ رہا ہے ایسا کرو کہ تم ناڈائریکٹر سے ڈائریکٹ بات کر لو بولو کہ تمہارا کو سٹار چینج کر دیں"

کاریہ نے مشورہ دیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"تو تمھیں کیا لگتا ہے میں نے نہیں کہا ہو گا دراصل وہ واصف کا بہت اچھا دوست ہے تم تو جانتی ہو ایسے بندے کی بات خراب ہوتی ہے اور اب تو میں کانٹریکٹ بھی سائن کر چکی ہوں"

"چلو تم پریشان نا ہو اللہ بہتر کرے گا نکل ہی آئے گا اِسکا بھی حل "

کاریہ نے آئرہ کے ہاتھ پہ اپنا ہاتھ رکھتے کہا تھا ایک وقت اُنھیں سامنے سے واصف آتا ہوا دیکھائی دیا تھا۔۔۔

"ہائی لیڈیز کیسے ہو آپ لوگ"؟

واصف مُسکراتا ہوئے گویا ہوا تھا۔۔۔

"ہم ٹھیک ہیں تم سُناو کیسے ہو کہاں ہوتے ہو آجکل دیکھائی ہی نہیں دیتے"؟

کاریہ نے مُسکرا کے کہا تھا۔۔۔

"بزی ہوں آجکل شُوٹنگ میں اسلیے ٹائم نہیں ملتا"

واصف آئرہ کو گہری نگاہوں سے دیکھتا گویا ہوا جو وائیٹ کی شرٹ اور بلیک پینٹ زیب تن کیے کھلے بالوں میں بنا میک اپ جیولری کے بھی اِس کیجول سے حُلیے میں بہت پیاری لگ رہی تھی اِس سے پہلے کہ واصف آئرہ سے مخاطب ہوتا سیل ٹون بجنے پہ موبائل کی جانب متوجہ ہوا تھا۔۔۔

"ایکسیوزمی لیڈیز تم لوگ کنٹنیو کرو میں تھوڑی دیر میں جوائن کرتا ہوں تم لوگوں کو"

واصف مُسکرا کے کہتے دُوسری جانب بڑھا تھا جیسے ہی واصف آگے پیچھے ہوا سامنے سے دو لڑکے جو شکل سے ہی دِکھنے میں لُچے لفنگے دیکھائی دے رہے تھے اُن دُونوں کی جانب بڑھنے لگے۔۔۔

"ابے وہ دیکھ یار یہ تو وہی مشہور گلوکارہ ہے نا آئرہ دُرانی جتنی ٹی وی پہ خُوبصورت لگتی ہے اصل میں تو اُس سے کئی زیادہ خُوب صورت ہے چل آجا ذرا اِس سے بھی بات چیت کرتے ہیں"!

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"ہیلو میم سو بیوٹی فُل"!

اُنھی میں سے ایک شخص ہنستے ہوئے گویا ہوا تھا۔۔۔

"ایکسیوز می واٹ اِز دِس بی ہیویر"!

"Excuse Me What Is This Behaviour!"

آئرہ اپنی جگہ سے اُٹھتی تیز لہجے میں گویا ہوئی تھی

"میڈم جی آپ سنگل ہیں یا کوئی بوائے فرینڈ ہے؟"

دُوسرا لڑکا بھی بے باکی سے گویا ہوا ہی تھا کہ اچانک ہی آئرہ کا ہاتھ اُٹھا اور سامنے موجود لڑکے کے چہرے پہ اپنا نشان چھوڑ گیا تھا۔۔۔

"ابے سالی تیری اِتنی ہمت مُجھ پہ ہاتھ اُٹھائے گی تو"

کہہ کے اُسنے آئرہ کی کلائی جکڑلی کہ آئرہ سمیت کاریہ بھی گھبرا گئی تھی۔۔۔

"اوئے چھوڑ اُسے کمینے تیری ہمت کیسے ہوئی اُسے چھُونے کی ہاں"؟

واصف جو کے سامنے سے آرہا تھا اُن دُونوں کو دیکھ چیخا تھا۔۔۔

"اچھا تو تُو یار ہے اِسکا ہاں چل آ جا پہلے تُجھ سے نپٹ لیتے ہیں بعد میں اُسکو بھی دیکھ لیں گے"

مُقابل آئرہ کی بازو چھوڑ کے واصف کی جانب متوجہ ہوا تھا۔۔۔

"واصف چھوڑو نا رہنے دو اِن کے منہ مت لگو"

آئرہ نے واصف کو رُوکنا چاہا لیکن واصف نے یکدم ہی مُقابل کے منہ پہ مکا جڑ دیا تھا کاریہ صورتحال سے گھبرا گئی یکایک اُسکے دِماغ میں خیال آیا اُسنے کاونٹر پہ رکھا آئرہ کا موبائل اُٹھاتے ازمیر کو کال ملائی تھی۔۔۔

★★★

واصف نے اُن دُونوں کی خُوب دُھلائی کی تھی بار کے سیکیورٹی گاڈز نے بھی اُن دُونوں لڑکوں کی دُھلائی کر کے اُنھیں وہاں سے چلتا کیا تھا واصف کو خُود بھی سر پہ چوٹ آئی تھی۔۔۔

"واصف میں نے منع کیا تھا نا تمھیں کیا ضرورت تھی تمھیں اُن لوگوں کے منہ لگنے کی ہاں"؟

"وہ میرے سامنے تمہارے ساتھ بد تمیزی کر رہے تھے آئرہ میں کیسے برداشت کر سکتا ہوں یہ سب"

واصف نے آئرہ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔۔

"اچھا چھوڑو آو میں تمھیں ہاسپٹل لے چلتی ہوں تم ڈریسنگ کروالو اپنی"

"میں بھی چلتی ہوں ساتھ میں!"

کاریہ نے بھی کہا تھا اور وہ تینوں ہی ایک ساتھ آگے بڑھے کہ سامنے سے ازمیر آتا ہوا دیکھائی دیا آئرہ کی تو حالت دیکھنے لائق تھی وہ جانتی تھی ازمیر اُسے نہیں چھوڑے گا!

"یہ سب کیا ہو رہا ہے یہاں ہاں"؟

ازمیر نے سرد لہجے میں پُوچھا تھا۔۔۔

"وہ واصف کو چوٹ لگی ہے اسلیے اِسے ہاسپٹل لے کر جا رہی ہوں"

آئرہ خُشک لبوں کو تر کرتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"واصف کو کاریہ ہاسپٹل لے جائے گی تم میرے ساتھ گھر چلو"

ازمیر نے سرد و سپاٹ لہجے میں کہا جب کے نظر آئرہ کے ہاتھ پہ پڑی جسنے واصف کا ہاتھ تھام رکھا تھا جوں ہی آئرہ کو ازمیر کی نظروں کا زاویہ اپنے ہاتھ پہ محسوس ہوا ساتھ ہی اُسنے واصف کا ہاتھ چھوڑ دیا جبکے واصف نے ایک سخت نگاہ ازمیر پہ ڈالی تھی۔۔

"میں نے کیا کہا ہے تم سے سُنائی نہیں دیا کیا تمھیں"؟

ازمیر نے بلند آواز میں طیش بھرے لہجے میں کہا تھا کہ آئرہ گھبرا کے اُسکے قریب آن کھڑی ہوئی تھی اور یکدم ہی ازمیر نے آئرہ کی کلائی جکڑی تھی گرفت اِتنی سخت تھی کہ آئرہ کو لگا جیسے آج ازمیر اُسکی بازو ہی توڑ دے گا!

"بیٹھو گاڑی میں!"

ازمیر کے کہنے پہ آئرہ فوراً سے گاڑی میں بیٹھی تھی جب کے ازمیر بھی ڈرائیونگ سیٹ سنبھالتا منظر سے ہٹ چکا لیکن واصف کی سُلگتی نگاہوں نے اُن کی گاڑی کا پیچھا تادیر کیا تھا۔۔۔

★★★

"کیا کر رہے ہیں ازمی گاڑی کی سپیڈ کم کریں پاگل ہو گئے ہیں کیا آپ؟"

آئرہ بُلند آواز میں گھبراتے لہجے کے ساتھ گویا ہوئی تھی۔۔۔

"ہاں ہو گیا ہوں پاگل تم نے کر دیا ہے پاگل مجھے آئرہ دُرانی تمھیں شرم نہیں آئی میرے نِکاح میں ہونے کے باوجود اُسکا ہاتھ تھاما ہوا تھا تم نے!"

ازمیر چلایا تھا۔۔۔

"چوٹ لگی ہے اُسے میری وجہ سے سمجھ آ رہی ہے آپ کو اور جس وقت آپ کو میرے پاس ہونا چاہیے تھا نا اُس وقت وہ میرے پاس تھا آپ کہی نہیں تھے تو پھر کیوں نا خیال کروں میں اُسکا"!

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

آئرہ غرائی تھی۔۔۔

"تم نے مجھے بُلایا ہے کبھی فون کر کے کبھی بھی مجھے بتا کے کہی گئی ہو تم نے مجھے کبھی شوہر سمجھا ہو تو نا میں جانتا ہوں تمہارے دِل میں چور ہے جان چھڑوانا چاہتی ہو مجھ سے ہے نا لیکن میں تمہارے اِرادوں میں تمھیں کبھی کامیاب نہیں ہونے دُوں گا آئرہ دُرانی یہ وعدہ ہے ازمیر میر ارسلان بٹ کا تم سے"!

آئرہ کو اِسوقت ازمیر کی ذہنی حالت پہ شُبہ ہوا تھا جو غُصے میں خُود سے ہی سب کچھ امیجن کر رہا تھا۔۔۔

"گاڑی روکیں یہی اُتار دیں مجھے نہیں جانا آپ کے ساتھ کہی بھی مجھے آپکا بس چلے تو مجھے گھر پہ کسی شو پیس کی طرح سجا کے ہی رکھ لیں آپ ہر وقت آپ کے خُرافاتی دِماغ میں کچھ نا کچھ اُلٹا ہی چلتا رہتا ہے نجانے آپ کے گھر والے آپ کو کیسے برداشت کرتے ہوں گے "

آئرہ نے جھنجھلاتے ہوئے کہا تھا کہ ازمیر نے حیرت بھری نگاہوں سے اُس چھٹانک بھر کی لڑکی کو دیکھا جسنے اُسے دِن میں تارے دیکھانے کی ٹھان لی تھی یکا یک ہی ازمیر نے گاڑی رُوکی تھی اور آئرہ کی نظر ازمیر پہ پڑی جسکی گہری بھوری آنکھیں سُرخی مائل ہو رہی تھیں۔۔۔

"یہ یہ آپ کیا کر رہے ہیں ازمی چھوڑیں مجھے!"

آئرہ نے ازمیر کی جانب دیکھتے کہا جس نے اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے اُسے خُود کے نزدیک ترین کر لیا تھا۔۔۔

"میرے پُورے وجود میں جو آگ تم نے لگائی ہے نا اُسے اب ٹھنڈا تمہاری قربت ہی کر سکتی ہے میری جان!"

ازمیر خُمار آلود لہجے میں کہہ کر چہرہ آئرہ کی گردن میں چُھپا گیا تھا جب کے آئرہ کا اُسکی قربت میں سانس لینا محال ہو گیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

Episode - 28

رُوحی اسوقت ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی خُود کی تیاری کا تنقیدی نگاہوں سے جائزہ لے رہی تھی فیروزی کلر کی ساڑھی جسکی بازو ہاف تھیں زیب تن کیے ہوئے گہری ہیزل آنکھوں میں کاجل کی ایک لکیر ڈالے لانبی پلکوں کو مسکارے سے بوجھل کیے شربتی لبوں پہ لال رنگ کی ہی لپ اسٹک پھیرے کانوں میں وائیٹ گولڈ کا نفیس سا سیٹ زیب تن کیے ریشمی بالوں کا سائیڈ پف بنا کے باقیوں کو کھلا چھوڑے بلیک کلر کی ہائی ہیل زیب تن کیے وہ بہت خُوبصورت لگ رہی تھی رُوحی نے ایک نظر واشروم کے بند دروازے پہ ڈالی تھی جہاں سے پانی کے گرنے کی آواز آرہی تھی مطلب رائم شاور لے رہا تھا اُسنے ایک نظر وال کلاک پہ ڈالی جو سات بجا رہی تھی وہ لوگ آٹھ بجے ڈنر کے لیے انوائیٹڈ تھے وہ بور ہو رہی تھی تو اسلیے اپنا موبائل پکڑتے صوفے پہ جا بیٹھی اور انسٹا گرام آن کرتے سکرولنگ میں مصروف ہو گئی کچھ پلوں کے توقف کے بعد رائم گیلے بالوں سمیت باہر آیا تھا اُسنے باتھ ٹاول لپیٹ رکھا تھا۔۔

رُوحی کا چہرہ بے ساختہ ہی لال ہوا تھا رائم نے ایک گہری نگاہ رُوحی پہ ڈالی پھر بیڈ پہ رکھا اپنا سُوٹ جو سکائے بلیو کلر کے شلوار قمیض تھے لیتے واڈروب کی جانب بڑھ گیا تھا پانچ منٹ بعد وہ باہر آیا تو رُوحی ہنوز اُسی پوزیشن میں بیٹھی تھی رائم گہرا سانس بھرتے ڈریسنگ پر سے برش اُٹھاتا اپنے بالوں میں چلانے لگا تھا برش کو وہ ڈریسنگ پہ رکھتا کم پٹختا زیادہ پرفیوم اُٹھا کے خُود پہ پرفیوم سپرے کر گیا تھا دراصل وہ رُوحی کی توجہ حاصل کرنا چاہتا تھا کیوں کے رُوحی اُسپر دھیان نہیں رہی تھی اور مسلسل اُسے زچ کرنے پہ تُلی

تھی ایسا کر کے کچھ پلوں کے توقف کے بعد رائم نے جان بُوجھ کے اپنے کُرتے کے کالر کا بٹن توڑ دیا تھا۔۔۔

"رُوحی یہ میرے کُرتے کا بٹن ٹوٹ گیا ہے پلیز لگا دو"

رائم کی بات سُنکر رُوحی چونکی تھی۔۔۔

"ایسے کیسے جب میں نے سُوٹ نکالا تھا تو اُسوقت تو بٹن لگا ہوا تھا خیر آپ رُکیں میں دُوسرا سُوٹ نکال کر لا دیتی آپکو"

رُوحی رائم کی چالاکی کو جان گئی جبھی بات بنا گئی۔۔

"کوئی ضرورت نہیں ہے ٹائم زیادہ ہو گیا ہے ہم لیٹ ہو جائیں گے ڈنر کے لیے آو آ کے ٹانک دو یہ بٹن"

رائم کی بات سُنتے رُوحی دھڑکتے دِل کے ساتھ اُٹھی تھی اور واڈروب میں سے سوئی دھاگا نکالتے اُسکی جانب بڑھتے وہ اُس سے تھوڑا دُور کھڑے ہو کر بٹن ٹانک لگی تھی۔۔۔

"اِتنا دُور کھڑا رہ کے کون بٹن لگاتا ہے جانم پاس آ کے لگاونا"!

رائم رُوحی کے کان میں سرگوشی کر کے اُس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے رُوحی کے دِل کی دھڑکنوں کو بے ترتیب کر گیا تھا۔۔۔

"قینچی لانے کی کیا ضرورت ہے اپنے دانتوں سے ہی کاٹ لو نا دھاگے کو"

رائم کی بات سُنتے رُوحی نے بے ساختہ ہی پلکوں کی چلمن گرائی تھی جبکے رائم اُسکی اِس ادا پہ قربان ہوا تھا کچھ پلوں کے توقف کے بعد رُوحی جھجھکتے ہوئے جُھکی اور دھاگے کو اپنے دانتوں سے کاٹ لیا ایسا کرتے وقت رُوحی کا سر رائم کے سینے سے ٹچ ہوا تھا رُوحی کو رائم کے دِل کی دھڑکنوں کا شور با آسانی سُنائی دیا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"ہو گیا" !

رُوحی نے کہہ کر جانا چاہا تھا لیکن اُس سے پہلے ہی رائم اُسکی بازو کو اپنی گرفت میں لیتا ہوا اُسکو اپنے سینے سے لگاتے اُسکے ماتھے پہ اپنے لب رکھ گیا تھا رُوحی اُسکا لمس اپنے ماتھے پہ محسوس کر کے کچھ پل ہل بھی نا سکی تھی۔۔۔

"بہت پیاری لگ رہی ہو بیوی جان "

رائم نے مُسکرا کے کہا تھا جبکے رُوحی کا چہرہ حیا کے سبب لال ہوا تھا اِس سے پہلے کہ رائم اُسکے لبوں پہ جُھکتا رُوحی ہوش میں آتی اُسکے لبوں پہ اپنی ہتھیلی جما گئی تھی۔۔۔

"میرے خیال سے ہم لیٹ ہو رہے ہیں چلنا چاہیے اب !"

رُوحی کی بات سُنکر رائم مُسکراتے سر کو ہاں میں ہلا گیا تھا۔۔۔

★★★

دانین اسوقت نتاشا کے فلیٹ میں بیٹھی کافی انجوائے کر رہی تھی۔۔۔

"دُرید کو پتہ ہے کہ تم اِسوقت میرے پاس ہو" ؟

نتاشا نے دانین کی جانب دیکھتے سوال کیا تھا۔۔۔

"جی پتہ ہے اُسے "

دانین لبوں کو کچلتے ہوئے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"کچھ کہا نہیں پھر اُسنے یا منع نہیں کیا" ؟

"کیا تھا میں نے بھی پھر خُوب سُنائی اُسے اُمید ہے کہ آئندہ سے نہیں کرے گا منع" !

"واٹ یہ تم نے کیا کیا دانین آریومیڈ میں نے وارن کیا تھا تمھیں کہ اُسکے ساتھ بنا کے رکھو پاگل لڑکی"!

نتاشا کے یوں چلانے پہ دانین حیران ہوئی تھی۔۔۔

"ایکسیوز می مام آپ یہ مُجھ سے کس ٹون میں بات کر رہی ہیں ہاں میں کیا آپ کے لیے صرف پیسہ کمانے والا اے ٹی ایم مشین ہوں ہاں آپ جانتی ہیں نا آپ کے لیے صرف آپ کے لیے میں نے اپنے سگے رشتوں کو چھوڑا ہے اور آپ میرے ساتھ ایسا بی ہیو کر رہی ہیں۔۔"

دانین سپاٹ لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"دانین مائے چائلڈ آئیم سو سوری آئی نو مائے وے آف سپیکینگ واز رونگ"!

"Danian My Child I'm So Sorry I Know My way of speaking was wrong"!

نتاشا نے فوراً اپنے غُصے پہ قابو پاتے دانین کے ہاتھ پکڑ لیے تھے۔۔۔

"بیٹا میں بس چاہتی ہوں کہ میں اور تم ایک شاندار زندگی گزاریں ہمارے پاس کسی چیز کی کمی نا ہو"!

نتاشا نے ایموشنل ہونے کی ایکٹنگ کرتے کہا تھا کہ دانین گہرا سانس بھر کے سر کو ہاں میں ہلاتی نتاشا کے ہاتھوں پہ اپنے ہاتھوں کا دباو بڑھا گئی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی اور رائم اسوقت رُوحان کاظمی اور اُنکی فیملی کے ہمراہ کھانے کے ٹیبل پہ بیٹھے تھے فاریہ رائم اور رُوحی کو چُبھتی ہوئی نگاہوں سے گھور رہی تھی اُسے ہمیشہ سے رُوحی سے بے پناہ حسد محسوس ہوتا تھا اور

اب بھی ہو رہا تھا جبکہ فاران کی بے باک اور گندی نگاہیں خُود پہ محسوس کر کے رُوحی کوفت کا شکار ہو رہی تھی۔۔۔

"میں میٹھا لے کر آتی ہوں!"

فاریہ مُسکرا کے کہتی ہوئی کیچن کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

"اور داماد جی سُنایئے ہمارے گھر کا کھانا آپ کے شایانِ شان تو تھا نا"؟

رُوحان کاظمی مُسکرا کے گویا ہوئے تھے۔۔۔

"جی کاظمی صاحب سب کچھ اچھا تھا اینڈ تھینک یو فار دِس"!

رائم صاف گوئی سے مُسکرا کے بولا تھا۔۔۔

"لیجیے جی میٹھا حاضر ہے"!

فاریہ چہرے پہ بناوٹی مُسکراہٹ سجا کے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"رُوحی میٹھے میں کھیر تمہاری فیورٹ ہے نا لو کھاو"

فاریہ نے کہہ کر پلیٹ رُوحی کی جانب بڑھائی تھی اور جوں ہی رُوحی نے پہلا نوالہ لیا تھا اچانک ہی اُس کا سانس اُکھڑنے لگا تھا رائم تو رُوحی کی حالت دیکھتا ہر بڑا گیا تھا۔۔۔

"رُوحی میری جان کیا ہو رہا ہے تمھیں ٹھیک ہو نا تم ہاں کیا ہو رہا تمھیں کیا ہو رہا ہے اِسے"؟

رائم چلایا تھا۔۔۔

"رُوحی کو پستے سے الرجی ہے ہو سکتا ہے مُلازمہ کو یاد نا ہو اور اُسنے ڈال دیا ہو!"

مہناز رائم کی جانب دیکھتی گویا ہوئی تھیں۔۔۔

"اگر میری بیوی کو کچھ بھی ہوا نا قسم کھاتا ہوں ایک ایک کو اپنے ہاتھوں سے ماروں گا!"

رائم طیش میں آ کر کہتے ہوئے رُوحی کو اپنی بانہوں میں اُٹھائے وہاں سے واک آوٹ کر گیا تھا۔۔۔

★★★

"آئرہ تم کہی جا رہی ہو تو مجھے بھی گھر ڈراپ کر دو

وہ دراصل گھر میں تمہارے دُونوں بھائی اور تایا جان گھر نہیں ہے اور جو ایکسٹرا کار ہے وہ ڈرائیور سروس کروانے کے لیے لیکر گیا وا ہے سو اسلیے"

دانین پورچ میں جاتی آئرہ کو دیکھ کر گویا ہوئی تھی۔۔

"شیور بھابھی آ جائیں میں کر دُوں گی ڈراپ"

آئرہ مُسکرا کے گویا ہوئی تھی اور دانین بھی اُس کی بات پہ مُسکرا کے سر کو اثبات میں ہلاتی کار میں بیٹھ چکی تھی۔۔۔

★★★

دانین اور آئرہ میر وِلا پہنچ چکی تھیں آئرہ تو گیٹ سے ہی واپس جانا چاہ رہی تھی لیکن میر اور ماہ نور نے رُوک لیا تھا۔۔۔

"آئرہ بیٹا تم رات تک رُک جاو نا دانین کے ساتھ ہی ڈنر کر کے واپس چلی جانا"

"نہیں چاچی جان ایکچولی مجھے کام کے سلسلے میں ایک فرینڈ سے ارجنٹ ملنا ہے سو میں نہیں رُک پاوں گی"

آئرہ نے ماہ نور کی جانب دیکھتے کہا تھا چُنانچہ آئرہ ماہ نور کی جانب متوجہ تھی سو اسلیے مُلازمہ سے

جُوس کا گلاس پکڑتے وقت سارا جُوس اُسکے ہاتھوں پہ گر گیا تھا۔۔

"اوہو بھئی زُبیدہ تم سے ایک کام بھی ڈھنگ سے نہیں ہوتا ہے"

ماہ نور مُلازمہ کو جھڑکتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"اٹس اوکے چاچی جان میں ہاتھ دھو لیتی ہوں ابھی"

"ہاں بیٹا تم ایسا کرو ازمی کے کمرے ہی میں جا کے ہاتھ دھو لو"

ازمیر کا نام سُنتے آئرہ کوفت کا شکار ہوئی تھی لیکن ماہ نور کو دیکھ کے سر اثبات میں ہلاتی اُوپر کی جانب بڑھ گئی تھی۔۔۔

★★★

آئرہ ہاتھ دھو کر واشروم سے باہر ہی آئی تھی کہ ازمیر کو اپنے سامنے کھڑے پایا تھا۔۔۔

"کیا ہوا میرا انتظار کر رہی تھی کیا"؟

ازمیر شُوخ لہجے میں مخاطب ہوا تھا۔۔۔

"ہاواٹ نا سینس! آئرہ دُرانی اور آپ کا انتظار کرے گی نیور"!

آئرہ مغرور لہجے میں گویا ہوئی تھی جب کے ازمیر پھر بھی اُسکے لہجے کی تلخی کو نظرانداز کر گیا تھا۔۔۔

"میرے کہنے کا مطلب ہے کہ تم میرے کمرے میں ہو نا اسلیے مجھے لگا تم میرا انتظار"!

"ایکسیوز می! آپ کو ایسا کیوں لگا یا کس اینگل سے لگا ہاں؟ میرے من پسند شوہر تو ہرگز نہیں ہیں آپ بلکہ اُلٹا مُجھ پر زبردستی مُسلط ہوئے ہیں اور جناب کی باتیں تو دیکھو کہ میں اِنکے انتظار میں بیٹھی ہوں گی!"

آئرہ نے حقارت بھرے لہجے میں کہا کہ ازمیر کا دِل اُس کی باتیں سُنکر کٹا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"لیکن مجھے تو محبت ہے نا تم سے پھر تم ایسا کیوں کرتی ہو میرے ساتھ"؟

"مجھے تو نہیں ہے نا محبت آپ سے پھر بھی زبردستی میرے ہاتھوں زلیل ہونے کا شوق ہے آپ کو ایک بات یاد رکھیے گا ازمیر ارسلان بٹ کہ آپ نے مجھے زبردستی ہی سہی خُود کے نام تو کر لیا ہے لیکن کبھی بھی میرے دِل پہ حُکمرانی نہیں کر سکیں گے سمجھے آپ اور اِس حقیقت کو جتنی جلدی قبول کر لیں آپ کے حق میں بہتر ہو گا"!

آئرہ سرد و سپاٹ لہجے میں کہتے ہوئے نیچے کی جانب بڑھ گئی تھی جب کے ازمیر کی گہری بھوری آنکھوں میں ناچاہتے ہوئے بھی نمی در آئی تھی۔۔۔

وقت جو اکیلے بیتا اُسکو نام کیا دو گے

تھی امر ہماری یادیں کیا اُنھیں بُھلا دو گے

بے وجہ کرو گے شکوے دِل کو پھر دُکھا دو گے

رہنے دو پُرانی باتیں بات کو بڑھا دو گے

ہم ساتھ بھی رہے تو بیگانگی رہے گی

یوں زندگی ہماری کیا زندگی رہے گی

ہم ایسے جی رہے ہیں جینا سزا ہو جیسے

دِل ٹوٹ کے گرا ہے شیشہ گرا ہو جیسے ٹوٹے

گا جب ارادہ منزل کہاں ملے گی یہ زندگی

ہماری نامہرباں ملے گی تنکا تنکا تنکا

جوڑے جائے جب دِل نا ملے کیا کر پائیں "

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

Episode - 29

"ڈاکٹر پلیز بتایئے میری وائف کو کیا ہوا ہے وہ ٹھیک ہے نا"؟

رائم ایمرجینسی سے نکلتے ڈاکٹر کو دیکھتے سوال کرنے لگا تھا۔۔۔

"یس مسٹر رائم یور وائف کنڈیشن از سٹیل ناو!"

"Yes, Mr Raim Your Wife's Condition Is Stable Now"!

ڈاکٹر کے کہنے پہ رائم نے دِل ہی دِل میں شُکر کا کلمہ پڑھا تھا۔۔۔

بٹ ڈاکٹر اُنھیں ہوا کیا تھا اُنکو سانس لینے میں پرابلم کیوں ہوئی؟

"مسٹر رائم پیشنٹ کو پستے سے الرجی ہے پیشنٹ کو ایسی چیز دینا جس سے وہ الرجک ہوں اُنکے جان لیوا بھی ثابت ہو سکتا ہے اسلیے آئیندہ احتیاط برتیے گا!"

ڈاکٹر نے رائم کو ہدایت کرتے کہا تھا جب کے رائم لال ہوتی نگاہوں سمیت سر کو ہاں میں ہلایا تھا اور ڈاکٹر کے جاتے ہی موبائل پاکٹ سے نکال کے ایک نمبر ڈائل کیا تھا۔۔۔

"ناصر رُوحان کاظمی کے گھر میں جو خانسامہ کام کرتی ہے اُسکو اپروچ کرو کسی طرح اُسکو مُجھ تک لیکر آو اور ہاں سُنو زندہ چاہیے وہ مجھے"!

رائم نے کہہ کر کال کاٹ دی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی کو ہوش آچُکا تھا ایمر جینسی سے اب نارمل واڈ میں شفٹ کر دیا گیا تھا اُسے جبھی رائم اُس سے ملنے کے لیے رُوم میں داخل ہوا تو وہ آنکھیں موندے لیٹی تھی۔۔۔

"کیسا فیل کر رہی ہو اب ٹھیک ہو نا"؟

رائم کے سوال پُوچھنے پہ رُوحی نے آنکھیں کھولی تو سامنے پڑی کرسی پہ رائم کو بیٹھا پایا جو اب اُس کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ کی گرفت میں لیے ہوا تھا۔۔۔

"جی اب کافی بہتر ہوں"

رُوحی نے مُسکرا کے جواب دیا تھا جس پہ رائم کو تسلی ہوئی تھی۔۔۔

"آئیم سوری رائم میری وجہ سے آپ کو اِتنی ٹینشن کا سامنا کرنا پڑا"

رُوحی رائم کی جانب دیکھتی اُداس سے لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"بے وقوف لڑکی میں شوہر ہوں تمہارا میں ٹینشن نہیں لوں گا تو کون لے گا ہاں آئیندہ ایسی بات کی تو مجھ سے بُرا کوئی نہیں ہو گا"

رائم کے دھمکی آمیز لہجے پہ رُوحی نا چاہتے ہوئے بھی مُسکرا دی تھی۔۔۔

"جس نے بھی تمہاری جان لینے کی کوشش کی ہے نا رُوحی قسم کھاتا ہوں اُسے اپنے زندہ رہنے پہ افسوس ہو گا اور یہ رائم دُرانی کا تم سے وعدہ ہے!"

رائم نے شدت بھرے لہجے میں کہتے رُوحی کے ہاتھ چوم لیے تھے جبکے رُوحی کا دِل بے ساختہ ہی یکبار گی سے دھڑک اُٹھا تھا۔۔۔

★★★

دانین ڈنر کر کے واپس اپنی گاڑی میں جو میر نے اُسے دِلائی تھی جانے والی تھی کہ عین وقت پہ دُرید خود آ گیا تھا میر ماہ نور نے اُسے ڈنر پہ رُوک لیا تھا اُسے کا دِل تو بالکل بھی نہیں تھا کیوں کے دانین کہی گئی باتوں کا اثر ابھی بھی زائل نہیں ہوا تھا لیکن پھر وہ اُن دُونوں کے بے حد اصرار پہ رُک گیا تھا۔۔۔

"اوکے چاچو پھر اجازت دیں ہمیں چلنا چاہیے کافی ٹائم ہو گیا ہے"

"ٹھیک ہے بیٹا خیر سے جاؤ دُونوں"

میر مُسکرا کے کہتے ہوئے دُرید سے بغل گیر ہوا تھا۔۔۔

★★★

"میں اپنی گاڑی میں آجاوں گی آپ کو یہ زحمت کرنے کی ضرورت نہیں ہے"

دانین پورچ میں آتی گویا ہوئی تھی کہ دُرید کی سبز آنکھیں سُرخی مائل ہوئی تھیں۔۔۔

"مانتا ہوں میں کہ تم ایک بہت بڑی اداکارہ ہو لیکن اِس وقت میں تمہارا کوئی بھی ڈرامہ دیکھنے کے موڈ میں نہیں ہوں اسلیے چُپ چاپ گاڑی میں بیٹھو"

دُرید سرد لہجے میں گویا ہوا تھا اُسکا غُصہ دانین پہ سے اب تک نہیں اُترا تھا۔۔۔

"کیا کہا ڈرامے کرتی ہوں ہاں جب اِتنے ہی تنگ ہو تو چھوڑ کیوں نہیں دیتے مجھے کیوں زبردستی باندھ کے رکھا ہوا ہے مجھے" دانین کے چیخنے پہ دُرید نے لہو رنگ آنکھوں سمیت اُس کی جانب دیکھا اور پھر ایک ہی جست میں آگے بڑھ کے اُسکو اُٹھا گیا تھا۔۔۔

"واٹ دا ہیل از دِس اُتارو مجھے دُرید کیا طریقہ ہے یہ"

دانین کے چیخنے کا بھی اثر نا ہوا اُسپر اُسے گاڑی میں بیٹھا خُود فرنٹ سیٹ سنبھال گیا تھا۔۔۔

★★★

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"میں کہتی ہوں گاڑی رُو کو دُرید سمجھ نہیں آ رہی ہے تمھیں ہاں گھٹیا انسان جانور کہیں کے بہرے ہو گئے ہو کیا سُنائی نہیں دے رہا کیا تمھیں میں کہتی ہو رُو کو گاڑی نہیں جانا مجھے تمہارے ساتھ کہیں بھی"

دانین نے غُراتے ہوئے دُرید کے ساتھ سیٹرنگ پہ ہاتھ رکھا تھا تاکہ گاڑی رُوک سکے اور بیک وقت ہی دُرید کا بیلنس بگڑا تھا اور گاڑی سامنے موجود درخت کے ساتھ جا ٹکرائی تھی۔۔۔

★★★

ازمیر اسوقت ہاتھ میں سگریٹ تھامے اپنے کمرے میں بے چینی سے ٹہل رہا تھا آئرہ کی باتوں نے اُسکی نیند اُڑا دی تھی وہ سوچ نہیں سکتا تھا کہ وہ اُسے اِس حد تک ناپسند کرتی ہے وہ اِسی اِثنا میں کھڑا تھا جب ہی اُسکے موبائل پہ کال آنے لگی تھی۔۔۔

"آپ میر ارسلان بٹ بات کر رہے ہیں؟"

"جی جی میں ازمیر ہی ہوں آپ کون؟"

"آپ جلدی آ جایئے یہاں دُرید دُرانی نامی کسی شخص کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے اُنکے ساتھ ایک لڑکی بھی ہیں دُونوں ہی زخمی ہیں"

"میں آ رہا ہوں مجھے لوکیشن فارورڈ کر دیں پلیز"

ازمیر پریشانی کے عالم میں کہہ کر سائیڈ ڈراپہ رکھی اپنی گاڑی کی چابیاں اور والٹ اُٹھاتے نیچے کی جانب بھاگا تھا۔۔۔

★★★

ازمیر سٹی ہاسپٹل پہنچ چُکا تھا ڈاکٹرز کے مطابق دانین کو تو کم چوٹیں آئی تھیں لیکن دُرید کے سر

کی چوٹ گہری تھی ازمیر پریشانی کے عالم میں ایمرجینسی رُوم کے باہر ٹہل رہا تھا جب ڈاکٹر باہر آیا تھا۔۔۔

"ڈاکٹر پیشنٹ کیسے ہیں اب ٹھیک ہیں ناوہ"؟

"جی اُنکی مسز کو تو ہوش آچُکا ہے لیکن وہ اب تک بے ہوش ہیں آپ دُعا کریئے اللہ سب بہتر کرے گا"!

ڈاکٹر کہہ کر آگے کی جانب بڑھ گیا تھا ازمیر نے ایک کلائی پہ بندھی گھڑی پہ ڈالی جو دس بجارہی تھی اُسنے ابھی تک کسی کو انفارم بھی نہیں کیا تھا لہذا بجائے کسی اور کے اُسنے دائم کو کال ملائی تھی۔۔۔

★★★

بالآخر دو گھنٹے کے بعد دُرید کو ہوش آگیا تھا ازمیر دانین سے مل چُکا تھا اور اب دُرید سے ملنے جارہا تھا کہ دانین اُسے رُوکتے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"بھائی میں بھی ساتھ چلوں گی"

"لیکن نین تم آل ریڈی خُود زخمی ہو تم ابھی ریسٹ کرو بعد میں مل لینانا"

"نہیں بھائی مجھے اُسے دیکھے بنا چین نہیں آرہا ہے اور میں ٹھیک ہوں پلیز"

دانین کے کہنے پہ ازمیر سر کو اثبات میں ہلا گیا تھا۔۔۔

★★★

"کیسا فیل کررہے ہیں بھائی"؟

ازمیر دُرید کی جانب دیکھتے گویا ہوا جسکے سر پہ پٹی ہوئی وی تھی۔۔۔

"ٹھیک ہوں اب الحمدللہ اور تمہاری بہن کیسی ہے"؟

دُرید ناچاہتے ہوئے بھی پُوچھ بیٹھا اُس دِل کا کیا کرتا جو اُس دُشمنِ جاں سے شدتِ محبت کر بیٹھا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"آ گئی ہے دیکھ لیں خُود ہی"

ازمیر نے دانین کی جانب دیکھتے کہا جو اُس سے تھوڑا دُور کھڑی تھی۔۔۔

"دُرید کیسے ہیں آپ ٹھیک ہیں نا یہ کہیں درد تو نہیں ہو رہا آپکو"؟

دانین پریشانی کے عالم میں دُرید کا چہرہ تھامتے ہوئے پُوچھنے لگی کہ دُرید حیرانگی کے عالم میں اُس دیکھے گیا کچھ ٹائم پہلے وہ کسطرح سے بات کر رہی تھی اور اب یہ اچانک سے دیوانگی دُرید کو سمجھ نا آیا تھا۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں تمھیں زیادہ تو نہیں لگی نا"؟

دُرید گہری نگاہ دانین پہ ڈالتا پُوچھنے لگا تھا۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں"

دانین شرمندہ سے لہجے میں گویا ہوئی تھی۔۔۔

"آپ دُونوں کا ایکسیڈنٹ کیسے ہوا تھا ہاں"؟

ازمیر کے پُوچھنے پہ دانین بے چینی سے پہلو بدل کے رہ گئی تھی۔۔۔

"وہ دراصل مُجھ سے بیلنس آوٹ ہو گیا تھا اسلیے"

دُرید کے بہانہ گھڑنے پہ دانین مزید شرمندہ ہوئی تھی۔۔

"اچھا آپ دُونوں آرام کریں میں ہاسپٹل کی فارملیٹیز پُوری کر کے آتا ہوں"

ازمیر کہتا ہوا وہاں سے واک آوٹ کر گیا تھا۔۔۔

★★★

"ویسے تمھیں تو افسوس ہو رہا ہو گا نا میرے زندہ بچ جانے پہ ہے نا"؟

"دُرید پلیز"

دُرید کے کہنے پہ دانین تڑپ اُٹھی تھی۔۔۔

"کیا پلیز سچ ہی کہہ رہا ہوں جان چھوٹ جاتی نا اِس طرح تمہاری مُجھ سے اگر میں مر "

اِس سے پہلے کہ دُرید جُملہ مکمل کرتا دانین یکدم ہی اُسکے لبوں پہ اپنے لب رکھ گئی تھی کہ دُرید پہ تو جیسے حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے تھے ایک سیکنڈ بعد دانین نے لال چہرہ لیے پیچھے ہٹتے وہاں سے اُٹھنا چاہا تھا لیکن اُس سے پہلے ہی دُرید یکدم ہی اُسکی بازو کو جکڑتا پُوری شدت سے اُسکی سانسوں کو اپنی دسترس میں لے گیا تھا۔۔۔

★★★

اپی لیٹ آنے کی دو وجوہات ہیں پہلی آپکا ریسپانس دُوسری میری مصروفیات نیکسٹ اپی دُرید دانین مہندی سپیشل ہو گی اسلیے جلدی سے اپنا اچھا سا ریسپانس شو کریں شونے مونے ریڈرز 🥺🥰

باقی ساری اقساط کا لنک۔

https://www-kohnovelsurdu-com/2024/11/shiddat-e-muhabbat-season-2-by-nazia-rajpoot-html

1. **Whatsapp Group Link**

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

قسط 30

شدت محبت

سیزن 2

از قلم۔نازیہ راجپوت

Episode - 30

دانین مہندی لگوا چکی تھی اُس نے ایک نظر وال کلاک پہ ڈالی جو شام کے چھے بجا رہی تھی اُسنے نتاشا سے دُرید اور دانین ٹھیک ہو کر گھر واپس آچکے تھے اِس واقعے کو ایک ہفتہ بیت چُکا تھا اِس ایک ہفتے میں دانین نے دُرید سے کوئی بد تمیزی کوئی تلخ کلامی نہیں کی تھی نتاشا اُسے ہر روز میسیج کر کے یاد دِلاتی کہ وہ بس کسی طرح دُرید کو پُوری طرح قابو میں کر لے اب نتاشا کے دِل میں مزید لالچ آگئی تھی وہ دُرانی گروپ آف انڈسٹریز کو اپنے نام کروالینا چاہتی تھی اور دانین فل وقت اِس بات سے باخبر تھی اِس وقت شام کے سائے گہرے ہو رہے تھے دائم مشال رُوحی رائم اور دُرید دانین ایک ساتھ بیٹھے چائے سے لُطف اندوز ہو رہے تھے جبھی دائم نے دو خاکی لفافے اپنی پاکٹ سے نکالتے ایک رائم اور دُوسرا دُرید کو تھمایا تھا۔۔۔

"ڈیڈ یہ کیا ہے"؟

رائم نے دائم کی جانب دیکھ کر سوال کیا تھا۔۔۔

ہنی مون کے ٹکٹس میں اور مشال چاہتے ہیں کہ تم دُونوں بھائی اپنا ہنی مون اپنی بیویوں کے ہمراہ انجوائے کرو دراصل میں اور مشال تم دُونوں کو سرپرائز دینا چاہتے تھے۔۔۔

دائیم مُسکرا کے گویا ہوا تھا۔۔۔

"واو ڈیڈ یو گائز آر آوسم بھئی مجھے تو میری بیوی کے ساتھ وقت گزارنے کا ٹائم ہی نہیں ملتا یہ اچھا طریقہ ہے رومینس کرنے کا "

دُرید کی بے باکی پہ جہاں دائیم مُسکرا کے سر کو نفی میں ہلا گیا وہی دانین کانوں کی لو تک سُرخ پڑی اُس میں تو شرم حیا نام کی کوئی چیز ہی نہیں تھی۔۔۔

"تم لوگوں کی آج رات کی ہی فلائیٹ ہے پُورا ایک ویک ہو گا تم لوگوں کے پاس خُوب انجوائے کرنا اور ہاں یاد سے گرم کپڑے رکھ لینا ساتھ میں کیوں کے سوئیز لینڈ میں موسم سرد ہوتا زیادہ ابھی سے پیکنگ سٹارٹ کردو رات تک ہو جائے گی مکمل"

مشال کے ہدایات دینے پہ وہ لوگ سبھی مُسکرا کے سر کو ہاں میں ہلا گئے تھے۔۔۔

★★★

رائیم کمرے میں داخل ہوا تو رُوحی کو پیکنگ کرتے پایا تھا۔۔۔

"ہو گئی پیکنگ"؟

"جی بس ہو گئی ہے آپ دیکھ لیں کچھ اور تو نہیں رکھنا آپ کے لیے "

رُوحی مصروف سے انداز میں گویا ہوئی تھی کہ رائیم نے ایک گہری نگاہ اُس پر ڈالی تھی بلیو وائیٹ کلر کے کیجول سے شارٹ سی شرٹ اور ٹراوزر میں وہ بالوں کا رف سا جُوڑا بنائے کام میں جُتی ہوئی تھی۔۔۔

"تمہارے علاوہ کچھ اور دیکھائی دے تو دیکھوں نا"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔
www.kohnovelsurdu.com

رائیم جذبات سے بُوجھل لہجے میں گویا ہوتے یکدم ہی رُوحی کی کمر میں ہاتھ ڈالتا اُسے اپنے سینے سے لگا گیا تھا۔۔۔

"پی کہ آپ کیا کر رہے ہیں رائیم کمرے کا دروازہ کھلا ہے کوئی آجائے گا"

رُوحی دھڑکتے دِل سمیت رائیم کے سینے پہ ہاتھ رکھتے اُسے پیچھے کرنے کی کوشش کرتے بولی تھی۔۔۔

"تو بے شک آجائے بھئی میں اپنی حق حلال کی بیوی کے ساتھ رومینس کرنے میں مصروف ہوں تمھیں کیا لگتا ہے کہ رائیم دُرانی کو رُوحی رائیم دُرانی کے پاس آنے سے کوئی روک سکتا ہے کیا"؟

رائیم شدت بھرے لہجے میں کہتے ہوئے رُوحی کے بالوں سے نکلتی آوارہ لٹوں کو کان کے پیچھے کرتے ہوئے اُسے سٹپٹانے پہ مجبور کر گیا تھا۔۔۔

"رائیم آپ دیکھیں ہماری فلائیٹ کا ٹائم ہونے میں ایک گھنٹہ ہی باقی ہے مجھے اور آپ کو بھی تیار ہونا ہے اسلیے پلیز چھوڑ دیں مجھے"

رُوحی التجا کرتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"چلو بھئی ابھی کے لیے چھوڑ دیتے ہیں لیکن سویٹزرلینڈ کی سرد راتوں میں تو بالکل نہیں چھوڑنے والا میں تمھیں"

رائیم کی کہی گئی بے باک بات پہ رُوحی کے پُورے جسم کا خُون سمٹ کر اُسکے چہرے پہ آن ٹھہرا تھا رُوحی کے وہاں سے تیزی سے ہٹنے پہ رائیم قہقہہ لگانے پہ مجبور ہوا تھا۔۔۔

★★★

دُرید کمرے میں داخل ہوا تو دانین کو ڈریسنگ کے سامنے کھڑے پایا تھا بلیک جینز کے اُوپر وائیٹ کلر

کی ہائی نیک زیب تن کیے اور اُس پر بلیک کلر کا ہی لمبا کوٹ زیب تن کیے پاوں میں لونگ براون کلر کے شوز پہنے کنڈے بالوں کو کھلا چھوڑے میک اپ کے نام پہ کالی گہری آنکھوں میں کاجل کی ایک لکیر ڈالے لبوں پہ شاکنگ پنک کلر کی لپسٹک لگائے بنا کسی جیولری کے وہ تیار کھڑی کسی گہری سوچ میں گم تھی۔۔۔

"ہو گئی پیکنگ"؟

دُرید کے پُوچھنے پہ اُسکی سوچوں کا اِرتکاز ٹوٹا تھا۔۔۔

"جی ہو گئی ہے اور میں ریڈی بھی ہوں کب تک چلنا ہے"

دانین نے ایک نگاہ دُرید پہ ڈالی جو بلیو جینز پہ بلیک شرٹ پہنے اُس پر براون کلر کی لیدر کی جیکٹ پہنے گھنے کالے بالوں کو جیل سے سیٹ کیے بڑھی ہوئی بیئرڈ میں بہت دلکش لگ رہا تھا اُوپر سے اُسکی سرخ و سفید رنگت اور اُسکی پاگل کر دینے والی سبز آنکھیں جن سے وہ کسی کو بھی اپنا اسیر بنا لیتا تھا۔۔۔

"ہمم بس ابھی پندرہ منٹ میں نکلتے ہیں تم نے اپنے لیے گرم کپڑے رکھے ہیں نا تمھیں پتہ ہے نا تمھیں سردی لگتی ہے تو بیمار ہو جاتی ہو تم"

دُرید دانین کے پاس آتا اُسکا گال سہلاتا گویا ہوا جس کی بنا پہ دانین کے دِل کی دھڑکن بڑھی تھی۔۔۔

"آپ کو یاد تھا"؟

دانین بے ساختہ ہی سوال پُوچھ لیا تھا کہ دُرید آگے بڑھتا ہوا یکدم ہی اُسکی کمر میں ہاتھ ڈال گیا تھا۔۔۔

"تمھاری ہر ایک بات دُرید دُرانی کو حفظ ہے میری جان تمھیں کیا لگتا ہے اِن پچیس سالوں میں تمھیں بُھول گیا تھا؟ نہیں بلکہ تم سے بچھڑنے کے بعد مُجھ پہ یہ واضح ہوا کہ دُرید دُرانی کو اپنی لٹل فیری سے شدتِ محبت ہے"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

دُرید شدت بھرے لہجے میں کہتا دانین کے گال پہ اپنے لب رکھ گیا بئیرڈ چُبھنے کے سبب دانین سسکی تھی۔۔اِس سے پہلے کہ دُرید اُسکے لال ہوتے چہرے کو دیکھ کر مزید بہکتا رائیم کی آواز نے اُن دُونوں کو ہوش کی دُنیا میں لا پٹخا تھا۔۔۔

"بھائی یہ رومینس سویئزلینڈ جا کر کنٹنیو کر لیے گا ٹائم ہو گیا ہے ڈرائیور ویٹ کر رہا ہے"

رائیم مُسکرا کے کہتا نیچے کی جانب بڑھ گیا جب کے دانین خفت سے لال پڑتا چہرہ دُرید کے ہی سینے میں چُھپا گئی تھی۔۔۔

★★★

"ٹھیک ہے بیٹا خیر سے جاو اور خیر سے آو وہاں پہنچ کے سب سے پہلے تم لوگوں نے اپنی خیریت کی اِطلاع کرنی ہے اور تم چاروں نے ایک دُوسرے کا بے حد خیال رکھنا ہے ٹھیک ہے نا"؟

مشال کے کہنے پہ وہ مُسکرا کے سر کو ہاں میں ہلا گئے تھے۔۔۔

"دانین اور رُوحی بھابھی آپ دُونوں نے مجھے پکچرز سینڈ کرنی ہیں یاد سے اوکے"

آئرہ کے کہنے پہ وہ لوگ خُوبصورتی سے مُسکرائے تھے۔۔

★★★

وہ چاروں ائیرپورٹ پہ پہنچتے پلین میں بیٹھ چُکے تھے پلین میں بیٹھنے سے پہلے دانین نے نتاشا کو اپنے سویئزلینڈ جانے کا ٹیکسٹ کر دیا تھا۔۔۔

★★★

بالآخر وہ لوگ سویئزلینڈ کی سرزمین پہ اپنے قدم رکھ چُکے تھے پہلے پہل تو سفر کی اِتنی تھکن تھی کہ وہ

لوگ آتے ہی سو گئے تھے چونکہ دائم کا بزنس چونکے اب انٹرنیشنل لیول پہ بھی اسٹیبلیش ہو چُکا تھا تو بجائے کسی ہوٹل میں رُکنے کے بجائے وہ لوگ اپنے لگژری وِلا ہی میں ٹھہرے تھے پہنچتے ساتھ ہی دُرید نے مشال کو کال پہ اپنی خیریت بتادی تھی۔۔۔

★★★

رُوحی کی آنکھ کھلی تو رائم بیڈ پہ موجود نہیں تھا واشروم سے پانی کی آواز آرہی تھی تو وہ یقیناً شاور لے رہا تھا۔ کچھ پلوں کے توقف کے بعد وہ اُٹھی اور ایک نظر وال کلاک پہ ڈالی تھی جو صُبح کے دس بجا رہی تھی ابھی وہ اِسی اِثنا میں کھڑی تھی جب رائم باہر آیا تھا باتھ گاون پہنے وہ گیلے بالوں سمیت بہت دلکش دیکھائی دے رہا تھا۔۔۔

"ارے اُٹھ گئی تم ایسا کرو جلدی سے فریش اپ ہو جاو پھر بریک فاسٹ کر کے میں تمھیں ایک جگہ گھومانے لیجاوں گا۔۔"

" کہاں پہ لیجائیں گے ؟"

رُوحی مُسکرا کے رائم کو دیکھتی گویا ہوئی تھی۔۔۔

"دُور کہیں جہاں صرف میں اور تم ہو۔۔"

رائم گہرے لہجے میں کہتا یکدم ہی رُوحی کی کنپٹی چومتا واڈروب کی جانب بڑھ گیا تھا۔۔۔

★★★

لٹل فیری اُٹھ گئی ہو تم تو جلدی سے فریش اپ ہو جاو پھر میں تمھیں ایک خاص جگہ لیکر جاوں گا۔۔۔

ڈریسنگ کے سامنے کھڑا دُرید بالوں میں برش پھیرتا گویا ہوا تھا دانین نے ایک نظر اُس پر ڈالی وائیٹ کلر کی شرٹ پہ بلیک پینٹ زیب تن کیے اور براون لیڈر کی جیکٹ پہنے وہ بہت پیارا لگ رہا تھا۔۔۔

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

"کہاں لیکر جاوگے ہاں؟"

دانین دُرید کے پاس آتی گہری نگاہوں سے دیکھتی سوال کرنے لگی جواب اُسکی کمر میں ہاتھ ڈالتا اُسے خُود کے سینے سے لگا گیا تھا۔۔۔

"تمھیں پہاڑ تمھیں پسند ہیں نا وہی پہ لیکر جاوں گا"

دُرید کی بات سُنتے دانین مُسکرائے بنا رہ نا سکی تھی واقعی ہی میں اُسے اُسکے بارے میں اُس سے زیادہ علم تھا۔۔۔

"ٹھیک ہے میں ریڈی ہو جاوں پھر چلتے ہیں"

مُسکرا کے کہتی وہ دُرید کے دِل کی دھڑکنوں کو بڑھا گئی تھی۔۔۔

★★★

وہ چاروں اب نیچے ٹیبل پہ بیٹھے ناشتے میں مصروف تھے دانین بلیک کلر کی فُل شرٹ اور بلیو جینز پہنے اور اُوپر براون کلر کا کوٹ پہنے بلیک کلر کے ہی شُوز پہنے لائیٹ سے میک اپ میں بہت پیاری لگ رہی تھی اِس کے برعکس رُوحی پنک کلر کی فُل شرٹ وائیٹ کلر کی جینز پہنے اور اُوپر وائیٹ کلر کا ہی کوٹ پہنے پاوں میں بلیک کلر کے شُوز زیب تن کیے لائیٹ سے میک اپ میں بہت پیاری لگ رہی تھی اور رائم بلیک کلر کی شرٹ اور گرے جینز زیب تن کیے اور براون کلر کی جیکٹ زیب تن کیے بالوں کو سلیقے سے بنائے بہت ہینڈسم لگ رہا تھا وہ چاروں ناشتہ کرتے ایک ساتھ ایک ہی جگہ پہ گئے تھے وہ لوگ سوئیزلینڈ کے سب سے مشہور اور خُوبصورت پہاڑ پہ جسکا نام "زرمت" پہاڑ تھا اُسکی سیر کو گئے تھے یہ پہاڑ ہنی مون کپلز کے دیکھنے کے لیے ہی تھا یہاں کی فضائیں پُر سکون تھیں۔۔۔رائم اور رُوحی چلتے چلتے دُوسرے کونے میں آگئے تھے۔۔۔

"کیسا لگا یہ پہاڑ پھر؟" رائیم نے رُوحی کی جانب دیکھتے کہا تھا۔۔۔

"بہت خُوبصورت رائیم یہاں کی فضائیں یہاں کا سب کچھ کتنا پُرسکون ہے نا"

رُوحی مُسکرا کے نظریں سامنے کی جانب مرکوز کیے گویا ہوئی تھی۔۔۔

"واقعی ہی بہت خُوبصورت ہے"

رائیم رُوحی کے قریب ہوتا اُسکی جانب دیکھ کر کہتے ہوئے اُسکے ٹھنڈے گال پہ اپنے سُلگتے لب رکھتا گویا ہوا کہ رُوحی رائیم کی ہلکی بڑھی بیئرڈ کی چُبھن کو محسوس کر کے سسکتے دھڑکتے دِل کے ساتھ تھوڑا دُور ہوتے برف کی جانب بڑھی تھی فلحال یہاں دُور دُور اُن دُونوں کے علاوہ اور کوئی نا تھا رائیم نے ایک گہری نگاہ رُوحی پہ ڈالی اور پھر گنگنایا تھا کہ رُوحی نے دھڑکتے دِل کے ساتھ پیچھے پلٹ کے اُسکی جانب دیکھا تھا۔۔۔

"ہم یار ہیں تمہارے دِلدار ہیں تمہارے ہم سے ملا کرو

کہ ہم سے ملا کرو ہاں کوئی شکوہ اگر ہو یا شکایت

اگر ہو ہم سے گلہ کرو ہاں ہم سے گلہ کرو"

رائیم نے رُوحی کی جانب دیکھتے گنگنایا تھا۔۔۔

"ہم پیار ہیں تمہارے دِلدار ہیں تمہارے ہم سے ملا کرو

ہم سے ملا کرو ہاں کوئی شکوہ اگر ہو یا شکایت اگر ہو

ہم سے گلہ کرو ہاں ہم سے گلہ کرو"

رُوحی کی جانب دیکھتے گنگناتے ہوئے اُسکے قریب آئی تھی۔۔۔

"زُلفوں کو گرا کے پلکوں کو جُھکا نا

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

سیکھا ہے کہاں سے یہ جادو چلانا "

رائم یکدم ہی رُوحی کی بازو کو اپنی جانب کھینچتا اُس کی گردن میں چہرہ چُھپا کے گویا ہوا کہ رُوحی

ہنستے ہوئے اُس سے اپنا دامن چھڑواتی گنگنائی تھی۔۔۔

"آتا ہے تمھیں تو یوں باتیں بنانا جاو

جی ہٹو بھی چھوڑ دو یوں ستانا "

رُوحی کے کہنے پہ رائم نے گہری خُمار آلود نگاہوں سے اُس کی جانب دیکھا تھا ایک ہی جھٹکے میں اُسے اپنی جانب کھینچا کہ بیلنس بگڑنے کی وجہ سے یکدم ہی وہ دُونوں زمین پہ گرے تھے اب صورتِحال کچھ یوں تھی کہ رائم نیچے تھا اور رُوحی اُسکے اُوپر اور یکدم ہی رُوحی کی ہنسی چاروں اوور گونجی تھی۔۔۔

"چھا رہی ہے خُماری بڑھ رہی بے قراری

یوں نا ہنسا کرو کہ یوں نا ہنسا کرو"

اب کی رائم نے جذبات سے بُوجھل لہجے میں گویا ہوتے رُوحی کے اناری لبوں پہ جُھکنا چاہا لیکن رُوحی سُرعت سے پیچھے ہٹتے ہوئے اُٹھی تھی۔۔۔

"دیوانوں کے جیسے کرتے ہو شرارت

ہم کو تو پتہ ہے تیرے دِل کی حقیقت"

رُوحی سُریلی آواز میں گنگناتے ہوئے رائم کے دِل کا چین و قرار لوٹ گئی تھی۔۔۔

" سمجھو نا ذرا تم موسم کا اشارہ

ایسے تو اکیلے نا ہو گا گزارہ"

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔

رائیم شدتِ جذبات سے کہتے رُوحی کی کمر میں ہاتھ ڈالتا اُسکی ناک سے اپنی ناک مس کرنے لگا تھا کہ رُوحی دھڑکتے دِل کے ساتھ گنگناتے ہوئے پیچھے ہٹی تھی۔۔۔

"ایسے آہیں بھرو نا مستیاں یوں کرو نا

کہ ضد نا کیا کرو کہ ضد نا کیا کرو ہاں

ہم پیارے ہیں تمہارے دِلدار ہیں تمہارے

ہم سے ملا کرو وا ہم سے ملا کرو کوئی

شکوہ اگر ہو یا شکایت اگر ہو ہم سے

گلہ کرو ہم ہم سے گلہ کرو جان مینے

بھی پیار کیا ہے ہاں مینے بھی پیار کیا ہے"

رُوحی مُسکرا کے کہتے ہوئے اپنا سر رائیم کے سینے پہ ٹکا گئی دُونوں ہی کے چہروں نا ختم ہونے والی مُسکان در آئی تھی۔۔۔

★★★

باقی ساری اقساط کا لنک۔

https://www-kohnovelsurdu-com/2024/11/shiddat-e-muhabbat-season-2-by-nazia-rajpoot-html

1. **Whatsapp Group Link**

https://www.kohnovelsurdu.com/p/whatsapp-group.html

مزید اچھے اچھے ناولز پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔